DATA ENTERED
362

# ۷۳ اسلامی فرقے

## اور ان کی

# تاریخ و عقائد

الشاہ مفتی غلام سرور قادری

ناشر
مکتبہ مصباح القرآن لاہور
(جامعہ غوثیہ ٹرسٹ) مین مارکیٹ گلبرگ لاہور فون ۸۷۲۳۹۶۵

۲۹۷ ۱/۱ ۴
ع ۸ ۵ ۹

نام کتاب ____ ۷۳ تہتر فرقے
29046
2/2
تالیف ____ الشاہ مفتی غلام سرور قادری
طباعت ____ اوّل
مطبع ____ عباس سرور پرنٹنگ پریس لاہور
بار ____ اوّل سنہ ۱۴۰۹ھ - سنہ ۱۹۸۸ء ماہ جمادی الاو
تعاون ____ حضرت الحاج عبد الرشید قریشی ستارۂ خدمت
سرپرست ادارہ ہذا۔
ہدیہ ____
مقامِ اشاعت ____ دار العلوم غوثیہ رضویہ مین مارکیٹ گ
ناشر ____ مرکزی ادارہ مصباح القرآن لاہور

## ملنے کا پتہ

مکتبہ مصباح القرآن (رجسٹرڈ)
مین مارکیٹ گلبرگ - لاہور

# فہرست مضامین

صفحہ نمبر

پیش لفظ ۴
تمہید ۵
اختلاف ۸
اتفاق کو اپنانے اور اختلاف سے بچنے کا حکم، فروعی اختلاف ۱۲
اس دور کے فرقے ۱۴
عقائد میں اختلاف منع ہے ۱۵
طاہر القادری کا نقطۂ نظر کہ اختلافات فروعی ہیں ۲۵
خلاصہ یہ کہ ۲۸
حقیقت کیا ہے؟ مخالفین اہلسنت اور انکے عقائد ۲۹
تہتر ۷۳ اسلامی فرقے ۳۰
جنتی فرقہ صرف اہلسنت و جماعت ہے ۳۳
ہمارے ملک کے باطل فرقے ۳۴
فرقوں کے عقائد کی تفصیل ۳۶
فرقوں کے نام و عقائد ۳۷
میزان ۳۹
فرقہ ناجیہ، حضرت مجدد الف ثانی کا ارشاد، تین اہم فریضے ۴۰
فرقہ ناجیہ اور جماعت ۴۱
فرقہ معتزلہ ۴۲
فرقہ شیعہ ۴۴
فرقہ خوارج - نواصب ۴۵
فرقہ مرزائیہ - فرقہ پرویزیہ ۴۶
دیوبندی عقائد کہ خدا جھوٹ بول سکتا ہے ۴۷
امکان کذب کی دلیل اور اس کا جواب ۵۲
گنگوہی کا عقیدہ کہ خدا سے جھوٹ سرزد ہو گیا ۵۴
دیوبندیوں کے نزدیک اللہ کا کوئی کلام بھی جھوٹ سے خالی نہیں ۵۵
علماء دیوبند میں عقیدۂ معتزلہ کی ملاوٹ ۵۷
جناب محمود حسن صاحب دیوبندی کی دیانت ۵۸
ارشاد علامہ احمد سعید الکاظمی ۵۹
علماء دیوبند معتزلہ کی طرح علم الہی کے منکر ۶۰
علمائے دیوبند مجسمہ فرقہ بھی ہیں ۶۲
علماء دیوبند شانِ قرآن کے منکر ۶۳
امام احمد سعید الکاظمی کا فرمانِ ذیشان ۶۳
علماء دیوبند شانِ رسالت کے منکر ۶۴
خاتم النبیین کا من گھڑت معنی ۶۵
علماء دیوبند کے عقیدے کے ساتھ خاتم النبیین //
علمائے دیوبند کا عقیدہ کہ شیطان کا علم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ ہے (معاذ اللہ) ۶۹
علماء دیوبند کا اپنی طرف نبوت کی نسبت کا اطمینان ۷۱
حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لقب رحمۃ للعالمین کی توہین ۷۲
حرفِ حجت ۷۴
مسائل مروجہ کی دو قسمیں ۷۵
اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کا ارشاد گرامی نام نہاد اہلحدیث کے بارے میں ۷۷
داخلی فتنے ۷۹
روافض و غیر مقلدین ۸۰
وہابی کون ہیں؟ اور انکے عقائد کیا ہیں ۸۵
وہابی عقائد //
وہابی علماء کے نزدیک اس امت کے اکثر لوگ مشرک ہیں ۸۶
علماء و مشائخ اہل سنت کی تکفیر ۹۳
امام عبد الغنی نابلسی کا ان ائمہ کرام اور انکے منکرین کے بارے میں فرمان ۹۴
تبلیغی جماعت کے بزرگوں کا اقرار کہ وہ وہابی ہیں ۹۵
حرفِ آخر ۹۶

Marfat.com

# پیش لفظ

میرے واجب الاحترام حضرت الحاج عبدالرشید قریشی مدظلہ العالی ستارۂ خدمت و سرپرست ادارۂ ھذا و حضرت الحاج میاں ذکاء الرحمٰن سابق رکن مجلسِ شوریٰ پاکستان نے راقم سے بار بار فرمائش کی کہ اہلسنّت وجماعت کے علاوہ جو فرقے ہیں جنہیں ہم اہلسنّت گمراہ سمجھتے ہیں ان کے کچھ عقائد ان کی کتابوں کے حوالوں کے ساتھ کتابی صورت میں چھاپے جائیں تاکہ عوام اہلسنّت ان سے اپنے آپ کو محفوظ رکھیں اور تاکہ وہ فرقے خود اپنے خیالات پر نظر کریں۔ شاید انہیں اپنے غلط خیالات کا احساس ہو اور وہ توبہ کرکے راہِ راست پر آجائیں۔ لہٰذا ان بزرگوں کی فرمائش پر یہ کتاب لکھی گئی ہے۔ نیز راقم دردمندانہ طور پر تمام فرقوں سے عموماً اور علماءِ دیوبند سے خصوصاً اپیل کرتا ہے کہ وہ ان عقائد و خیالات پر مشتمل عبارتوں کو اپنی کتابوں سے نکال دیں جن کی ہم نے نشاندہی کر دی ہے اور ان عبارات سے رجوع اور اُن کے قائلین سے برأت کا اظہار و اعلان فرما کر اتحادِ امت کے لیے راستہ ہموار کریں کیونکہ وجہِ اختلاف و سببِ تنازع یہی خیالات اور عبارات ہیں۔ کاش کہ وہ بزرگانِ دیوبند ان عبارات کو سپردِ قلم نہ کرتے اور امت میں انتشار و افتراق کا بیج نہ بوتے۔ اب جبکہ وہ دنیا میں نہ رہے موجودہ حضرات علمائے دیوبند تو ان عبارات کو کتابوں سے نکال کر قائلین سے برأت کا اظہار و اعلان کر سکتے ہیں۔ اس اقدام میں انہیں اتحادِ ملت کا سچا داعی تصور کیا جائے گا اور روزِ آخرت ان کو سرخروئی بھی نصیب ہوگی۔

دعاگو

غلام سرور قادری

جامعہ [illegible]

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ ۔

## تمہید :

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ اس نے جنوں اور انسانوں کو اپنی عبادت و معرفت کے لیے ہی پیدا فرمایا اور اس میں شک نہیں کہ انسان اللہ تعالیٰ کی عبادت کا فریضہ انجام دینے اور اس کے عرفان و قرب کے حصول کے لیے اسکی ہدایت و راہنمائی کا ہی محتاج تھا۔ اگرچہ اس نے انسان کو عقل و شعور کی نعمت بخشی جس سے صحیح کام لیکر انسان اسکی ذات تک رسائی حاصل کر سکتا تھا مگر اسکی فیاضی اور لطف و کرم نے انسان کی دستگیری فرمائی کہ اس نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے انبیاء کرام کا سلسلہ جاری فرمایا پھر ان پر صحیفے اور کتابیں نازل کر کے ان کے ذریعے بندوں کو اعتقاد و عمل کا صحیح راستہ دکھلایا، عقل و شعور سے صحیح کام لینے والوں نے اس کے پیغمبروں کے ذریعے بھیجی گئی اسکی ہدایات و تعلیمات کو اپنے لیے مشعل راہ قرار دیا اور اس کی روشنی میں گامزن ہو گئے لیکن ان کے برعکس عقل و شعور سے صحیح کام نہ لینے والوں کج فہموں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے بھیجے ہوئے پیغمبروں کی تعلیمات کو پس پشت ڈالا اور شیطان کے پیروکار ہو گئے، رحمانیوں اور شیطانیوں کے درمیان جاری رہے حتیٰ کہ دور آخر الزماں حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا

Marfat.com

دنیا میں ظہور ہوا آپ اللہ تعالیٰ کے آخری رسول اور آخری نبی کی حیثیت سے مبعوث ہوئے۔ آپ کے بھی ماننے اور نہ ماننے والے دونوں گروہ ہوئے، ماننے والوں کو مومن اور نہ ماننے والوں کو کافر قرار دیا گیا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے آپ کے دین کو دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی بخشی جسے کفار جل اٹھے اور انہوں نے باہمی صلاح و مشورے سے اپنے چالاک اور عیار لوگوں کو ایمان و اسلام کا لبادہ اوڑھا کر مسلمانوں میں داخل کر دیا جن کے دلوں میں کفر اور زبانوں پر کلمۂ اسلام تھا۔ ان کا نام منافق رکھا گیا۔ ان منافقوں کا کام حضور صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے دین آپ کی شریعت اور آپ کے ماننے والوں کے خلاف سازش کرنا اور رخنہ اندازیاں کرنا تھا، اور بعض اوقات ان کی سازشوں سے بعض سادہ لوح مسلمان بھی متاثر ہو جاتے تھے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پردہ فرمانے کے بعد فتنۂ شہادتِ عثمان غنی رضی اللہ عنہ، فتنۂ ظہورِ خوارج و نواصب فتنۂ رفض و تشیع پھر فتنۂ اعتزال ایسے کئی فتنے پیدا ہوئے اور امت میں افتراق و انتشار کا باعث بنے پھر ان گمراہ فرقوں کے کچھ خیالات و افکار امام ابن تیمیہ اور ان کے شاگرد ابن قیم جوزیہ نے اپنائے پھر محمد بن عبدالوہاب نجدی ان سے متاثر ہوئے بلکہ ان سے کئی قدم آگے بڑھ گئے اور اپنے سوا سارے جہان کے مسلمانوں کو مشرک و کافر قرار دے کر ان کے قتل کو مباح اور ان کے مال کے لوٹ لینے کو جائز قرار دیا اور حرمین شریفین پر چڑھائی کر کے ہزاروں اہلسنت مسلمانوں کو شہید کیا مزارات گرائے۔ اور ہندوستان کے مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی نے جنہیں شاہ اسمٰعیل شہید کہا جاتا ہے جو دراصل غیور سنی مسلمان پٹھانوں کے ہاتھوں مارے گئے تھے۔ محمد بن عبدالوہاب نجدی کے وہابیانہ خیالات سے متاثر ہوئے اور اس کی کتاب "کتاب التوحید" کا اردو ترجمہ کر کے "تقویۃ الایمان" کے نام سے شائع کیا، پھر اس سے علماء دیوبند متاثر ہوئے

Marfat.com

چنانچہ فتاویٰ رشیدیہ کا حوالہ آئے گا۔ ادھر سے رافضیت و شیعیت نے اور دوسری طرف سے وہابیت نے، دیوبندی، جماعت اسلامی اور تبلیغی جماعت کے مختلف ناموں سے مسلمانوں کو اپنی لپیٹ میں لینا شروع کر دیا۔ اس لیے ضروری تھا کہ سنی مسلمانوں کو ان کے خطرناک عقائد سے آگاہ کیا جائے تاکہ وہ ان سے بچیں اور اپنی نسلوں کو بھی ان سے بچنے کی نہ صرف تاکید کریں بلکہ وصیتیں کرتے جائیں۔ اللہ تعالےٰ مسلمانوں کو ان کے شر سے بچائے۔ اور یاد رکھنا چاہیئے کہ یہ باطل فرقے ہمیشہ اتحاد کا درس دیتے ہیں اور اختلاف کو مٹانے کی تلقین کرتے ہیں مگر ہم سنی مسلمان بحمدہٖ تعالےٰ ان سے بڑھ کر اتحاد کے داعی اور اختلاف کے مٹانے کے حق میں ہیں مگر اس شرط پر کہ وہ اپنے باطل خیالات و افکار سے دستبردار ہوں جن کی ہم نے اس کتاب میں انکی کتابوں کے حوالوں سے نشاندہی کر دی ہے اور اگر وہ ان باطل نظریات کو اپنائے رکھنے پر مصر ہوں تو اہل سنت کے ساتھ بیٹھ کر علمی طریقے سے تبادلۂ خیال کریں۔ اہل سنت حاضر ہیں۔ فباللہ التوفیق۔

دعاگو مفتی غلام سرور قادری مؤسس و مہتمم جامعہ غوثیہ گلبرگ لاہور

۱۳ر نومبر ۱۹۸۸ء

## اختلاف

شروع شروع میں روئے زمین پر بسنے والوں میں کوئی اختلاف نہ تھا سب ایک ہی عقیدہ رکھتے تھے چنانچہ اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے :

| | |
|---|---|
| كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً | لوگ ایک دین پر تھے پھر اللہ نے |
| فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ | انبیائے بھیجے خوش خبری دیتے اور |
| وَمُنْذِرِيْنَ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ | ڈر سناتے اور ان کے ساتھ سچی کتاب |
| الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ | اُتاری کہ وہ لوگوں میں ان کے |
| بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ | اختلافوں کا فیصلہ کر دے اور کتاب |
| وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ | میں اختلاف انہیں نے ڈالا جن کو دی |
| اُوْتُوْهُ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ | گئی تھی بعد اُسکے کہ ان کے پاس |
| الْبَيِّنٰتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ فَهَدَى | روشن حکم آچکے آپس کی سرکشی سے تو |
| اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا | اللہ نے ایمان والوں کو وہ حق بات سُوجھا دی |
| فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ | جس میں جھگڑ رہے تھے اپنے حکم سے |
| مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ | اور اللہ جسے چاہے سیدھی راہ دکھا دے |
| (البقرہ : ۲۱۳) | (ترجمہ اعلیٰ حضرت بریلوی) |

حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ سے عہدِ نوح علیہ السلام تک سب لوگ ایک دین اور ایک شریعت پر تھے پھر ان میں اختلاف ہوا تو اللہ تعالےٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو مبعوث فرمایا یہ بعثت میں پہلے رسول ہیں۔

(خازن ج ۱ صفحہ ۲۰۰)

◎

ایک اور جگہ ارشاد فرمایا کہ:

وَمَا كَانَ النَّاسُ اِلَّا اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ط (یونس: ۱۹)
اور لوگ ایک ہی امت تھے پھر مختلف ہوئے۔

پھر مشیت ایزدی دیکھئے کہ لوگوں کے آزمانے کو ان میں اختلاف اور جھگڑے رونما ہوئے، تاکہ حق و باطل کی معرکہ آرائی میں حق پرست اور باطل پرست ایک دوسرے سے جدا ہوکر معرض ظہور میں آئیں۔ چنانچہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔

وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَا اٰتٰكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ط (المائدہ: ۴۸)
اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی امت کر دیتا مگر منظور یہ ہے کہ جو کچھ تمہیں دیا اس میں تمہیں آزمائے تو بھلائیوں کی طرف پہل کرو۔

اس میں بتایا گیا کہ اگر اللہ تعالےٰ چاہتا تو لوگوں کو اختلاف میں نہ پڑنے دیتا، ایک ہی عقیدہ پر رکھتا۔ جیسے بنی اسرائیل کو زبردستی طور پر اور جبری و قہری صورت میں تورات کو قبول کرا کر چھوڑا کہ ان پر طور پہاڑ کو اٹھا دیا اور وہ خوف کے مارے سجدہ میں گر گئے اور تورات کو قبول کر لیا۔ لیکن اللہ چاہتا تھا کہ اے لوگو! وہ تمہارا امتحان لے تاکہ ظاہر ہو جائے کہ ہر زمانہ کے مطابق و مناسب اس نے جو تمہیں احکام دیئے کیا تم ان پر صحیح یقین و اعتقاد کے ساتھ ان کو قبول کرتے اور عمل کرتے ہو یا حق کو چھوڑ کر خواہش نفس کے پیچھے چلتے ہو (کما فی ابی السعود)

ایک اور جگہ ارشاد فرمایا کہ:

وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَاءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ وَالظّٰلِمُوْنَ
اور اگر اللہ چاہتا تو ان سب کو ایک دین پر رکھتا لیکن اللہ تعالےٰ اپنی رحمت میں لیتا ہے جسے چاہے اور

Marfat.com

مَا لَهُمْ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ (الشوریٰ: ۸) — ظالموں کا نہ کوئی دوست ہے نہ مددگار۔

ایک اور جگہ فرمایا کہ

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ (هود: ۱۱۸)

اور اگر تمہارا رب چاہتا تو سب آدمیوں کو ایک ہی امت کر دیتا اور وہ ہمیشہ اختلاف میں رہیں گے مگر جن پر تمہارے رب نے رحم کیا اور لوگ اسی لیے بنائے ہیں۔

تفسیر قرطبی میں ہے کہ اگر اللہ چاہتا تو سب کو ایک ہی دین یعنی اسلام پر ایک ہی امت بنا دیتا اور لوگ ہمیشہ اختلاف میں رہیں گے لیکن جن پر اللہ نے رحم و کرم کیا، وہ ہدایت واعتقاد صحیح پر رہیں گے جبکہ دوسرے اختلاف میں پڑیں گے یعنی اپنا راستہ الگ اختیار کریں گے اور اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت کے مطابق اختلاف والوں کو اختلاف کے لئے اور رحمت والوں کو اتفاق کے لیے پیدا کیا، امام اشہب کہتے ہیں کہ میں نے امام مالکؒ سے اس آیت کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا کیا تاکہ ایک فریق جنت میں ہو اور دوسرا فریق جہنم میں اور اہلِ اختلاف کو اختلاف کے لیے اور اہلِ رحمت کو رحمت کے لیے پیدا کیا حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو دو فریق بنایا ایک فریق پر رحم کرتا ہے اور دوسرے پر رحم نہیں کرتا۔

(تفسیر قرطبی ج ۹ ص ۱۱۴ - ۱۱۵)

ایک اور جگہ ارشاد فرمایا۔

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ

اور اگر اللہ چاہتا تو تم کو ایک ہی امت بناتا لیکن اللہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہے اور ہدایت دیتا ہے جسے چاہے

Marfat.com

مَنْ یَّشَآءُ وَلَتُسْئَلُنَّ عَمَّا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (النحل: ۹۳)
اور ضرور تم سے تمہارے کاموں کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

یعنی اگر اللہ چاہتا تو تم کو ایک ہی امت بناتا اور تم سب ایک دین پر ہوتے لیکن اس نے امتحان لینے کو تمہیں تمہارے حال پر چھوڑ دیا جس سے تم اختلاف میں پڑے پھر جس پر اللہ کا فضل ہوا وہ ہدایت پر رہا اور جو اس کے فضل وکرم اور ہدایت کا طلبگار نہ ہوا اور ہدایت سے منہ پھیر لیا وہ گمراہ ہوا، اللہ تعالےٰ نے بھی اس سے فضل وکرم کو دور رکھا اور عدل کا مظاہرہ کیا، اور اسے گمراہی کی طرف جانے دیا۔

خلاصہ یہ کہ اللہ تعالےٰ کی مشیت یہی تھی کہ لوگ اپنی سوچ سے کام لیں اور حق و باطل کو خود پہچانیں کیونکہ ان پر حق و باطل کے راستے واضح کر دیئے گئے لہذا لوگوں کا اختلاف حکمتِ خداوندی اور مشیت ایزدی کے تحت ظہور میں آیا۔ جس نے ہدایت کا راستہ اختیار کیا وہ اہل حق (اہلِ سنت وجماعت) سے ہوا اور جنتی قرار پایا اور جس نے بصیرت اور صحیح فکر سے کام لینے کی بجائے تعصب و ہٹ دھرمی کا راستہ اختیار کیا وہ گمراہ اور جہنمی ٹھہرا۔ اور اللہ تعالیٰ کے فرمان "لَا یَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِیْنَ" (ہود آیت ۱۱۸) کہ لوگ ہمیشہ اختلاف میں رہیں گے" سے ظاہر و واضح ہوا کہ اختلاف کبھی ختم نہ ہوگا، حق و باطل کا معرکہ ہمیشہ قائم رہے گا اور لوگ ایک دین پر اکٹھے نہ ہوں گے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان کہ میری امت کے تہتر فرقے ہوں گے ان میں سے ایک جنتی اور بہتر دوزخی ہوں گے۔ قرآنی ارشادات کے عین مطابق ہے اور نیز قرآن کے فرمان " یُضِلُّ مَنْ یَّشَآءُ وَیَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ (النحل: ۹۳) سے معلوم ہوا کہ ایمان واعتقاد میں پایا جانے والا اختلاف، اہلِ حق کا اختلاف نہیں لہذا اسے فروعی اختلاف نہ سمجھا جائے بلکہ یہ سوء

Marfat.com

اختلاف ہے اور اہلِ حق اور اہل باطل کا اختلاف ہے لہٰذا سب کو ہدایت پر سمجھنا قرآن وسنت دونوں کے خلاف ہے ہاں اہلِ حق کا باہمی اختلاف فروعی اختلاف ہے کیونکہ یہ عقائد کا اختلاف نہیں فقہی جزئیات میں اختلاف ہے اسے "اِخْتِلَافُ اُمَّتِیْ رَحْمَۃٌ" فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق رحمت تصور کیا جائے گا اور اہلِ حق سے مراد صحابہ کرام اور ان کے پیروکار تابعین و اتباع تابعین اور ائمہ مجتہدین اور ان کے مقلدین ائمہ اہلِ سنت ہیں۔

## اِتفاق کو اپنانے اور اختلاف سے بچنے کا حکم

اللہ تعالیٰ نے دین اور اعتقاد میں اختلاف کرنے سے منع کیا ہے اور آپس میں اتفاق کا حکم دیا ہے، چنانچہ اس کا فرمان ہے کہ:

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّ لَا تَفَرَّقُوْا۔ (آلِ عمران: ۱۰۳)

اور اللہ کی رسی مضبوط تھام لو سب مل کر اور آپس میں پھوٹ نہ جانا۔

اس میں حکم دیا گیا کہ اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو، قرآن کریم، سنتِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور اجماع امت جس پر سوادِ اعظم ہیں۔ اللہ کی رسی ہے اور اس میں امت کو ایسے افعال وحرکات اور خیالات و افکار کو اپنانے سے منع کیا گیا ہے جو امت میں تفرقہ کا سبب ہوں۔ اس میں فقہی احکام و مسائل میں اختلاف جیسے ائمہ اربعہ کا اختلاف ہے، کی کوئی ممانعت ثابت نہیں ہوگی۔

## فروعی اختلاف

امام قرطبی فرماتے ہیں کہ:

وَلَیْسَ فیہ دلیل علی تحریم

اس آیت میں فروعی مسائل میں اختلاف

الاختلاف فی الفروع ، فان ذلك ليس اختلافا اذ الاختلاف ما يتعذر معه الائتلاف والجمع . واما حكم مسائل الاجتهاد فان الاختلاف فيها بسبب استخراج الفرائض ودقائق معانی الشرع وما زالت الصحابة يختلفون فی احكام الحوادث وهم مع ذلك متآلفون وقال رسول الله صلی الله علیه وسلم "اختلاف امتی رحمة " وانما منع الله اختلافا هو سبب الفساد روی الترمذی عن ابی هریرة رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال تفرقت الیهود علی احدی وسبعین فرقة او اثنتین وسبعین فرقة والنصاری مثل ذلك وتفترق امتی علی ثلاث وسبعین فرقة ، قال الترمذی هذا حدیث صحیح

( تفسیر القرطبی ج ۴ ص ۱۵۹ ).

کے حرام کئے جانے کی کوئی دلیل نہیں کیونکہ فروعی مسائل میں اختلاف، اختلاف ہی نہیں کیونکہ اختلاف وہ ہے جس کے ساتھ آپس میں جمع ہونا اور اکٹھے ہونا مشکل ہو اور رہا اجتہاد کے مسائل کا حکم تو بلاشبہ ان میں اختلاف فرائض واحکام اور شریعت کے دقیق معنوں کے استخراج واستنباط کی وجہ سے ہے اور صحابہ کرام نئے نئے پیش آنے والے واقعات کے احکام میں ہمیشہ اختلاف کرتے تھے اور اس کے باوجود وہ آپس میں ایک تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میری امت کا اختلاف رحمت ہے" اور اللہ تعالیٰ نے تو اس اختلاف سے منع کیا ہے جو فسادِ عقیدہ کا سبب ہو۔ امام ترمذی نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہود اکہتر یا بہتر فرقوں میں بٹ گئے اور نصاریٰ بھی اسی طرح، اور میری امت تہتر فرقوں میں بٹ جائیگی۔ امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

Marfat.com

اس سے معلوم ہوا کہ فقہاء کرام کا اجتہادی مسائل اور فقہی احکام میں اختلاف وہ اختلاف نہیں جسکی قرآن میں ممانعت ہے بلکہ اس سے وہ اختلاف مراد ہے جو عقائد میں ہو اور یہ اختلاف گمراہی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس اختلاف کو رحمت فرمایا یہ وہی فقہی اختلاف ہے، اس اختلاف سے دین میں وسعتیں پیدا ہوئی ہیں، جبکہ عقائد کے اختلاف میں وسعت کی بجائے تنگی اور عداوت و نفرت پیدا ہوتی ہے لہٰذا اسکی اجازت نہیں ہے۔

## اِس دور کے فرقے

رہا یہ سوال کہ اس دور کے بعض فرقے ایسے ہیں جن کو ان بہتر فرقوں میں شامل نہیں کیا گیا، اور شامل کر لیا جائے تو انکی تعداد بڑھ جائے گی۔ پھر حدیث مذکور کا مفہوم مبہم ہو جاتا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ان بعض فرقوں کے عقائد دراصل ان گمراہ فرقوں سے ہی جا ملتے ہیں۔ مثلاً دیوبندی، تبلیغی، اور مودودی وغیرہ کے عقائد معتزلیوں اور خارجیوں سے جا ملتے ہیں۔ اس لیے یہ ان فرقوں میں ہی شامل ہیں انکی الگ حیثیت متصور کرنے کی کوئی ضرورت نہیں "کل شیء یرجع الی اصلہ" قاعدہ کے تحت یہ انہیں میں ہی شمار ہوں گے۔

## عقائد میں اختلاف منع ہے

امام فخرالدین رازی علیہ الرحمۃ اللہ تعالیٰ کے ارشادِ گرامی " وَ لَا تَفَرَّقُوْا " کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ "اس آیت میں دو مسئلے ہیں پہلا یہ کہ آیت کی کئی ایک تعبیرات ہیں پہلی یہ کہ اس میں دین و عقیدہ میں اختلاف کرنے کی ممانعت فرمائی گئی ہے اور یہ ممانعت اس لیے ہے کہ اختلاف میں حق ایک طرف ہی ہوگا اور حق کے سوا جو کچھ ہوگا وہ جہل اور گمراہی ہوگی۔ جب یہ بات اسی طرح ہوئی تو ضروری ہے کہ " لَا تَفَرَّقُوْا "، کی نہی و ممانعت دین و عقیدے سے متعلق ہو چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے " فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلَال "، کہ حق کے بعد گمراہی کے سوا کیا ہے؟" اس کے بعد امام رازی فرماتے ہیں کہ

"حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ میری اُمت کے کچھ اوپر ستر فرقے ہوں گے ناجی (نجات پانے والا جنتی) فرقہ ان میں سے ایک ہی ہوگا اور باقی دوزخی ہوں گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ وہ ناجی فرقہ کون سا ہوگا؟ آپ نے فرمایا "الجماعۃ" وہ (اہلِ سُنت و) جماعت ہوگا اور ایک روایت میں ہے کہ وہ "سواد اعظم"، یعنی (علماء کرام کی) بڑی اکثریت ہوگی اور ایک روایت میں ہے کہ " ما انا علیہ و اصحابی " یعنی وہ فرقہ جو میرے بعد میرے صحابہ کے عقیدہ و مسلک پر ہوگا" اور یہ بات قرینِ قیاس بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اختلاف سے منع فرمانا اور اتفاق کو اپنانے کا فرمانا اس بات کی دلیل ٹھہرتا ہے کہ حق ایک (طرف ہی) ہے اور جب حق ایک ہوا تو فرقۂ ناجیہ (جنتی گروہ) بھی ایک ہی ہوگا"

امام قرطبی علیہ الرحمۃ احکام القرآن میں فرماتے ہیں کہ :

"اللہ تعالیٰ باہمی محبت و الفت، اتحاد اور اتفاق کو اختیار کرنے کا حکم فرماتا اور آپس میں اختلاف کرنے سے منع کرتا ہے کیونکہ باہمی اختلاف

Marfat.com

(عقیدے میں اختلاف کرنا) ہلاکت ہے اور جماعت (سب کا ایک عقیدے و ایمان پر جمع ہونا) نجات ہے۔ امام عبداللہ بن مبارک پر اللہ تعالیٰ رحم فرمائے کہ انہوں نے فرمایا: شعر

اِنَّ الجماعۃ حبلُ اللہِ فاعتصموا۔ منہ بعروتہ الوُثقیٰ لمن دانا

بے شک جماعت اللہ کی رسی ہے اسے مضبوطی سے تھام لو اس کی مضبوط گرہ کے ساتھ، یہ حکم اس شخص کے لیے ہے جو دین رکھتا ہے۔"

امام قرطبی علیہ الرحمۃ اس کے بعد فرماتے ہیں:

"وَلَا تَفَرَّقُوا۔ (یعنی فی دینکم) یعنی اپنے دین و ایمان و اعتقاد میں پھٹ نہ جانا جیسے یہود و نصاریٰ اپنے ادیان و عقائد میں پھٹ گئے۔ سیدنا ابن مسعود وغیرہ سے مروی ہے کہ یہ معنی بھی ہو سکتا ہے کہ یہودیوں کی مختلف اغراض و خواہشات کے پیرو ہو کر آپس میں پھٹ نہ جاؤ اور "کونوا فی دین اللہ اخوانا" دینِ خداوندی میں بھائی بھائی ہو جاؤ۔"

پھر فرماتے ہیں کہ:

"اس میں آپس میں فروعی (فقہی) اختلاف (جو آئمہ مجتہدین اور علماء میں پایا جاتا ہے اس) کے حرام قرار دیئے جانے کی دلیل نہیں ہے کیونکہ یہ اختلاف (ممنوع) نہیں ہے کیونکہ اختلاف (ممنوع) وہ ہے جس کے ہوتے ہوئے آپس میں اکٹھا ہونا مشکل ہو اور رہا اجتہاد کے مسائل کا حکم تو ان میں اختلاف احکام کے استخراج و استنباط اور شریعت کے معانی کے نکات و دقائق کے سبب سے ہے اور صحابہ کرام نئے نئے پیدا ہونے والے احکام و مسائل میں باہم اختلاف کرتے تھے اور اس کے باوجود وہ آپس میں اکٹھے ہوتے اور ایک ہوتے تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اختلافُ امتی رحمۃ" "میری اُمت کا (فقہی) اختلاف رحمت ہے اور

اور اللہ تعالیٰ نے اس اختلاف سے منع فرمایا جو فساد کا سبب ہے اور امام ترمذی نے حضرت ابوہریرہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "یہود اکھتر یا بہتر فرقوں میں بٹ گئے اور نصاریٰ بھی اسی طرح فرقوں میں بٹ گئے اور میری اُمت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی" اور امام ترمذی نے فرمایا کہ "ھٰذا حدیثٌ صحیحٌ" یہ حدیث صحیح ہے"

امام قرطبی علیہ رحمۃ اس کے بعد فرماتے ہیں۔

ہم ان فرقوں کے باہمی اختلاف وافتراق کو اچھی طرح جانتے پہچانتے ہیں اور ان فرقوں کے اصول (جڑھوں) کو بھی جہاں سے وہ پیدا ہوئے پھر بٹ گئے اور یہ بھی جانتے ہیں کہ ان فرقوں میں سے ہر فرقہ آگے کئی ایک فرقوں میں بٹ گیا اگرچہ ہم نے اپنی تفسیر میں ان فرقوں کا اور ان کے عقائد کا تفصیلی احاطہ نہیں کیا تاہم ان فرقوں کے اصول (جڑھیں) ہم پر واضح ہو چکے۔ وہ یہ ہیں۔

12

(۱) حرودیہ (۲) قدریہ (۳) جہمیہ (۴) مرجیہ (۵) رافضہ (۶) جبریہ۔

اور بعض اہل علم نے فرمایا کہ گمراہ فرقوں کے بنیادی فرقے یہ چھ فرقے ہیں اور ان میں سے ہر فرقہ بارہ فرقوں میں بٹ گیا۔ یوں ان کے بہتر فرقے ہو گئے۔ حرودیہ بارہ فرقوں میں تقسیم ہوا جن میں سے پہلا فرقہ "ازرقیہ" جن کا عقیدہ ہے کہ ہم کسی کو مؤمن نہیں جانتے۔ انہوں نے اہل قبلہ کو کافر قرار دیا سوائے اس کے جو ان کا ہمنوا ہوا۔ دوسرا فرقہ اباضیہ ہے جن کا عقیدہ ہے کہ جو ہمارا ہم خیال ہوا وہ مؤمن ہے اور جو ان سے منحرف ہوا وہ منافق ہے۔ (۳) ثعلبیہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کوئی قضاء وقدر نہیں فرمائی یعنی یہ فرقہ اللہ تعالیٰ کی قضاء وقدر (تقدیر) کا منکر ہے۔ (۴) خازمیہ کہتا ہے کہ ہم نہیں جانتے کہ ایمان کیا ہے اور تمام مخلوق معذور ہے۔ (۵) خلفیہ فرقہ کہتا ہے کہ جس نے جہاد چھوڑ دیا خواہ مرد ہو یا عورت، کافر ہو گیا (۶) کوزیہ فرقہ کے لوگ کہتے ہیں کہ کسی کو جائز نہیں کہ وہ کسی دوسرے کو چھوئے کیونکہ وہ طاہر اور نجس

Marfat.com

کے درمیان فرق کو نہیں جانتے اور کسی کو جائز نہیں کہ وہ کسی کو کھلائے جب تک وہ توبہ اور غسل نہ کرے۔ (۷) کنزیہ کہتے ہیں کہ کسی کے لیے گنجائش نہیں کہ وہ اپنا مال کسی کو دے کیونکہ بعض اوقات وہ مستحق نہیں ہوتا بلکہ اپنے مال کو زمین میں دفن کردے یہاں تک کہ حق والا ظاہر ہو جائے (۸) شمراخیہ کہتے ہیں کہ اجنبی عورتوں کو چھوتے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ عورتیں پھول ہیں (۹) اخنسیہ کہتے ہیں کہ میت کو مرنے کے بعد کوئی بھلائی اور برائی نہیں پہنچتی (۱۰) حکمیہ کہتے ہیں کہ جس نے مخلوق کو حاکم بنایا اور اس کا حکم مانا وہ کافر ہے (۱۱) معتزلہ کہتے ہیں کہ ہم پر علی و معاویہ کا معاملہ خلط ملط و مبہم رہ گیا کہ ان میں کون حق پر تھا اور کون غلطی پر۔ لہٰذا ہم دونوں سے بیزار ہیں۔ (۱۲) میمونیہ کہتے ہیں کہ کوئی امام و سربراہ مملکت نہیں ہو سکتا مگر ہماری محبت والوں کی مرضی سے۔

سے اور قدریہ کے بارہ فرقے ہوئے:

(۱) احمریہ جن کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف عدل کی شرط یہ ہے کہ وہ اپنے بندوں کو ان کے معاملات کا مالک کردے اور ان کے گناہوں کے درمیان حائل ہو۔

(۲) ثنویہ کہتے ہیں کہ بھلائی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور برائی شیطان کی طرف سے ہے یعنی بھلائی کا خالق اللہ اور برائی کا شیطان ہے۔

(۳) معتزلہ کہتے ہیں کہ قرآن مخلوق ہے اور انہوں نے اللہ تعالیٰ کی صفات کا انکار کیا۔

(۴) کیسانیہ کہتے ہیں کہ ہمیں معلوم نہیں کہ یہ افعال اللہ کی طرف سے ہیں یا بندوں کی طرف سے ہیں اور ہمیں یہ بھی معلوم نہیں کہ اس کے بعد بندوں کو ثواب دیا جائے گا یا عذاب۔

(۵) شیطانیہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے شیطان کو پیدا نہیں کیا۔

(۶) شریکیہ کہتے ہیں کہ برائیاں کل کی کل تقدیر سے ہیں سوائے کفر کے۔

(۷) وہمیہ کہتے ہیں کہ مخلوق کے کاموں اور ان کے کلام کے لیے کوئی ذات نہیں یعنی ان کی کوئی حقیقت نہیں بلکہ جو کچھ ہے سب وہم ہے اور نیکی اور بدی کی بھی کوئی حقیقت

Marfat.com

نہیں سب وہم ہے۔

(۸) زیریہ کہتے ہیں کہ جو کتاب بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوئی اُس پر عمل کرنا حق ہے خواہ ناسخ ہو یا منسوخ۔

(۹) مسعدیہ کہتے ہیں کہ جس نے کوئی گناہ کیا پھر توبہ کی اس کی توبہ قبول نہیں کی جاتی۔

(۱۰) ناکثیہ کہتے ہیں کہ جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت توڑ دی اس پر کوئی گناہ نہیں۔

(۱۱) قاسطیہ کہتے ہیں کہ جو اللہ تعالیٰ کو کوئی چیز سمجھے وہ کافر ہے۔ انہوں نے اس عقیدے میں ابراہیم بن نظام کی اتباع کی۔

جہمیہ بھی بارہ فرقوں میں بٹ گئے۔

(۱) معطلہ کہتے ہیں کہ جو چیز انسان کے خیال و وہم میں آجائے وہ مخلوق ہے۔ اور جو دعویٰ کرے کہ اللہ تعالیٰ کا دیدار ہوتا ہے یا ہوگا وہ کافر ہے۔

(۲) مریسیہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی اکثر صفات مخلوق ہیں۔

(۳) ملتزقہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مکان کے اندر ہے۔

(۴) واردیہ کہتے ہیں کہ جس نے اپنے رب کو پہچانا وہ دوزخ میں داخل نہ ہوگا اور جو دوزخ میں داخل ہوا وہ کبھی بھی باہر نہ آئے گا۔

(۵) زنادقیہ کہتے ہیں کہ کسی کے لیے ممکن نہیں کہ وہ اپنے رب کو ثابت کرے کیونکہ اثبات، ادراکِ حواس کے بعد ہی ہوتا ہے اور جس کا ادراک نہ ہوسکے اسے ثابت نہیں کیا جاسکتا۔

(۶) حرقیہ کہتے ہیں کہ کافر کو دوزخ کی آگ ایک بار ہی جلائے گی پھر وہ ہمیشہ جلتا ہی رہے گا۔ اور دوزخ کی گرمی کو نہیں پائے گا۔

(۷) مخلوقیہ کہتے ہیں کہ قرآن مخلوق ہے۔

Marfat.com

(۸) فانیہ کہتے کہ جنت اور دوزخ فنا ہو جائیں گی اور ان میں سے بعض کا خیال یہ ہے کہ جنت اور دوزخ پیدا نہیں کی گئیں۔

(۹) عبیدیہ کہتے ہیں کہ کوئی رسول نہیں (جنہیں رسول کہا جاتا ہے) وہ تو حکما (دانشور) تھے۔

(۱۰) واقفیہ کہتے ہیں کہ ہم یہ بات نہیں کہتے کہ قرآن مخلوق ہے یا مخلوق نہیں ہے۔

(۱۱) قبریہ، قبر کے عذاب اور شفاعت کا انکار کرتے ہیں۔

(۱۲) لفظیہ کہتے ہیں ہمارا قرآن کے الفاظ بولنا مخلوق ہے۔

مرجیئہ کے بھی بارہ فرقے ہوئے۔

(۱) تارکیہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا بندوں پر، اسے ماننے کے سوا کوئی فریضہ نہیں تو جو شخص اس پر ایمان لایا وہ جو چاہے کرے۔

(۲) سائبیہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو آزادی دی ہے تاکہ وہ جو چاہیں کریں۔

(۳) راجیہ کہتے ہیں نیک کو نیک اور برے کو برا نہ کہا جائے کیونکہ ہمیں معلوم نہیں کہ اللہ کے ہاں اس کے لیے کیا ہے؟

(۴) سالبیہ کہتے ہیں نیکیاں ایمان سے نہیں (تعلق نہیں رکھتیں)

(۵) بہیشیہ کہتے ہیں کہ ایمان علم ہے اور جسے یہ علم نہیں کہ حق کیا ہے اور باطل کیا، حلال کیا ہے اور حرام کیا وہ کافر ہے۔

(۶) عملیہ کہتے ہیں کہ ایمان عمل کا نام ہے۔

(۷) منقوصیہ کہتے ہیں کہ ایمان نہ زیادہ ہوتا ہے اور نہ کم ہوتا ہے۔

(۸) مستثنیہ کہتے ہیں کہ استثناء ایمان کا حصہ ہے (یعنی بندے کو یوں کہنا چاہیئے کہ میں مؤمن ہوں اگر خدا نے چاہا۔ محض یوں نہ کہے کہ میں مؤمن ہوں) مشبہہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی آنکھ ہے آنکھ کی طرح اور اس کا ہاتھ ہے ہاتھ کی طرح۔

(۹) حشویہ کہتے ہیں کہ تمام حدیثوں کا ایک ہی حکم ہے پس ان کے نزدیک نفل کا تارک فرض

Marfat.com

کے تارک کی طرح ہے۔

(۱۰) ظاہریہ کہتے ہیں کہ قیاس کوئی چیز نہیں۔

(۱۱) بدعیہ وہ پہلا فرقہ ہے جس نے اس امت میں سب سے پہلے یہ بدعتیں پیدا کیں۔

[redacted] رافضہ کے بھی بارہ فرقے ہیں:

(۱) علویہ کہتے ہیں کہ رسالت و پیغمبری حضرت علی کے لیے تھی اور جبریل علیہ السلام سے بھول ہوگئی۔

(۲) آمریہ کہتے ہیں کہ حضرت علی، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رسالت و پیغمبری میں حصہ دار ہیں۔

(۳) شیعہ کہتے ہیں کہ علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصی ہیں (آپ نے ان کے حق میں وصیت فرمائی کہ آپ کے بعد وہی خلیفہ ہوں گے) اور اُمت نے کفر کیا کہ علی کو چھوڑ کر دوسروں (ابو بکر کی پھر عمر کی پھر عثمان) کی بیعت کی۔

(۴) اسحاقیہ کہتے ہیں کہ نبوّت و پیغمبری قیامت تک متصل (جاری و ساری) ہے اور جو شخص اہلِ بیت کا علم رکھتا ہے وہ پیغمبر ہے۔

(۵) ناؤوسیہ کہتے ہیں علی اُمت میں سب سے افضل ہے پس جو کسی اور کو علی سے افضل بتائے وہ کافر ہے۔

(۶) امامیہ کہتے ہیں کہ ممکن نہیں کہ دُنیا حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد میں سے کسی امام کے بغیر ہو اور امام کو جبریل علیہ السلام تعلیم دیتے ہیں پس جب اس امام کا انتقال ہوتا ہے تو اس کی جگہ نیا امام مقرر کیا جاتا ہے۔

(۷) زیدیہ کہتے ہیں کہ حسین رضی اللہ عنہ کی اولاد کل کے کل نماز میں امام ہیں پس جب ان میں سے کوئی پایا جائے ان کا نیک یا بُرا تو کسی اور کے پیچھے نماز جائز نہیں۔

(۸) عباسیہ کہتے ہیں کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ دوسروں کی نسبت خلافت کے زیادہ مستحق تھے۔

(۹) تناسخیہ کہتے ہیں کہ رُوحیں دُنیا میں واپس آتی ہیں تو جو نیک ہوگا تو اس کی روح

Marfat.com

خارج ہوکر ایک اور مخلوق میں داخل ہوتی عیش و آرام کی سعادت پاتی ہے۔

(۱۰) رجعیہ کہتے کہ حضرت علی اور ان کے ساتھی دنیا میں واپس آئیں گے اور اپنے دشمنوں سے بدلہ لیں گے۔

(۱۱) لاعنہ وہ ہیں جو حضرت عثمان وطلحہ و زبیر و معاویہ و ابوموسیٰ اشعری اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا وعنہم پر لعنت کرتے ہیں (معاذ اللہ)

(۱۲) متربصیہ جو عبادت گذاروں کی شکل سے مشابہت کرتے ہیں اور ہر دور میں ایک شخص کو مقرر کرتے اور اس کی طرف تمام اختیار کی نسبت کرتے اور اعتقاد رکھتے ہیں کہ وہ اس اُمت کا مہدی ہے تو جب اس کا انتقال ہوتا ہے تو کسی اور کو اس کی جگہ مقرر کرتے ہیں۔

جبریہ کے بھی بارہ فرقے ہوئے۔

(۱) مضطریہ کہتے ہیں کہ انسان کا کوئی کام نہیں بلکہ سب کچھ اللہ کرتا ہے۔

(۲) افعالیہ کہتے ہیں ہمارے کام ہیں لیکن ہمیں ان کی طاقت نہیں ہم تو جانوروں کی طرح ہیں۔ ہمیں رسی کے ساتھ کھینچا جاتا ہے۔

(۳) مفروغیہ کہتے ہیں کہ تمام اشیاء پیدا کی جا چکی ہیں اب کوئی چیز پیدا نہیں کی جاتی۔

(۴) نجاریہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فعل پر لوگوں کو عذاب دیتا ہے یا دے گا ان کے فعل پر نہیں۔

(۵) منانیہ کہتے ہیں کہ جو دل میں آئے اسے نہ چھوڑو تو جس میں بھلائی کی علامت پاؤ اسے کرو۔

(۶) کسبیہ کہتے ہیں کہ بندہ ثواب و عذاب نہیں کماتا۔ 29047

(۷) سابقیہ کہتے ہیں کہ جو شخص چاہے عمل کرے اور جو نہ چاہے عمل نہ کرے بے شک جنتی کو اس کے گناہ نقصان نہ دیں گے اور جہنمی کو اس کی نیکی فائدہ نہ دے گی۔

(۸) حبیہ کہتے ہیں کہ جس نے اللہ کی محبت کا جام نوش کر لیا اس سے ارکانِ اسلام

Marfat.com

(نماز و روزہ اور حج و زکوٰۃ) کی عبادت ساقط ہو گئی۔

(۹) نوفیہ کہتے ہیں کہ جس نے اللہ تعالیٰ سے محبت کی اسے اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کی کوئی گنجائش نہیں کیونکہ دوست دوست سے نہیں ڈرتا۔

(۱۰) فکریہ کہتے ہیں جو علم میں زیادہ ہو گا اسی قدر اس سے عبادت ساقط کر دی جاتی ہے۔

(۱۱) خشبیہ کہتے ہیں کہ دنیا بندوں کے درمیان برابر ہے ان کے درمیان اس چیز میں جس کا ان کے باپ آدم نے انہیں وارث بنایا کوئی تفاضل (کم و بیش کا معاملہ) نہیں۔

(۱۲) منیہ کہتے ہیں کہ ہماری طرف سے کام ہے اور ہمارے لیے استطاعت ہے۔

(تفسیر قرطبی سورۂ آل عمران)

**نوٹ:** تمام علماء اس پر متفق ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق آپ کی اُمت کے تہتر فرقے ہوئے اور ان میں ایک فرقہ جسے اہلسنت و جماعت کہتے ہیں جنتی ہیں باقی بہتر دوزخی ہیں امام قرطبی کی تفسیر نے ان بہتر فرقوں کے تھوڑے تھوڑے عقائد بیان کئے ہیں جنہیں ہم نے نقل کر دیا ہے ان کے علاوہ بھی ان کے عقائدِ مخصوصہ ہیں جن کی تفصیل امام شہرستانی کی الملل والنحل میں اور علامہ نجم الغنی رامپوری علیہ رحمۃ کی کتاب مذاہب اسلام میں موجود ہے نیز عزیزم مولانا عبدالرحمٰن جامی کی کتاب "الالماع فی قطعیۃ الاجماع" میں بھی تفصیل کی گئی ہے زیادہ تفصیل کے تلاشی اہل علم ان کتابوں کی طرف رجوع فرمائیں بالخصوص علامہ نجم الغنی کی کتاب مذاہب اسلام سے بہتر اس موضوع پر کوئی کتاب نہیں لکھی گئی۔ غرضیکہ ناجیہ (جنتی) فرقہ اہلسنت ہے اور دوسرے فرقے جہنمی ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی "یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْہٌ وَّ تَسْوَدُّ وُجُوْہٌ" (پارہ ۴ سورۂ آلِ عمران) کی تفسیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ:

Very Great book [illegible]

Marfat.com

تَبْيَضُّ وُجُوْهُ اهل السنة والجماعة — قیامت کے دن اہلِ سُنّت وجماعت کے چہرے روشن ہوں گے۔
وَتَسْوَدُّ وُجُوْهُ اهل البدع والضلالة — اور اہلِ بدعت وگمراہی کے چہرے سیاہ ہوں گے۔
(درِ منثور امام سیوطی)

اور یہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے جسے حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہم نے روایت کیا:

فرقہ طاہریہ:

یہ فرقہ پروفیسر طاہر القادری سے منسوب ہے اس میں کچھ اور بھی نام نہاد دانشور شریک ہیں۔ اس کے بانی اور زیادہ شہرت رکھنے والے ڈاکٹر پروفیسر طاہر القادری ہیں جو جھنگ سے تعلق رکھتے ہیں یہ بنیادی طور پر وکیل (ایل ایل بی) اور ایم۔ اے اسلامیات ہیں۔ انہوں نے لاہور میں ایک ادارہ منہاج القرآن کے نام سے بنایا ہے ان کا عقیدہ ہے کہ عورت کی دیت سو اونٹ ہے جیسے مرد کی دیت سو اُونٹ۔ یہ غیر نسوانی امور میں بھی اکیلی عورت کی گواہی کو کافی سمجھتے ہیں جبکہ یہ دونوں باتیں قرآن وسُنّت اجماع اُمّت کے خلاف ہیں۔ نیز ان کے نزدیک اجماع بھی حجت قطعی نہیں ہے اور یہ کہ بعد کے لوگ پہلے بزرگوں کے اجماع کو منسوخ کر سکتے ہیں اور یہ کہ ہر کس ناکس پڑھا لکھا آئمہ مجتہدین سے اختلاف کرنے کا حق رکھتا ہے اور یہ کہ آئمہ مجتہدین کی کوئی بات ان کے لیے مستند نہیں ہے۔ یہ بظاہر سُنی مسلک کا دعویٰ کرتے ہیں جبکہ عقائد اہلسنّت کے خلاف رکھتے ہیں اس سلسلہ میں راقم کی کتاب پروفیسر طاہر القادری کا علمی وتحقیقی جائزہ حصہ اوّل ودوم قابلِ دید ہے۔ اس کے مطالعہ سے اس فرقے کے بانی کی حقیقت پوری طرح واضح ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

# اسلامی فرقوں کے درمیان اختلافات کے بارے میں طاہر القادری کا نقطۂ نظر کہ یہ اختلافات فروعی ہیں۔

جناب طاہر القادری "فرقہ پرستی کا خاتمہ کیونکر ممکن ہے" میں لکھتے ہیں۔

۱۔ "مسلمانوں کے مختلف فرقے اور طبقے جو جسم ملت کے مختلف اعضا ہیں ایک دوسرے سے برسرِ پیکار ہو کر نہ صرف ملت کی اجتماعی سلامتی اور تحفظ کو معرضِ خطر میں ڈال رہے ہیں۔ بلکہ اپنے انفرادی تحفظات کو بھی تباہ و برباد کر رہے ہیں۔ مختلف طبقوں اور فرقوں کی مثال ندی نالوں کی سی ہے جو ایک ہی دریا سے فیضیاب ہو رہے ہیں۔ دریا کی روانی سے ہی ان کا بہاؤ جاری ہے۔ اگر دریا ہی خشک ہو گیا تو ان کا اپنا وجود کب برقرار رہے گا۔" (ص ۳۴)

پھر لکھتے ہیں

۲۔ آج شومئی قسمت سے حالت یہ ہو گئی ہے کہ ملتِ اسلامیہ مختلف طبقوں اور فرقوں میں منقسم ہو کر اپنے اپنے مسلک کے تحفظ کو اسلام کی سلامتی اور استحکام کا ضامن گردان رہی ہے۔ ہر مسلک کے پیرو اس حقیقت سے کلی طور پر اغماض برت رہے ہیں کہ اگر خدانخواستہ دشمن کے ہاتھ اسلام کے دامن تک پہنچ گئے اور خاکم بدہن محمد عربی کی ملت کو اجتماعی طور پر کوئی گزند پہنچ گیا تو تمہارے مسلکوں اور فرقوں کو کون سلامتی کی ضمانت دے گا؟۔ (ص ۴۴)

پھر لکھتے ہیں۔

۳۔ فرقہ پرستی کی تنگ ناؤں میں بھٹکنے والے ناعاقبت اندیش مسلمان کے لئے

Marfat.com

زوالِ بغداد کی تاریخ عبرتناک منظر پیش کر رہی ہے ـــــــ وزیر اعظم کی سیاست شیعہ مسلک کے گرد گھومتی تھی۔ جب کہ خلیفہ کا بیٹا ابوبکر سنی عقائد کا نقیب تھا دونوں (شیعہ و سنی) فرقے باہم دست و گریبان تھے۔ (ص ۴۵)

پھر لکھتے ہیں۔

۴۔ اس رستاخیز بربریت کے عالم میں شیعہ اور سُنی دونوں یکساں طور پر تاتاریوں کی چیرہ دستیوں کا نشانہ بنے ـــــــ اگر خدانخواستہ سرزمینِ پاک پر دشمن کے قدم پہنچ گئے اور وہ اپنے پنجے گاڑنے میں کامیاب ہوگیا تو ہمارا حشر بھی دوسروں سے مختلف نہ ہوگا پھر جو تباہی ہوگی اس میں نہ کوئی بریلوی بچ سکے گا نہ دیوبندی نہ کوئی اہلِ حدیث اور نہ کوئی شیعہ۔ (ص ۴۶)

پھر لکھتے ہیں۔

۵۔ یہ بات بھی اچھی طرح ذہن نشین کر لینی چاہیئے کہ خدا اور رسول نے کسی بھی فرقے اور مسلک کے نام پر جنت کا پروانہ جاری نہیں کیا۔ اگر کوئی اس زعم میں مبتلا ہو کہ وہ محض فلاں مسلک سے متعلق ہونے کی بنا پر جنت کا حقدار ہے تو یہ اس کی خام خیالی اور خود فریبی ہے بخشش اور مغفرت کا دارومدار کسی طبقے یا فرقے کے عنوان کی بنیاد پر نہیں بلکہ ہر شخص کے ذاتی عقیدے اور عملِ صالح کے باعث خدا کے فضل و کرم پر ہے یہ حقیقت ہے کہ وحدتِ ملی کے تصور کو فرقہ پرستی کے ہاتھوں ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا ہے اور پہنچ رہا ہے یہ لعنت ہماری زندگی کے لئے زہرِ ہلاہل کا درجہ رکھتی ہے لیکن اس سے بڑھ کر ظلم یہ ہے کہ ہم نے اپنے علمی اختلافات و نزاعات کا موضوع بھی ذاتِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بنا لیا ہے۔

(ص ۵۴ - ۵۵)

Marfat.com

پھر لکھتے ہیں۔

۶۔ "یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے کہ تمام اسلامی فرقوں کے درمیان بنیادی و اعتقادی قدریں سب مشترک ہیں۔ اسلامی عقائد کا سارا نظام انہی مشترک بنیادوں پر کھڑا ہے۔ مسلمانوں میں سے کوئی بھی کسی اور نبی یا رسول کی شریعت کا نہ انکار کرتا ہے نہ اسلام کے سوا کسی اور دین کو مانتا ہے۔ سب مسلمان توحید و رسالت، وحی اور کتب سماوی کے نزول، آخرت کے انعقاد ملائکہ کے وجود، حضور کی خاتمیت، نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کی فرضیت وغیرہ جیسے معتقدات اور اعمال پر یکساں ایمان رکھتے ہیں اور اگر کہیں اختلاف ہے تو فروعی حد تک صرف اور وہ بھی ان کی علمی تفصیلات اور کلامی تشریحات متعین کرنے میں ہے۔ اس سے عقائدِ اسلام کی بنیادوں پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

(صفحہ ۵۹)

پھر لکھتے ہیں

۷۔ "یہ کتنی حرماں نصیبی ہے کہ آج فرزندانِ توحید آقائے دوجہان کی اس سنت سے بہت دور چلے گئے ہیں۔ فرقہ بندی کی عصبیت سے وہ راہِ راست سے بھٹک گئے اور انتشار و افتراق کی گمراہ کن راہوں میں کھو گئے ہیں انہیں اتنا بھی شعور نہیں رہا کہ ان کے مابین سب بنیادی قدریں مشترک تھیں۔" (صہ ۲۰)

پھر لکھتے ہیں

۸۔ "آج کے مسلمان تو عملاً یہود سے بھی آگے گزر گئے ہیں کہ اپنے گروہی، مسلکی، جماعتی اور طبقاتی مفادات کی خاطر انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیم وحدت کا اتنا بھی پاس نہیں رہا کہ اسلام کی کشتی میں ہر فرقہ کشتیِ ملت کے تختوں کو اکھاڑ اکھاڑ کر سمندر میں پھینک رہا ہے اور کسی کو بھی اتنا خیال

Marfat.com

نہیں کہ اگر خدانخواستہ یہ کشتی ڈوب گئی تو وہ بھی سب اس کے ساتھ غرق ہو
جائیں گے۔" (ص۱۰)

پھر لکھتے ہیں:

۹۔ "آئیے ذرا ہم اپنی حالت پر غور کریں اور سوچیں کہ ہم میں سے کتنے ہیں جو
بغیر سوچے سمجھے ایک دوسرے کو کافر، مشرک، بدعتی، گستاخِ رسول، لعنتی
اور جہنمی کہہ رہے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اس تکفیر و تفسیق کی زد میں اگر سارے
آگئے تو پھر مسلمان کون بچے گا؟" (ص۱۰)

پھر لکھتے ہیں:

۱۰۔ "اسلامی تعلیمات سے والہانہ وابستگی رکھنے والا نوجوان مسلمان اپنے
گرد و پیش فرقہ پرستی کی دیواریں کھڑی دیکھتا ہے۔ تو وہ اسلام سے ہی بیزار
ہونے لگتا ہے۔ اسے بریلویت، دیوبندیت، اہل حدیثیت، شیعیت ایسے
تمام عنوانات سے وحشت ہونے لگتی ہے۔" (ص۱۱)

## خلاصہ یہ کہ

جناب طاہر القادری کی ان تمام عبارات کا خلاصہ یہ ہے کہ بریلوی
دیوبندی، اہلِ حدیث اور شیعہ حضرات کے درمیان عقائد کی بنیادیں مشترک ہیں۔ ان
میں کوئی اصولی اور بنیادی اختلاف نہیں ہے۔ بلکہ صرف فروعی اختلافات ہیں اُن سے
ان کے ایمان و عقیدے میں کوئی خرابی لازم نہیں آتی۔ طاہر القادری نے اس
تحقیق و نقطۂ نظر میں جسٹس سید محمد کرم شاہ الازہری کی پیروی کی ہے۔ کیونکہ جسٹس
صاحب اس سے قبل اپنی تفسیر ضیاء القرآن میں یہی کچھ لکھ چکے ہیں۔
(ملاحظہ ہو تفسیر ضیاء القرآن ج ۱ ص۱۱)

ڈاکٹر ... طاہر القادری ... ضیاء القرآن ...

# حقیقت کیا ہے ؟

## سُنی اور غیر سُنی کے درمیان اختلافات فروعی نہیں اصولی ہیں

☆

اہلِ سنت اور غیر اہلِ سنت خواہ وہابی (دیوبندی ہوں یا غیر مقلد اہلِ حدیث کہلانے والے ہوں یا شیعہ، ان کے درمیان اختلافات صرف فروعی نہیں اصولی اور بنیادی بھی ہیں۔

## مخالفین اہلسنت اور ان کے عقائد

اب ہم مخالفین اہلسنت اور ان کے عقائد خود ان کی اپنی کتابوں کے حوالوں سے سپردِ قلم کرتے ہیں۔ تاکہ عوام اہلسنت پروفیسر طاہر القادری ایسے لوگوں کے اس غلط نقطۂ نظر سے ہوشیار رہیں کہ ان کے اور اہلسنت کے درمیان عقائد میں بنیادی اختلافات نہیں ہیں۔

— . — . — . — . —

Marfat.com

# تہتر اسلامی فرقے

امام ترمذی علیہ الرحمۃ اپنی صحیح ترمذی میں بہ سند خود حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم قال "تفرقت الیھود علی احدی وسبعین فرقۃ او اثنتین وسبعین فرقۃ" والنصاریٰ مثل ذلک وتفترق امتی علی ثلاث وسبعین فرقۃ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہود اکہتر یا بہتر فرقوں میں بٹ گئے اور نصاریٰ اسی طرح میری امت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی۔

(صحیح ترمذی ج ۲ صـ ۸۸/۸۹)

امام ترمذی اس حدیث کو روایت کرنے کے بعد فرماتے ہیں اس باب میں حضرت سعد عبداللہ بن عمرو اور عوف بن مالک سے بھی روایت ہے اور حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث حدیث حسن صحیح ہے۔ اس کے بعد امام ترمذی حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ والی حدیث کو بہ سند خود روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

" میری اُمت پر ضرور ضرور وہ وقت آئے گا جو بنی اسرائیل پر آیا۔ بالکل اسی طرح یہاں تک کہ ان میں سے وہ بھی تھے جنہوں نے اپنی ماں کے ساتھ علانیہ بدکاری کی (اور میری امت میں سے ایسا ہوگا) جو یہ کام بھی کرے گا۔ اور بنی اسرائیل بہتر فرقوں میں بٹ گئے اور میری امت تہتر فرقوں میں

بٹ جائے گی سب کے سب دوزخ میں جائیں گے مگر ایک فرقہ۔ صحابہ نے عرض کی مَنْ هِیَ یَا رَسُولَ اللّٰہ ؟ اے خدا کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم)! وہ کونسا فرقہ ہوگا ؟ فرمایا یہ وہ فرقہ ہوگا جو میرے اور میرے صحابہ کے مسلک کا ہوگا) (صحیح ترمذی ج ۲ صہ ۸۹)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اہل سنت و جماعت بھی ایک فرقہ ہے جو کہتے ہیں کہ ہم (اہل سنت) فرقہ نہیں ہیں وہ اس حدیث پر غور کریں۔

امام ترمذی اس حدیث کو روایت کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن، غریب مفسر ہے۔ ہم اسے اسی طریق سے ہی پہچانتے ہیں۔ امام ترمذی علیہ الرحمۃ کا اس حدیث کو غریب کہنا اس بنا پر ہے کہ اس کی سند میں عبدالرحمن بن زیاد افریقی راوی ہیں اور وہ ضعیف ہیں اور اسے حسن اس لحاظ سے قرار دے رہے ہیں کہ اس باب میں دوسرے راویوں سے بھی ایسی احادیث مروی ہیں جن سے اسے تقویت پہنچتی لہٰذا یہ ضعیف سے ترقی کرکے حسن ہو جاتی ہے۔ کیونکہ حضرت عبداللہ بن عمرو والی اس حدیث کو امام حاکم نیشاپوری علیہ الرحمۃ نے اپنی مستدرک میں بھی بسند خود روایت کیا ہے۔ اس کے آخر میں یہ الفاظ ہیں " ما انا علیه الیوم واصحابی " یعنی ان تہتر میں سے جنتی فرقہ وہ ہوگا جو اس مسلک پر ہوگا جس پر آج میں اور میرے صحابہ ہیں۔

امام ابوداؤد نے اس حدیث کو اپنی صحیح کی کتاب السنۃ میں بسند خود مجملاً ابوہریرہ سے اور مفصلاً و مفسراً حضرت معاویہ بن ابی سفیان سے روایت کیا اس کے الفاظ کریہ درج ذیل ہیں کہ آپ ہم میں کھڑے ہوئے پھر فرمایا کہ

| | |
|---|---|
| " الا ان من قبلکم من اهل الکتاب افترقوا علی ثنتین وسبعین ملة وان هذه | خبردار بے شک تم سے پہلے جو اہل کتاب ہیں بہتر فرقوں میں بٹ گئے اور یہ ملت یعنی میری امت تہتر فرقوں میں بٹ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| الملة ستفترق على ثلاث وسبعين ثنتان و سبعون فی النار وواحد فی الجنة وهی الجماعة۔ وزاد ابن یحیی و عمرو فی حدیثیھما وانہ سیخرج فی امتی اقوام تتجاری بھم تلک الاھواء کما یتجاری الکلب لصاحبہ وقال عمرو بصاحبہ لایبقی منہ عرق ولامفصل الادخلہ | جائے گی، بہتر فرقے دوزخ میں اور ایک جنت میں جائے گا اور وہ (جنتی گروہ) جماعت ہے۔ اور ابن یحییٰ و عمرو نے اپنی دونوں حدیثوں میں اس قدر الفاظ زائد روایت کئے (آپ نے فرمایا) کہ میری امت میں کئی فرقے پیدا ہوں گے۔ جن میں یہ خواہشات (گمراہانہ عقائد) اسی طرح سرایت کر جائیں گی جس طرح ہڑک والے میں ہڑک (کُتے کے کاٹنے سے جو دیوانگی بیماری ہوتی ہے) سرایت کر جاتی ہے کہ کوئی اس کی کوئی رگ اور کوئی جوڑ باقی نہیں رہتا جس میں وہ داخل نہ ہو جائے |
| (سنن ابی داؤد ج ۲ صہ ۲۷۵) و مستدرک ج ۱ صہ ۱۲۸ - ۱۲۹) | |

اس حدیث کو امام ابن ماجہ قزوینی علیہ الرحمۃ نے بھی اپنی صحیح میں بہ سند خود حضرت ابوہریرہ سے اجمالاً اور حضرت عوف بن مالک سے تفصیلاً و تفسیراً روایت کیا۔ اس میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

"یہودیوں کے اکہتر ۷۱ فرقے ہوئے ان میں سے ایک جنتی اور ستر دوزخی ہوئے اور نصاریٰ کے بہتر ۷۲ فرقے ہوئے اور ایک جنتی بنا اور مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد کی جان ہے۔ میری امت کے تہتر فرقے ہوں گے پس ایک جنت میں جائے گا اور بہتر ۷۲ دوزخی ہوں گے۔ عرض کی گئی۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! وہ جنت میں جانے والا ذمرہ کون سا ہو گا؟ فرمایا " الجماعة "یعنی جماعت" اس کے بعد

امام ابن ماجہ نے اس حدیث کو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کیا۔ (صحیح ابن ماجہ صہ ۲۸۷)

اور اس امت کے تہتر فرقوں میں بٹ جانے، بہتر کے دوزخ اور ایک کے جنت میں جانے کے متعلق حدیث سنن دارمی میں بھی حضرت معاویہ سے مروی ہے (ج ۲ صہ ۱۵۸)

## جنتی فرقہ صرف اہل سنت وجماعت ہے

نیز امام علامہ، زاہد ناسم، فقیہ امت اور محدث ملت امام ابو اللیث نصر بن محمد ابراہیم سمرقندی علیہ الرحمۃ متوفی ۳۹۳ھ اسی حدیث تفرقہ کو اپنی مشہور کتاب تنبیہ الغافلین میں نقل کرتے ہیں۔ اس کے آخر میں یہ الفاظ ہیں کہ

وواحدۃ فی الجنۃ قالو یارسول اللہ ماھذہ الواحدۃ؟ قال اھل السنۃ والجماعۃ۔
(تنبیہ الغافلین صہ ۲۰۱)

وہ تمام فرقے دوزخ میں جائیں گے اور ایک جنت میں جائے گا۔ صحابہ نے عرض کی یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)! وہ جنتی گروہ کونسا ہوگا؟ فرمایا اہل سنت وجماعت۔

امام حاکم کی مستدرک میں اسی حدیث کو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کرکے فرماتے ہیں۔

ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم ولم یخرجاہ
(المستدرک ج ۱ صہ ۱۲۸)

(ترجمہ) یہ حدیث مسلم کی شرط پر صحیح ہے اور شیخین نے اس کی تخریج نہیں کی

Marfat.com

# ہمارے ملک کے باطل فرقے

اور ہمارے ملک کے مشہور فرقے جو فرقۂ ناجیہ یعنی اہل سنت و جماعت کے مقابلہ میں ہیں۔ ان میں دیوبندی فرقہ ہے۔ جن کے عقائد تفصیل سے علامہ کاظمی صاحب علیہ الرحمۃ نے الحق المبین میں بیان فرمادیئے ہیں۔ اس فرقے کے بانی جناب محمد قاسم نانوتوی و رشید احمد گنگوہی اور اشرف علی تھانوی ہیں۔ ان کا عقیدہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے بلکہ ہر برا کام کرسکتا ہے۔ مگر ایسا کرنے سے وہ خود ہی بچتا ہے تاکہ اس کی شانِ تقدیس مجروح نہ ہو جائے۔ اور یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اردو زبان مدرسہ دیوبند سے سیکھی، اور علمائے دیوبند سے آپ کو اردو زبان بولنا آگئی۔ اور یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم سے فرشتۂ موت اور شیطان کا علم زیادہ ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیوار کے پیچھے کا بھی پتہ نہ تھا۔ جب کہ شیطان کو پورے روئے زمین کا محیط علم حاصل ہے۔ اور یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جو علمِ غیب ہے یعنی خدا کے علوم کا بعض" ایسا علمِ غیب تو تمام جانوروں، بچوں اور پاگلوں کو بھی حاصل ہے" (معاذ اللہ) اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مر کر مٹی میں مل گئے (معاذ اللہ) اور یہ کہ قرآن کی آیتہ "ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین" کے معنی آخری نبی کے کرنا عوام کے خیال کے مطابق ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زمانہ کے اعتبار سے آخری نبی ہونا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے کوئی قابلِ تعریف بات نہیں" درحقیقت آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے آخری نبی ہونے کے معنی یہ ہیں کہ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) درجہ اور مرتبہ میں آخری ہستی ہیں۔ اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کوئی اور نبی پیدا ہو تو خاتمیت محمدی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں کوئی فرق نہ آئے گا اور یہ کہ حضور

* with out Reference Give Reference

(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے علاوہ چھ خاتم النبیین (آخری نبی) اور بھی ہیں۔ اور یہ کہ "رحمۃ للعالمین" (ساری کائنات کے لئے رحمت ہونا) ہر نیک آدمی ہو سکتا ہے اور یہ کہ اشرف علی تھانوی صاحب کے فلاں مرید جو عالم بھی تھے اپنے پیر تھانوی صاحب کے حق میں جوش عقیدت میں آکر " اللھم صل علی نبینا اشرف علی " اے اللہ ہمارے نبی اشرف علی تھانوی پر درود بھیج " پڑھ لیا یا پڑھتے رہے تو کوئی بات نہیں اور یہ کہ نماز میں حضور کے خیال کا آنا گدھے گھوڑے کے خیال سے بھی برا ہے بلکہ اس سے نماز بھی ٹوٹ جائے گی۔ یہ ان کی کتابوں میں لکھا ہے جو یہ ہیں۔ فتاویٰ رشیدیہ براہین قاطعہ، حفظ الایمان، تحذیر الناس دبلغۃ الحیران اور تقویۃ الایمان جہد المقل وغیرہ

دوسرا فرقہ جماعت اسلامی ہے۔ اس کے بانی کے عقائد بھی علماء دیوبند کے سے تھے مگر کچھ زائد مثلاً حنفی، شافعی، سُنی، دیوبندی، سب اُمتیں (گروہ) جہالت کی پیداوار ہیں اور یہ کہ اسلامی نظام ہمیں ریگستان عرب کے ایک ان پڑھ چرواہے نے دیا۔ (معاذ اللہ) (پردہ، خطبات و تجدید و احیاء دین وغیرہ)

تیسرا فرقہ شیعہ ہے یہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا صحابی و خلیفہ نہیں مانتے اور نہ ہی حضرت عمر و عثمان رضوان اللہ علیہم کو مانتے ہیں بلکہ ان کو منافق و مرتد کہتے ہیں اور ان بزرگوں کو بھلا برا کہنے کو جزو ایمان سمجھتے ہیں۔ قرآن کریم کو ناقص قرار دیتے ہیں۔ آئمہ اہل بیت کو جنہیں یہ آئمہ معصومین کہتے ہیں، انہیں انبیاء و مرسلین سابقین علیہم السلام سے افضل ٹھہراتے ہیں (ملاحظہ ہو عقائد شیعہ و رجال کشی و احتجاج طبرسی و مجمع البیان وغیرہ)

سورہ دھر

چوتھا فرقہ قادیانیوں کا ہے جو مرزا غلام احمد قادیانی کو جس نے نبوت کا دعویٰ کیا مسلمان، مجدد بلکہ ایک گروہ تو اسے نبی بھی مانتا ہے اور غلام احمد پرویز منکر حدیث تھا۔ اس نے طلوع اسلام کے نام سے اپنا مشن چلایا اور فوت ہو گیا۔ پاکستان میں یہ مشہور فرقے ہیں ان کے ساتھ اہل سنت کا اصولی اختلاف ہے۔ ان مندرجہ بالا عبارتوں اور عقیدوں کو جو کفریہ ہیں۔

Marfat.com

کفر نہ سمجھنا اور ان کے قائلین کو اس کا مرتکب قرار نہ دینا بلکہ ان کو فروعی اختلافات قرار دینا بجائے خود ایمان سے ہاتھ دھونے کے مترادف ہے۔ بعض لوگ جو اتحاد کا درس دیتے ہیں اور فرقہ داریت کے خاتمہ کے لئے نعرہ بلند کئے ہوئے ہیں بجائے خود ایک فرقہ بن رہے ہیں اور مسلک اہل سنت سے قطعاً و یقیناً خارج ہوکر راہِ راست سے دور جا چکے ہیں جو ان کی کتابیں پڑھ کر ان خیالات سے جن کے راقم نے حوالے پیش کئے ہیں آگاہ ہو کر ان کو سنی حنفی سمجھے وہ بھی سنی حنفی نہیں بلکہ ان کی طرح بھٹکا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ سب کو صحیح سمجھ دے بلکہ ہم تو سب فرقوں کے لئے دُعا کرتے ہیں کہ ان کو خدا تعالیٰ ہدایت دے اور نارِ جہنم میں لے جانے والے عقائد سے توبہ کرنے کی توفیق بخشے۔ آمین ؎

وفاداری مرا شیوہ۔ جفا کاری شعار ان کا
میں اپنی سی کیے جاؤں وہ اپنی سی کیے جائیں

## مختلف فرقوں کے عقائد کی تفصیل

اب ان مختلف فرقوں کے عقائد کی کچھ تفصیلات پیش کی جاتی ہیں۔ جن سے مزید واضح ہو جائے گا کہ

یہ کہنا کہ "تمام اسلامی فرقوں میں کوئی اصولی اختلاف نہیں بلکہ فروعی اختلاف ہے" سراسر غلط ہے بلکہ ثابت ہو جائے گا کہ اہل سنت اور دیگر فرقوں کے درمیان اختلاف فروعی ہی نہیں بلکہ عقائد کے بہت سے مسائل میں اصولی و بنیادی اختلاف بھی ہے۔

☆

# تہتر فرقوں کے نام و عقائد

مواقف و شرح مواقف و شرح مقاصد میں تہتر فرقوں کے نام و عقائد تفصیل سے درج ہیں پھر وہاں سے دیگر محققین نے اپنی اپنی کتابوں میں ان سب کا تذکرہ کیا ہے کسی نے اجمال کے ساتھ اور کسی نے تفصیل سے، اردو میں بھی اس پر کئی ایک کتابیں لکھی گئی ہیں اجمالاً بھی اور تفصیلاً بھی۔ اس سلسلے میں "مذاہب اسلام" سب سے عمدہ کتاب ہے، اردو زبان میں اس سے بہتر کتاب کوئی نہیں، شاید یہ اولین کوشش ہوگی اور آخرین بھی۔ یہ حضرت علامہ و محقق و مورخ مولانا محمد نجم الغنی خاں رامپوری رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے۔

حضرت موصوف کا ۱۹۳۲ء بمطابق ۱۳۵۱ھ ۳۰ جون اور یکم جولائی کی شب انتقال ہوا۔ حضرت موصوف دنیائے اسلام اور دنیائے علم و ادب میں مانی ہوئی شخصیت تھے۔ علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ آپ کی کتابوں کا مطالعہ کر کے ان کی تحقیق کی تعریف فرماتے اور شبلی نعمانی ان کی علمی جلالت و وجاہت سے اس قدر متاثر تھے کہ ان سے ملنے کے لئے ان کے مکان پر جاتے تو اہل محلہ کو حضرت علامہ نجم الغنی کے مقام کا اندازہ ہوتا۔ اللہ تعالیٰ انہیں بہترین جزا عطا فرمائے۔ آمین انکی یہ کتاب "مذاہب اسلام"، رضا پبلی کیشنز مین بازار داتا صاحب رحمۃ اللہ علیہ لاہور نے شائع کر کے اہل علم و تحقیق پر بڑی نوازش فرمائی ہے۔ جو صاحب تمام اسلامی فرقوں کی تاریخ اور ان کے عقائد کا تفصیلی مطالعہ کرنا چاہیں وہ اس کتاب کی طرف رجوع کریں،

Marfat.com

# فرقہ ناجیہ اہلِ سنت ہیں

حضرت علامہ امام المحققین علی بن سلطان قاری علیہ الرحمۃ متوفی ۱۰۱۴ھ نے فرقوں والی حدیث کی تشریح میں اپنی مشہور کتاب "مرقاۃ شرح مشکوٰۃ" میں جو تحقیق فرمائی ہم اس کا اُردو

"حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس فرقہ کو ناجی وجنتی قرار دیا۔ ان سے آپ کی مراد یہ ہے کہ وہ ہدایت یافتہ ہوں گے، میرے بعد میری اور میرے صحابہ خلفائے راشدین کی سنت پر چلنے والے ہوں گے، اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ فرقہ ناجیہ (جنتی گروہ) اہلسنت وجماعت ہیں اور اس کی وضاحت میں کہا گیا ہے کہ مفہوم حدیث یہ ہے کہ جنت والے وہ ہیں جو میرے اور میرے صحابہ کے عقیدہ وقول وفعل پر چلنے والے ہوں گے پس بلاشبہ اسبات کا پتہ (کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کا عقیدہ وقول وفعل کیا تھا) علمائے اسلام کے اجماع سے ہی چل سکتا ہے، سو جس پر علمائے اسلام (علماء اہلسنت) ہیں وہی حق ہے اور جو کچھ اس کے علاوہ ہے باطل ہے اور معلوم ہوا کہ گمراہ فرقوں کی بنیاد آٹھ فرقے ہیں، پھر باقی ان سب سے نکل کر کل بہتر ہو جاتے ہیں۔ ایک معتزلہ فرقہ ہے، جن کا عقیدہ ہے کہ بندے اپنے اعمال کے آپ ہی خالق ہیں اور وہ قیامت کے دن دیدارِ الٰہی ہونے کے منکر ہیں اور کہتے ہیں کہ نیکوں کو ثواب اور بُروں کو عذاب دینا خدا پر واجب وفرض ہے اور اس فرقہ کے لوگ اپنے ان عقائد میں بیس گروہوں میں بٹ گئے لہٰذا یہ گمراہ فرقے بیس ہوئے۔

۲۔ دوسرا فرقہ شیعہ (رافضیوں) کا فرقہ ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی محبت میں افراط وغلو کرتے ہیں اور یہ آپس میں بائیس فرقوں میں بٹ گئے۔

۳۔ تیسرا فرقہ خارجیوں کا ہے، جو رافضیوں وشیعوں کے برعکس حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان گھٹاتے ہیں اور ان کی تکفیر تک کرتے ہیں اور گناہ کبیرہ کے مرتکب کی بھی تکفیر کرتے ہیں۔ ایسے کافر ٹھہراتے ہیں۔ اور یہ فرقہ بیس فرقوں میں بٹ گیا

Marfat.com

۴- چوتھا فرقہ مرجئہ ہے، جن کا عقیدہ ہے کہ ایمان کے ہوتے ہوئے گناہ کچھ نقصان نہیں پہنچاتا۔ جیسے کفر کے ساتھ نیک عمل کوئی فائدہ نہیں دیتا۔ یہ فرقہ آپس میں پھر پانچ گروہوں میں تقسیم ہو گیا۔

۵- پانچواں فرقہ نجاریہ ہے یہ فرقہ افعال میں اہلسنت کے موافق ہے اور صفات باری تعالٰی کے انکار اور کلام الٰہی کے مخلوق قرار دینے میں فرقہ معتزلہ کے ساتھ ہے۔ اور یہ دو گروہوں میں بٹ گئے۔

۶- چھٹا فرقہ جبریہ ہے، یہ بندے کو مجبور محض قرار دیتے ہیں، اس کا ایک ہی فرقہ ہے۔

۷- ساتواں فرقہ مشبہہ ہے، مشبہہ تشبیہ ہے اور تشبیہ کے معنی ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ مشابہ قرار دینے کے ہیں، یہ فرقہ اللہ تعالٰی کو مخلوق کے ساتھ جسمانیت میں مشابہ قرار دیتا ہے یعنی جیسے بندوں کا جسم ہے، ایسے ہی خدا تعالٰی کا جسم ہے اور یہ حلول کے بھی قائل ہیں، یعنی اللہ تعالٰی بندوں کے جسم کے اندر حلول کئے ہوئے ہے یعنی ان میں اترا ہوا ہے یہ بھی ایک فرقہ ہے

## میزان

ان کا میزان کیجئے معتزلہ بیس ۲۰، شیعہ بائیس ۲۲، خارجیہ بیس ۲۰ مرجئہ پانچ ۵، نجاریہ تین ۳، جبریہ ایک اور مشبہہ ایک یہ گمراہ فرقے بہتر ہوئے اور ان کے بعد باقی جس قدر فرقے ہیں۔ ان سب کی کڑیاں ان کے ہی ساتھ ملتی جلتی ہیں اور ملتی جائیں گی۔ مثلاً دیوبندی فرقہ بعض عقائد میں معتزلیہ سے اور بعض میں شیعہ سے اور بعض میں خارجیوں سے اور بعض مسائل میں جبریہ سے اور بعض میں مشبہ سے، غرضیکہ دیوبندی مذہب کسی گمراہ فرقے کو نہیں چھوڑتا ہر ایک کے عقائد سے کچھ نہ کچھ حصہ گمراہی کا ضرور لیتا ہے۔ اور غیر مقلد یعنی اہل حدیث کہلانے والے وہابیوں کے مذہب کی

Marfat.com

کڑی بھی اسی طرح خارجیوں، معتزلیوں اور دیگر گمراہ فرقوں سے بھی جا ملتی ہے

**فرقہ ناجیہ** البتہ ایک تہتر واں فرقہ، فرقۂ ناجیہ اہلسنت وجماعت ہے جو بفضلہ تعالیٰ جنتی ہیں، امام علی بن سلطان محمد القاری علیہ رحمۃ الباری فرماتے ہیں۔

فتلک اثنان وسبعون فرقۃ کلھم فی النار والفرقۃ الناجیۃ ھم اھل السنۃ البیضاء المحمدیۃ والطریقۃ النقیۃ الاحمدیۃ (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ج ۱ ص ۲۰۴)

ترجمہ: پس یہ بہتر فرقے ہیں کل کے کل دوزخ میں جائیں گے اور فرقہ نجات پانے والا وہ اہلِ سنت بیضا محمدیہ اور صاف ستھرے طریقہ احمدیہ والا ہے۔

## حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کا ارشاد

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ اپنے مکتوب نمبر ۶۹ میں فرماتے ہیں۔

ترجمہ:۔ "نجات کا راستہ اہلِ سنت وجماعت (خدا تعالیٰ اُن کی کثرت کرے) کی اقوال و افعال و اصول و فروع میں پیروی کرنا ہے۔ پس بیشک فرقہ ناجیہ اہلسنت وجماعت ہے اور ان کے سوا دوسرے فرقے تباہی و بربادی کی زد میں ہیں اور ہلاکت کے کنارے پر پہنچے ہوئے ہیں، کوئی آج اس کو سمجھے یا نہ سمجھے لیکن کل روز قیامت اُسے ہر ایک جان لے گا۔ لیکن اس وقت کا جاننا فائدہ نہ دے گا۔ اے اللہ ہمیں اس سے قبل خبردار کردے کہ موت آکر ہمیں خبردار کرے۔" آمین (مکتوبات ج ۱ صفحہ ۱۰۰ طبع ترکی)

**تین اہم فریضے** پھر مکتوب نمبر ۱۷ میں فرماتے ہیں کہ ہر مسلمان پر تین اہم فریضے عائد ہوتے ہیں۔

"سب سے پہلے ہر مسلمان کہلانے والے پر فرض ہے کہ وہ فرقہ ناجیہ اہلسنت وجماعت کے خیالات وافکار کے مطابق اپنے عقائد کی تصیحح کرلے اور دوسرا اہم فریضہ یہ ہے کہ اس فرقہ ناجیہ اہلسنت وجماعت کے مجتہدین کی آراء وافکار کے مطابق احکام شرعیہ پر عمل کرے اور تیسرا فریضہ یہ ہے کہ اپنے دل کو اس فرقہ ناجیہ اہلسنت وجماعت کے صوفیہ کرام کے طریقہ کے مطابق پاک کرے اور اپنے آپ کی اصلاح کرے اور اپنے آپ کو سنوارے اور اس آخری رکن کی فرضیت استحسانی (زائد) ہے پہلے دو فرائض کے برعکس، کہ وہ دونوں پہلے ایسے رکن ہیں کہ اسلام کی بنیاد ان دونوں رکنوں کے ساتھ مربوط ہے۔

الخ (ج ۱ ص ۱۵۷/۱۵۸)

پھر فرماتے ہیں ۷۳ فرقوں میں سے جنتی فرقہ اہلسنت وجماعت ہے اور باقی فرقے دوزخی ہیں اور قابل مذمت۔ فرقۂ ناجیہ علماء اہلسنت وجماعت ہیں۔

(ج ۱ ص ۱۷۶ مکتوب نمبر اسی)

پھر مکتوب نمبر ۲۱۳ میں فرماتے ہیں کہ

"علماء اہلسنت وجماعت ہی فرقہ ناجیہ (جنتی گروہ) ہیں ان کی متابعت وپیروی کرنا چاہیئے اور غیر سنی علماء، علماء سُو (گمراہ علماء) ہیں جو علم کو ذلیل دنیا کے حصول کا ذریعہ بنائے پھرتے ہیں (محض دنیوی مفاد کے لئے اپنے عقائد چھوڑ دیتے یا عقائد میں ڈھیلے جلتے ہیں۔) (ج ۱ ص ۲۴۲)

## فرقہ ناجیہ اور جماعت

امام احمد اور امام ابوداؤد نے اپنی اپنی سندوں کے ساتھ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے جو روایت کی ہے اس میں یہ الفاظ ہیں۔

Marfat.com

وان ھذہ الامۃ ستفترق علی ثلث وسبعین فرقۃ ثنتان وسبعون فی النار وواحدۃ فی الجنۃ وھی الجماعۃ (سنن ابی داود ج ۲ ص ۲۷۵)

اور بے شک یہ اُمت عنقریب ۷۳ فرقوں میں بٹ جائے گی۔ بہتر دوزخ میں ہیں اور ایک جنت میں اور وہ (جنتی فرقہ) جماعت اہلسنت ہے۔

اور واضح ہو کہ بہتر فرقوں کا دوزخ میں جانا عقائد کی خرابی سے ہوگا۔ اور وہ سب کے سب یعنی ان کا ہر ایک فرد دوزخ میں جائے گا۔ اور اہل سنت کے بعض گناہگار (غیر تائب عملی کوتاہی کی وجہ سے دوزخ میں جائیں گے اور عقائد کی خرابی کا عذاب عمل کی خرابی سے زیادہ سخت ہوگا۔ اور اگر اعتقاد کی خرابی کفر کی حد تک ہوگی جیسے روافض (شیعہ) ومرزائی اور وہابیہ جنہوں نے اپنی کتابوں میں اللہ تعالیٰ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان گستاخیاں اور بے ادبیاں کیں۔ اور ضروریات دین کے منکر ہوئے وہ کفر وارتداد کی وجہ سے ہمیشہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔

(اعاذنا اللہ من شرورھم)

---

# فرقۂ معتزلہ

فرقۂ معتزلہ حضرت امام حسن بصری رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں پیدا ہوا۔ انہوں نے یہ نیا عقیدہ گھڑا کہ گناہِ کبیرہ کا مرتکب نہ تو مؤمن رہتا ہے۔ اور نہ ہی کافر ہوجاتا ہے، بلکہ وہ ایمان اور کفر کے درمیان ہوتا ہے۔ حضرت امام حسن بصری رضی اللہ عنہ کو جب ان کے اس عقیدہ کا علم ہوا تو آپ نے فرمایا "ھٰؤُلَاۗءِ اعْتَزَلُوْا" یعنی یہ لوگ اجماعِ اسلام سے کنارہ کش ہوگئے، جب سے ان کا نام "معتزلہ" رکھا گیا یعنی مسلمانوں کے ایک اجماع اور متفق علیہ عقیدہ سے منحرف ہونے والے کیونکہ صحابہ و تابعین کا اسبات پر اجماع و اتفاق چلا آرہا تھا۔ کہ مکلف (انسان ہو جن) یا مؤمن ہے یا کافر، ان کا یہ عقیدہ اس اجماع کے خلاف تھا، (کما فی مذاہب الاسلام صفہ ۱۰۱) شرح عقائد میں ہے، کہ اس مذہب کا بانی واصل بن عطا حضرت امام حسن بصری علیہ الرحمۃ کی مجلس میں حاضر ہوتا تھا، تو جب اس نے اہل اسلام کے اجماعی و متفق علیہ عقیدہ کے برعکس یہ نیا عقیدہ اختیار کیا تو امام صاحب نے اسے یہ کہکر "اِعْتَزِلْ عَنَّا" کہ ہم سے الگ ہوجاؤ، دور ہوجا، تو وہ اور اس کے ہم عقیدہ لوگ فرقۂ معتزلہ کے نام سے موسوم و مشہور ہوگیا (شرح عقائد طبع مصر صفحہ ۲۰) نیز فرقۂ معتزلہ کے لوگ جہاں اس اجماعی مسئلہ سے منحرف ہوئے وہاں وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تفضیل کے بھی قائل ہوئے یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سیدنا ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم سے افضل سمجھنے لگے، اس لئے یہ لوگ شیعہ بھی ٹھہرے مولانا نجم الغنی فرماتے ہیں "یہ بات بہت کم ہے۔ کہ کوئی شخص معتزلی ہو اور شیعہ نہ ہو (مذاہب الاسلام صفہ ۱۰۲) علاوہ ازیں ان کی گمراہی میں سے ایک یہ بات بھی ہے، کہ یہ اولیاء اللہ کے لئے علم غیب نہیں مانتے، جب کہ اہلسنت انبیاء و رسل کرام علیہم السلام کے علاوہ مگر ان کے وسیلہ سے اولیاء کے لئے بھی علم غیب مانتے ہیں (ملاحظہ ہو تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی ج ۳۰ صفہ ۱۶۸/۱۶۹ تحت آیت فلا یظھر علی غیبہ احدا وارشاد الساری شرح صحیح بخاری ج ۷ صفہ ۱۱۸ تحت

* ...... علم غیب تو صرف اللہ کے پاس ہے۔
وعندہ مفاتح الغیب

Marfat.com

آیت عندہ مفاتح الغیب لا یعلمہا الا ھو) لیکن معتزلہ نے اپنا نام "اصحاب العدل والتوحید" رکھا یعنی عدل وتوحید والے (شرح عقائد صفحہ ۲۰)

## فرقہ شیعہ

فرقۂ شیعہ کا عقیدہ ہے، کہ حضرت علی و دیگر ائمہ اہلبیت رضی اللہ عنہم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا باقی تمام نبیوں اور رسولوں سے بہتر اور بلند درجہ رکھتے ہیں چنانچہ شیعہ فاضل نعمۃ اللہ موسوی انوار نعمانیہ میں لکھتے ہیں (ملاحظہ ہو جلد صفحہ ۲۱) اور اہلسنت کے نزدیک یہ عقیدہ کفر ہے، کیونکہ اس میں انبیاء و رسل کرام علیہم السلام کی توہین ہے، اور توہین انبیاء کفر ہے۔ اسی طرح یہ لوگ سیدنا ابوبکر صدیق و عمر فاروق و عثمان غنی رضی اللہ عنہم کی خلافت کو نہیں مانتے بلکہ ان کا عقیدہ ہے کہ ان تینوں نے ناجائز طور پر اور جبر و زیادتی کے ذریعے خلافت پر قبضہ کر لیا تھا۔ درحقیقت حضور کے بعد کسی فصل کے بغیر حضرت علی رضی اللہ عنہ ہی حقدار خلافت ہونے کی وجہ سے خلیفہ تھے اور ان سے پہلے کے تینوں خلفاء ظالم اور غاصب تھے، اس لئے یہ لوگ ان تینوں بزرگوں کی توہین و تنقیص کو نہ صرف جائز ٹھہراتے ہیں۔ بلکہ اسے ثواب اور ایمان کا حصہ سمجھتے ہیں۔ جسے یہ اپنی اصطلاح و محاورہ میں تبری کہتے ہیں۔ ان کے عقیدے میں تولی اور تبری دونوں جزو ایمان ہیں، تولی کے معنی حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ان کے خاندان سے محبت کرنا اور تبری سے مراد خلفاء ثلاثہ اور ان کے ماننے والوں سے اظہار نفرت و عداوت ہے۔ اور ایمان و اسلام کے مصداق میں فرق کرتے ہیں جو دل میں اخلاص و سچائی رکھتا ہو، اسے مومن کہتے ہیں اور جو بظاہر ایمان کا مدعی ہو، مگر دل میں کفر رکھتا ہو، اسے یہ لوگ "مسلم" یا "مسلمان" کہتے ہیں جس کے دوسرے معنی منافق کے ہیں۔ اس لئے شیعہ لوگ اپنے آپ کو مومن اور غیر شیعہ کو مسلم کہتے ہیں۔ نیز قرآن کریم کو بھی ناقص کہتے ہیں، اور رجعت کے بھی قائل ہیں۔ کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ قیامت سے قریب دنیا میں واپس آئیں گے۔ اور تقیہ کے بھی قائل ہیں۔ یعنی دل میں جو کچھ ہو زبان سے اس کے برعکس ظاہر کرنا۔ بلکہ تقیہ کو دین کی روح رواں قرار دیتے ہیں۔ یہ لوگ

Marfat.com

ی آذانوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ گواہی دیتے ہیں، کہ وہ بلافصل خلیفۂ رسول
ی اللہ علیہ وسلم تھے۔ یعنی خلفاءِ ثلاثہ خلیفے نہ تھے۔ بلکہ جھوٹے تھے۔ (معاذ اللہ) شیعہ
ہب کا بانی دراصل عبداللہ بن سبا تھا۔ جو یہودی تھا پھر مکاری سے مسلمان ہو کر شیعہ مذہب
بانی بنا۔

## فرقۂ خوارج

فرقۂ خوارج جنہیں خارجی بھی کہتے ہیں۔ یہ لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے باغی ہو گئے
ے اور ان کو بُرا کہنے لگ گئے، اور حضرت معاویہ کے بھی خلاف ہو گئے۔ جب دونوں بزرگوں
ے حضرت ابو موسیٰ اشعری و حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما کو اپنے درمیان حکم مقرر کیا اور
کیا کہ یہ دونوں حکم جو حکم دیں گے۔ دونوں فریق اسی پر عمل کریں گے تو فرقۂ خارجیہ نے
نوں بزرگوں پر مشرک ہونے کا فتویٰ لگا دیا کہ یہ قرآن اور اللہ تعالیٰ کے نافرمان ہو گئے،
نکہ اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے "اِنِ الۡحُكۡمُ اِلَّا لِلّٰهِ" کہ اللہ کے سوا کسی کا حکم
ں، اور علی و معاویہ نے غیر اللہ کو حکم مان کر شرک کیا ہے۔ اور مرتد ہو گئے۔ مسلمانوں پہ
لا فتویٰ مشرک ہونے کا خارجیوں نے صادر کیا اور آج ان کی سنت پر چلتے ہوئے۔ فرقہ
بیہ (خواہ دیوبند کے وہابی ہوں یا نجد کے) سنی مسلمانوں پر شرک کے فتوے صادر
تے ہیں۔ خارجیوں کے اس شرک کے فتویٰ کی تفصیل ملاحظہ ہو، البدایہ والنہایہ حافظ
کثیر اور الکامل امام مبرد و دیگر کتب تاریخ میں موجود ہے۔ نیز خارجی لوگ ہر ایسے مسلمان کو
ں سے گناہ کبیرہ سرزد ہو، کافر اور ہمیشہ کے لئے جہنمی ٹھہراتے ہیں (الملل والنحل شہرستانی)

## نواصب

نواصب یا ناصبی وہ فرقہ ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہلبیت کرام رضوان
علیہم اجمعین کی شان میں توہین و تنقیص کرتا ہے۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو باغی
یزید کو برحق اور جنتی کہتے ہیں۔ خارجیوں اور ناصبیوں میں سب سے بڑا فرق یہ ہے

Marfat.com

کہ خارجی ان تمام صحابہ کرام کو جن کے درمیان لڑائیاں ہوئیں کافر قرار دیتے ہیں۔ جیسے حضرت علی و معاویہ و عمرو بن عاص و طلحہ و زبیر رضی اللہ عنہم اجمعین اور ناصبی فرقہ حضرت علی اور ان کی اولاد سے بغض و عداوت رکھتا ہے (مذاہب الاسلام)

## فرقہ مرزائیہ یا قادیانہ

مرزا غلام احمد قادیانی جو ۱۹۰۹ء کو فوت ہوا، اس نے نبوت و رسالت کا دعویٰ کیا اُس کے ماننے والے مرزائی یا قادیانی کہلاتے ہیں۔ یہ مسلمانوں کے نزدیک اسلام سے خارج ہیں۔ پاکستان کی قومی اسمبلی نے بھی ان کے کفار و مرتدین ہونے کا فیصلہ صادر کیا تھا۔ تاہم علماء دین تو پہلے ہی سے اس کو اور اسے مسلمان سمجھنے والوں کو کافر و مرتد کہہ ہی چکے تھے

## فرقہ پرویزیہ

یہ فرقہ غلام احمد پرویز کا پیروکار ہے یہ حال ہی میں فوت ہوا۔ یہ منکر حدیث مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم تھا۔ شریعت کی تعبیر کا حق ملک کی پارلیمنٹ کو دیتا تھا۔ جو سمجھ میں آتا اسی کو مانتا تھا، اور جو سمجھ میں نہ آتا، اسے نہ مانتا خواہ اس کے دلائل کتنا ہی مضبوط کیوں نہ ہوں، اپنے مطلب کی حدیثیں مانتا تھا اور ان کے حوالے دیتا تھا۔ اور خلاف مطلب حدیثوں کا منکر تھا۔ ان کو ضعیف یا موضوع یا قرآن کے خلاف قرار دیکر رد کر دیتا تھا۔ اسی ذہنیت کے بہت سے لوگ اب بھی موجود ہیں۔ جن میں سے پروفیسر طاہر القادری بھی ہیں۔ محمد حنیف ندوی جو فوت ہو گئے، یوسف گورایہ، امین احسن اصلاحی، جاوید غامدی وغیرہم یہ سب قریب قریب ذہنیت رکھتے ہیں۔ اور حدیث و سنت اور اجماع کے معاملہ میں اسلاف کے نظریات سے ہٹ چکے، اور راہ حق سے بھٹک کر رہ گئے ہیں۔ اسی طرح عبداللہ چکڑالوی اور اس کے فرقہ کے لوگ بھی سنت کے منکر ہیں۔ لیکن شاید دوسرے لوگ تو کچھ اس قدر خطرناک نہیں جس قدر پروفیسر طاہر القادری اہلسنت کے لئے خطرناک ہے۔ کہ وہ پیر پرستی، میلادالنبی اور تصوف اور عشق رسول کا نعرہ بلند کر کے سادہ لوح سنیوں کو فریب دیتے ہوتے ہے۔

for you Islam is "Pirparastimell.
Tasawuf, and Ishq-e-Rasul.

کیا خوبصورت تصویر ہے
[illegible]

# دیوبندی عقائد

## خدا تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے بلکہ ہر بُرا کام کر سکتا ہے

۱۔ خدا تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے۔ بلکہ ہر بُرا کام کر سکتا ہے۔

"امکانِ کذب، بہ ایں معنیٰ کہ جو کچھ حق تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے اس کے خلاف پر وہ قادر ہے مگر بہ اختیار خود اس کو نہ کرے گا۔"

(فتاویٰ رشیدیہ جناب گنگوہی صاحب ص ۸۴ طبع کراچی)

۲۔ "خلاف علماء کا جو دربارہ وقوع و عدم وقوعِ خلافِ وعید ہے جس کو صاحب براہین قاطعہ نے تحریر کیا ہے وہ در اصل کذب نہیں، صورت کذب ہے۔ اس کی تحقیق میں طول ہے، الحاصل امکان کذب سے مراد دخول کذب تحت قدرت باری تعالیٰ ہے ——— کذب داخل تحت قدرت باری تعالیٰ ———

کذب داخل تحت قدرت باری تعالیٰ جلّ وعلیٰ ہے۔ کیوں نہ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (کہ وہ ہر چیز پر قادر ہے)۔

(فتاویٰ رشیدیہ ص ۱۹ طبع کراچی)

دیوبند کے مولا و مرشد جناب رشید احمد گنگوہی صاحب کی [illegible] کی مؤلفہ کتاب براہین قاطعہ میں ہے۔

"مسئلہ خلاف وعید قدماء میں مختلف فیہ ہے،" "امکان کذب کا مسئلہ تو اب جدید کسی نے نہیں نکالا بلکہ قدماء میں اختلاف ہوا ہے، کہ خلف وعید آیا جائز ہے کہ نہیں (صفحہ ۶)"

پھر انبیٹھوی صاحب مولانا عبد السمیع صاحب رامپوری علیہ الرحمۃ پر طعن کرتے ہوئے کہ انہوں نے امکان کذب کا رد کیا تھا، لکھتے ہیں۔

Marfat.com

۴ - "اس سیزدہم صدی کے مبتدعین نے کذب باری تعالیٰ کو ناممکن کہا ہے
اور عجز قادر مطلق کے مقر ہوئے اور اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" کے
خلاف اعتقاد ٹھہرایا" صفحہ ۶

یعنی تیرھویں صدی کے اہل بدعت (دیوبندی وہابی، سنی علماء کو اہل بدعت
یا مبتدعین کہتے ہیں، بہ مطابق محاورہ (الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے) خدا تعالیٰ کے
حق میں یہ عقیدہ رکھ کر، کہ وہ جھوٹ نہیں بول سکتا، جھوٹ سے بالذات پاک
ہے، قادر مطلق کی عاجزی کا اقرار کر رہے ہیں اور" اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ
کے برعکس اپنا مسلک ٹھہرالیا ہے۔

پھر براہین قاطعہ میں لکھتے ہیں:۔

۵ - اور مؤلف انوار ساطعہ (یعنی مولانا عبدالسمیع صاحب رامپوری علیہ الرحمۃ) اس پر افسوس
نہیں کرتا (کہ اس نے علماء دیوبند کا سا عقیدہ کیوں نہ اختیار کیا) اور امکان کذب
کہ خلف وعید کی فرع ہے جو قدماء میں مختلف فیہ ہو چکا ہے اس پر طعن
کرتا ہے۔" (ص۷)

۶ - پھر یہی انبیٹھوی صاحب براہین قاطعہ میں لکھتے ہیں۔
" (خدا تعالیٰ وعدہ خلافی کر سکتا ہے۔ لہٰذا ثابت ہو گیا کہ خلاف وعدہ
کے قدرت میں داخل ہونے سے کذب کا داخل قدرت ہونا لازم آتا ہے بلکہ
حدیث میں مصرح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خلاف وعدہ وعہد
کو کذب سے تعبیر کیا، چنانچہ قصۂ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میں جو ان کو شیطان لعین
کے ساتھ غلہ صدقہ میں پیش آیا الخ (ص۲۷۲)

پھر لکھتے ہیں (براہین قاطعہ دیوبند)

۷ - " اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے یعنی محدثات و ممکنات خواہ برے ہوں یا

Marfat.com

اچھے سب اس کی قدرت میں ہیں (ص ۲۷۹)

اس کے واضح معنی یہ ہوئے کہ خدا تعالٰے ہر برا کام کر سکتا ہے۔ (معاذ اللہ)

علماء دیوبند کے مولا و مرشد اور ان کے حضرت جناب محمود حسن صاحب مدرس اول مدرسہ عربیہ دیوبند و خلیفہ و مرید گنگوہی صاحب۔ اپنی کتاب " جہد المقل میں لکھتے ہیں۔

۸۔ "صدق و کذب کلام لفظی صفات افعال میں داخل ہے۔" (ص ۱۴۳ ج ۱)

یعنی اللہ تعالٰے کے کلام لفظی کا سچا اور جھوٹا ہونا خدا تعالٰے کی صفات فعلیہ میں داخل ہے (لاحول ولا قوۃ الا باللہ)

پھر لکھتے ہیں:

۹۔ صدور قبائح اور قدرت علی القبائح میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ افعال قبیحہ کو قدرت قدیمۂ حق تعالٰے سے کیونکر خارج کہہ سکتے ہیں۔" (ص ۱۴۱ ج ۱)

اسی طرح پھر اسی جہد المقل میں لکھتے ہیں۔

۱۔ قضیہ غیر واقعی کا عقد و اصدار قدرت باری تعالٰے جل سلطانہ میں داخل ہے۔"

(ص ۴۴ جلد ۱)

مطلب یہ کہ اللہ تعالٰے جھوٹ بول سکتا ہے۔ یعنی وہ دیدہ دانستہ ایسا جُملہ بول سکتا ہے، جو واقعہ کے برعکس ہو مثلاً یہ واقعہ ہے کہ اس نے حضرت آدم علیہ السلام کو بھیجا یہ واقعہ ہے کہ فرعون نے حضرت موسٰی علیہ السلام کی مخالفت کی۔ تو اللہ تعالٰی یہ بات کہہ سکتا ہے کہ میں نے آدم کو نہیں بھیجا اور فرعون نے موسٰی علیہ السلام کی مخالفت نہ کی یا اس نے خدا کی نافرمانی نہ کی۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ وتعالی اللہ عن ذٰلک علوا کبیرا موصوف خود بھی ایک مثال دیتے ہیں۔

۱۔ " مثلاً حالت قعود زید (زید کے بیٹھے ہونے کی حالت) جناب باری تعالٰے کو اس کے قعود (بیٹھنے) کا علم تام ضروری ہے اور قضیہ زَیْدٌ قَائِمٌ (زید

کھڑا ہے) کے خلاف واقع ہونے کا پورا پورا انکشاف ہے مگر باوجود اس کے بالقصد والاختیار جملہ زید قائم (زید کھڑا ہے) کا منعقد فرمانا اور لباس حروف والفاظ عطا کرکے ملائکہ وعباد پر نازل کردینا ایزد متعال (اللہ تعالیٰ) کی قدرت قدیمہ میں داخل ہے۔"

(جہد المقل ص۴۴ ج-۱)

پھر لکھتے ہیں :-

"خلاصہ یہ نکلا کہ مابہ النزاع بین الفریقین امکان کذب فی الکلام اللفظی ہے امکان کذب فی العلم ہرگز نہیں۔" (الجہد المقل ص۴۴ ج-۱)

یعنی علماء دیوبند وعلماء اہلسنت میں اسبات پر اختلاف ہے کہ خدا تعالیٰ کا کلام لفظی جھوٹا ہوسکتا ہے یا نہ علماء اہلسنت کہتے ہیں نہیں ہوسکتا اور علماء دیوبند کہتے ہیں ہوسکتا ہے لیکن کذب فی العلم کو کوئی ممکن نہیں مانتا۔

قارئین ملاحظہ فرمائیں کہ علمائے دیوبند اس عقیدہ کا واضح اقرار کررہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا کلام جھوٹا ہوسکتا ہے اور اس کی خبر بھی خلاف واقعہ اور جھوٹی ہوسکتی ہے۔

دیوبندیوں اور غیر مقلدوں کے پیشوا مولوی اسمٰعیل دہلوی کا عقیدہ کہ خدا جھوٹ سکتا ہے۔

## دیوبندیوں اور غیر مقلدوں کے پیشوا مولوی اسمٰعیل دہلوی کا عقیدہ کہ خدا جھوٹ بول سکتا ہے۔

دیوبندیوں اور غیر مقلدوں (نام نہاد اہلحدیثوں) کے پیشوا مولوی اسمٰعیل دہلوی نے اپنے معروف رسالہ "یک روزہ" میں لکھا ہے کہ خدا تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے۔ لہٰذا فرشتوں اور نبیوں پر نازل ہونے والا کلام الٰہی جھوٹ ہوسکتا ہے ورنہ بندہ کی طاقت خدا تعالیٰ کی طاقت سے بڑھ جائے گی۔

| | |
|---|---|
| مقدمہ قضیہ غیر مطابقہ للواقع والقائے | خلاف واقعہ خبر دینا (جھوٹ بولنا) |
| آں برملائکہ انبیاء خارج از قدرت | اور اُسے فرشتوں اور نبیوں پر |
| الٰہیہ نیست والالازم آید کہ | نازل کرنا اللہ تعالیٰ سے سرزد |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| قدرت انسانی ازید از قدرت ربانی | ہو سکتا ہے ورنہ لازم آئے گا کہ انسان |
| باشد چہ عقد قضیہ غیر مطابقہ للواقع | کی طاقت اللہ تعالےٰ کی طاقت سے |
| والقاء آں بر مخاطبین در قدرت | بڑھ جائے ، کیونکہ اکثر انسان خلاف |
| اکثر افراد انسانی است | واقعہ خبر (جھوٹ) مخاطبین (سامعین) |
| (یکروزہ صد ۱۷) | کے آگے بول سکتے ہیں۔ |

مولوی اسمٰعیل دہلوی علماء دیوبند اور غیر مقلدوں کے پیشوا کی دلیل قارئین نے سُن لی کہ اگر یہ کہا ہے کہ خدا تعالےٰ جھوٹ نہیں بول سکتا اور فرشتوں اور پیغمبروں پر جھوٹ پر مبنی کلام نازل نہیں کر سکتا۔ تو انسان کی طاقت اللہ تعالےٰ کی طاقت سے بڑھ جائے گی۔ کیونکہ اکثر انسان دوسرے انسانوں کے آگے جھوٹ بول سکتے ہیں اسی لیے مولوی محمود حسن ... المقل اور خلیل احمد انبیٹھوی براہین قاطعہ میں کہہ چکے۔ اور اوپر حوالے بھی گذر چکے ... میں جھوٹ کی کیا تخصیص ہے، اللہ تعالےٰ ہر برا کام کر سکتا ہے۔ قارئین غور فرمائیں۔ ... برا کام کر سکتا ہے۔" کے جملہ میں کونسی برائی نہیں آتی، زنا، چوری، شراب خوری ... م و تعدی وغیرہ وغیرہ من القبائح الخبیثۃ۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وتعالیٰ اللہ عن ذلک علوا کبیرا۔

کیا ہم ڈاکٹر، پروفیسر اور علامہ ایسے القاب کے حامل طاہر القادری سے سوال کر ... تے ہیں کہ جناب یہ جو فرما رہے ہیں کہ

"تمام اسلامی فرقوں کے درمیان بنیادی و اعتقادی قدریں سب مشترک ہیں"
(فرقہ پرستی کا خاتمہ کیونکر ممکن ہے صد ۵۹)

کیا اللہ تعالےٰ کی ذات پر ایمان لانے کے ساتھ اُسے تمام عیوب و نقائص ... سے پاک اعتقاد کرنا ضروری نہیں، اگر نہیں تو قرآن میں جو اللہ تعالےٰ کی صفت ... سبحان اور قدوس" آئی ہے اس کا کیا مطلب ہے اور اگر اُسے عیوب و نقائص سے ... اعتقاد کرنا ضروری ہے۔ تو اللہ تعالےٰ سے جھوٹ بلکہ تمام برے کاموں

Marfat.com

کے سرزد ہونے کو ممکن ماننے کے باوجود تمام اسلامی فرقوں کے درمیان بنیا
د اعتقادی قدریں سب کس طرح ٹھہریں ۔

## امکان کذب کی دلیل اور اس کا جواب

مولوی اسمٰعیل دہلوی یکروزہ میں لکھتے ہیں :۔

| | |
|---|---|
| کذب مذکور منافی حکمت اوست پس ممتنع بالغیر است (ص۱۷) | کہ کذب باری تعالےٰ اس کی حکمت و دانائی کے خلاف ہے لہٰذا یہ ممتنع بالغیر ہے ۔ |

اور اس سے پہلے لکھ چکے ہیں کہ :۔

| | |
|---|---|
| امتناع بالغیر داخل قدرت الہٰیہ است ۔ | ممتنع بالغیر اللہ تعالےٰ کی قدرت میں داخل ہے ۔ |

(یکروزہ ص۱۷)

اور یہ بھی فرما چکے ۔ کہ اگر اللہ تعالےٰ کو جھوٹ پر قادر نہ مانا جائے تو عجز و کمزوری لازم آئے گی اور بندے کی قدرت اس کی قدرت سے بڑھ جائے گی ۔ جبکہ یہ بالکل غلط ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ کذب کی نسبت اگر خدا تعالےٰ کی طرف ہو تو اس کو ہم اہلسنت محال بالذات قرار دیتے ہیں ۔ یعنی کذب باری تعالےٰ نہ تو ممکن ہے اور نہ ہی ممتنع بالغیر بلکہ محال بالذات ہے ۔ اور ہاں اگر تنزلاً اسے بالفرض ممتنع بالغیر بھی مان لیا جائے تو بھی ممتنع بالغیر پر قدرت نہ ماننے سے اللہ تعالےٰ کی عاجزی ثابت نہیں ہوتی ، چنانچہ خیالی شرح شرح عقائد میں ہے کہ

| | |
|---|---|
| ان عدم القدرة بناء علی الامتناع بالغیر لیس بعجز فانه | امتناع بالغیر کی بنا پر قادر نہ ہونا عجز نہیں ہے ۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| الٰی لایقدر علی اعـــدام المعلول مع علتہ التامــۃ | علت تامہ کے باوجود معلول کو معدوم کرنے پر قادر نہیں ۔ |

(صفحہ ۶۷)

علامہ خیالی علیہ الرحمۃ نے گروہ وہابیہ، دیوبندیوں اور غیر مقلدوں کے پیشوا اسمٰعیل دہلوی و محمود حسن مدرس اول مدرسہ دیوبند کے اس توہم کا کامل ازالہ کردیا کہ جھوٹ چونکہ ممتنع بالغیر ہے اور ممتنع بالغیر تحت قدرت ہوتا ہے اگر اُسے تحت قدرت نہ مانا جائے تو اللہ تعالیٰ کا عجز وضعف لازم آئے گا۔ علامہ نے واضح فرما دیا کہ ممتنع بالغیر پر قدرت نہ ہونے سے کوئی عجز وضعف لازم نہیں آتا۔ جیسے علت تامہ کے وجود کی وجہ سے معلول کا معدوم کرنا ممتنع لغیرہ ہے اور یہ تحت قدرت باری تعالیٰ نہیں، اُسے کوئی بھی عجز قرار نہیں دیتا۔ کیونکہ عجز ممکنات محضہ پر قدرت نہ ہونے کو کہتے ہیں چنانچہ حاشیہ خیالی میں علامہ امام عبدالحکیم سیالکوٹی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| ان عدم المقدرۃ علی الممتنع بالغیر لیس بعجز لانہ لیس محلا للقدرۃ اذھی یتعلق بالممکنات الصرفۃ الا یری انہ تعالیٰ لایقدر علی اعدام المعلول مع وجود علتہ التامۃ۔ | بلاشبہ ممتنع بالغیر پر قادر نہ ہونا عجز نہیں ہے۔ کیونکہ ممتنع بالغیر قدرت کا محل نہیں ہے، کیونکہ قدرت ممکنات محضہ سے متعلق ہوتی ہے کیا یہ بات نہیں دیکھی جاتی کہ اللہ تعالیٰ علت تامہ کے ہوتے ہوئے معلول کے معدوم کرنے پر قدرت نہیں رکھتا۔ |
| (حاشیہ امام عبدالحکیم سیالکوٹی صفحہ) | |

الحمدللہ امام عبدالحکیم سیالکوٹی علیہ الرحمۃ نے تو دیوبندیوں اور غیر مقلدوں کے پیشوا اسمٰعیل دہلوی کی غلط فہمی کو بے نقاب کر ڈالا۔ اس سے ثابت ہوا کہ وہابیوں (دیوبندیوں

اور غیر مقلدوں) نے اپنے عقائد کی عمارت کسی بنیاد کے بغیر محض ہوا پر ہی کھڑی
رکھی ہے اور یہ کہ ان کے عقائد مسلمانِ اہلسنت کے قطعاً خلاف، و برعکس ہیں۔

## علماء دیوبند کے مرشد گنگوہی صاحب کا عقیدہ کہ خدا تعالیٰ سے جھوٹ سرزد ہو گ

عام وہابیہ تو امکانِ کذب کے قائل تھے ہی لیکن جناب اسمٰعیل دہلوی کے مقل
و متبع جناب رشید احمد گنگوہی صاحب نے تو امکانِ کذب سے بڑھ کر خدا تعالیٰ کے
وقوعِ کذب کو بھی تسلیم کر لیا۔ چنانچہ ان سے فتویٰ طلب کیا گیا کہ جو شخص وقوعِ کذب با
کا قائل ہے۔ اس کا کیا حکم ہے تو موصوف نے اس کو گمراہ و فاسق و کافر کہنے سے منع
اور ساتھ ہی وقوعِ کذب کے معنی کے درست ہونے کی تصریح بھی کر دی۔

چنانچہ رسالہ "صیانۃ الناس" مطبوعہ مطبع حدیقۃ العلوم میرٹھ ۱۳۰۸ھ کے
آخری ورق میں جناب رشید گنگوہی صاحب کا فتویٰ چھپا اس پر ان کے دستخط اور ان کی مہر بھی تھی۔ نیز وہ اصل فتویٰ علامہ زماں مولانا
خاں محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے پاس بھی تھا وہ اپنی کتاب "امطار الحق" میں لکھتے

"مولوی رشید احمد گنگوہی نے خود وقوعِ کذب کے معنی درست ہونے
کی تصریح کی چنانچہ رسالہ صیانۃ الناس مطبوعہ مطبع حدیقۃ العلوم میرٹھ ۱۳۰۸ھ
کے آخری ورق میں یہ فتویٰ مولوی رشید احمد گنگوہی کا مطبوع ہو چکا ہے
اور ان کے ہاتھ کا اصل فتویٰ لکھا ہوا ان کی مہر کی ہوئی بھی ہمارے پاس
موجود ہے، اس کی عبارت تھوڑی سی یہ ہے۔

"بعض علماء وقوعِ خلف وعید کے قائل ہیں اور یہ بھی واضح ہے
کہ خلفِ وعید خاص ہے اور کذب عام۔ ہے کیونکہ کذب بولتے ہیں
خلافِ واقع کو سو وہ گاہ وعید ہوتا ہے، گاہ وعدہ گاہ خبر اور سب
کذب کے انواع ہیں اور وجود نوع کا جنس کو مستلزم ہے اگر انسان

Marfat.com

ہو گا تو حیوان بالضرور ہو گا۔ لہٰذا وقوعِ کذب کے معنیٰ درست ہو گئے اگرچہ بضمن کسی فرد کے ہو پس بناءً علیہ اس ثالث کو (جس نے اس مسئلہ میں اختلاف کرنے والے دو فریقوں کے درمیان بطور ثالث کے وقوعِ کذب کا قول کیا) کوئی سخت کلمہ نہ کہنا چاہیئے۔

(امطار الحق صفحہ ۳۰ - ۴۱ طبع بمبئی ۱۳۱۴ھ)

## دیوبندیوں کے نزدیک اللہ تعالیٰ کا کوئی کلام بھی جھوٹ سے خالی نہیں

دیوبند کے مولا و مرشد جناب گنگوہی صاحب کی اس عبارت سے صاف طور پر واضح ہو رہا ہے کہ کذب عام ہے اور وعدہ و وعید اور خبر خاص اور کذب کے انواع ہیں، جب وعدہ و وعید اور خبر کذب کے انواع ہوئے تو کذب، وعدہ و وعید اور خبر کی جنس ہوا اور جنس اپنی نوع کی جُز ہوتی ہے، جب کذب جنس خبر ہوا تو وعدہ و وعید اور خبر کی ماہیت میں داخل ہوا تو دیوبند کے امام رشید احمد گنگوہی صاحب کے نزدیک اللہ تعالیٰ کے ہر وعدہ و وعید اور خبر میں کذب داخل ہوا (نعوذ باللہ من ذٰلک) جیسے حیوان اپنے تمام انواع کی ماہیت میں داخل ہیں اور جناب گنگوہی نے اہل معقول کی اصطلاح اور ان کے مسلک کے مطابق کذب کو جنس اور وعدہ و وعید اور خبر کو انواع قرار دیا۔ اسی لئے یہ مثال دی کہ انسان ہو گا تو حیوان ضرور ہو گا۔ پس گنگوہی صاحب کے نزدیک اللہ تعالیٰ کا کوئی وعدہ و وعید اور خبر کذب سے خالی نہیں ہے بلکہ کذب سے خالی ممکن ہی نہیں ہے کیونکہ جب کذب وعدہ و وعید اور خبر کا جنس و جُز ہوا تو وعدہ و وعید اور خبر کا جنس و جُز کے بغیر پایا جانا محال ہے، چنانچہ خود گنگوہی صاحب نے کہہ دیا کہ انسان ہو گا۔ تو حیوان ضرور ہو گا۔ جس سے واضح ہے کہ انسان کا حیوان کے بغیر پایا جانا محال ہے تو جیسے اللہ تعالیٰ کے وعدہ و وعید اور خبر میں کذب کا پایا جانا

Marfat.com

ضروری ہوا تو اس کے وعدہ وعید اور خبر میں اس کا صدق جو کذب کی نقیض ہے محال ہوگیا۔ کیونکہ ایک ہی محل میں دو نقیضوں کا جمع ہونا محال ہے تو علماء دیوبند کے پیرومرشد اور ہادی و قطب رشید احمد گنگوہی صاحب کے نزدیک اللہ تعالیٰ کے تمام وعدے وعیدیں اور خبریں جھوٹی ٹھہریں۔ (نعوذ باللہ من ذلک وتعالی اللہ عن ذلک علوا کبیرا) اور گنگوہی صاحب کے شاگرد، مرید و خلیفہ جناب محمود حسن صاحب مدرس اول مدرسہ دیوبند بھی اپنے مرشد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے فرماتے ہیں ۔

خلف وعدہ و وعید منجملہ افراد کذب ہیں۔ اس کے چند سطروں کے بعد پھر لکھتے ہیں۔ "خلف مذکور کذب کی فرد ہے جس سے کذب کا مقدور باری ہونا ظاہر ہوتا ہے۔

(ملاحظہ ہو جہد المقل ج۔۱ صـــ)

اس میں محمود حسن صاحب نے خلف وعد و خلف وعید کو کذب کے افراد قرار دیا یعنی کذب نوع ہوا اور خلف وعدہ و وعید اس کے افراد ہوئے اور قاعدہ یہ ہے کہ کوئی فرد اپنی نوع کے بغیر نہیں پایا جاتا۔ کیونکہ نوع اپنے افراد کی ماہیت کا عین ہوتی ہے۔ تو جب خلف وعد اور خلف وعید ان کے بقول ممکن ہوئے تو کذب بھی ممکن ہوا۔ لیکن ساتھ ہی فرما رہے ہیں کہ اگرچہ جھوٹ و ظلم وغیرہ برے کام اللہ تعالیٰ کی قدرت میں ہیں وہ کر سکتا ہے مگر کرے گا نہیں (جہد المقل ج۔۱ صـ۸ـ)

اور یہی معتزلہ کا مذہب ہے۔ مرید تو امکان کی حد سے آگے نہیں بڑھے۔ لیکن پیرومرشد گنگوہی صاحب نے امکان امکان کرتے کرتے "وقوع کذب باری تعالیٰ کا عقیدہ اختیار کر لیا۔

اور یہ عقیدہ فرمان خداوندی " ومن اصدق من اللہ قیلا " آیت قرآن مجید کے برعکس اور کفر ہے۔ کس قدر افسوس ہے علماء دیوبند پہ کہ امکان امکان کرتے کرتے وقوع کذب کے قائل ہو گئے اور تصریح کر دی کہ " وقوع کذب کے معنی درست

Marfat.com

ہو گئے "۔ یہ کفر و گمراہی وہابیوں کے امام ہندی جناب اسمٰعیل دہلوی کی تقلید و پیروی کے باعث علماء دیوبند میں آئی ۔ اس کے بعد ان کی علمیت و تحقیق پر صد افسوس جو ان عقائد کے باوجود اسلامی فرقوں کے درمیان اختلافات کو محض فروعی قرار دیتے پھر رہے ہیں۔ (کفر اور گمراہی کے لفظ سے علماء دیوبند ناراض نہ ہوں کیونکہ کفر کو کفر نہ کہنا کفر ہے۔)

## عقائد علماء دیوبند میں عقیدۂ معتزلہ وغیرہ کی ملاوٹ

علماء دیوبند کے عقائد کا بغور و بہ تحقیق مطالعہ کرنے سے علماء اہلسنت اس نتیجہ پر پہنچے ہیں بلکہ ہر سمجھدار اور ہر دانشور اس نتیجہ پہ پہنچے بغیر نہیں رہ سکتا کہ علماء دیوبند کے عقائد میں بہت سے اِن فرقوں کے عقائد کی آمیزش اور ملاوٹ ہے، جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کی رُو سے بہتر کی تعداد میں جہنمی اور دوزخی ہیں۔ اور اہلسنت کے مقابلہ میں اُن کی ہر بات کی کڑی ان بہتر جہنمی فرقوں میں سے کسی نہ کسی سے جا ملتی ہے۔ مثال کے طور پر وہابی عقائد کی آمیزش ہی نہیں مکمل طور پر انہیں وہابی عقائد سے اتفاق ہے، چنانچہ جناب گنگوہی صاحب کے فتاویٰ رشیدیہ کے حوالہ سے گذرا۔ ان کے علاوہ اللہ تعالےٰ کے بارے میں ان کا عقیدہ خدا تعالےٰ جھوٹ بول سکتا ہے، بلکہ ہر برا کام کر سکتا ہے یہ اُن کی معتزلہ کے عقائد سے موافقت و مطابقت ہے، کیونکہ یہی عقیدہ معتزلہ کا ہے، چنانچہ امام علی بن سلطان القاری علیہ الرحمۃ الباری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| انہ لا یوصف اللہ تعالیٰ | بے شک اللہ تعالےٰ کے بارے |
| بالقدرة علی الظلم لان المحال | میں نہیں کہا جا سکتا کہ وہ ظلم پر |
| لا یدخل تحت القدرة وعند | قادر ہے۔ کیونکہ محال تحت قدرت |

Marfat.com

المحتن له انه يقدر ولكن لا يفعل (شرح فقہ اکبر ص۱۳۵ طبع مصر)
نہیں اور معتزلہ کے نزدیک وہ ظلم پر قادر ہے لیکن کرے گا نہیں۔

الحمد للہ امام علی بن سلطان القاری علیہ الرحمۃ الباری نے واضح فرمایا کہ ظلم پر قدرت کا عقیدہ معتزلہ کا عقیدہ ہے اہلسنت کا نہیں اور علماء دیوبند نے مسلک اہلسنت کو چھوڑ کر معتزلہ کا عقیدہ اختیار کر لیا ہے۔

## جناب محمود حسن صاحب دیوبندی کی دیانت

قارئین علماء دیوبند کی دیانت بھی ملاحظہ فرماتے جائیں کہ محمود حسن صاحب دیوبندی مدرس اوّل دیوبند و شاگرد رشید احمد گنگوہی نے جہد المقل میں علامہ خفاجی کے حوالہ سے لکھا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

قال المحقق هو لا يفعل الظلم لمنافاته الحكمة لا المقدرة الخ (جہد المقل ج ۱ ص۴۷)
محقق فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ظلم نہیں کرے گا۔ کیونکہ ظلم اسکی حکمت کے خلاف ہے۔ قدرت کے خلاف نہیں۔

اسی عبارت سے محمود حسن صاحب نے یہ تاثر دینے کی کوشش کی ہے کہ کوئی اہل سنت کے محقق ہیں جو عقیدۂ اہل سنت بیان کر رہے ہیں کہ:

اللہ تعالیٰ اس لیے ظلم نہیں کرے گا کہ یہ اسکی حکمت کے خلاف ہے قدرت کے خلاف نہیں۔ یعنی وہ اس پہ قادر ہے کہ کسی پر ظلم کرے۔ جبکہ امام خفاجی کی مراد "محقق" سے علامہ امام زمخشری معتزلی ہے، جو فرقہ معتزلہ کا امام و محقق ہے اس کا اہل سنت سے تعلق نہیں۔ اور علامہ امام خفاجی نے اس کے بعد مسلک اہل سنت اس کے برعکس بتایا ہے جسے محمود حسن صاحب نے چھوڑ دیا (ملاحظہ ہو

حاشیہ خفاجی علی البیضاوی ج - ۳ ص ۱۳۶/۱۳۷ )

اور یہی عبارت جسے معتزلہ کا مذہب بیان کرتے ہوئے امام خفاجیؒ نقل کیا بعینہٖ تفسیر کشاف میں موجود ہے ملاحظہ ہو۔

| | |
|---|---|
| وانہ لا یفعل لاستحالۃ فی الحکمۃ لا لاستحالۃ فی القدرۃ | یعنی اللہ تعالیٰ ظلم نہیں کرے گا کیونکہ یہ اس کی حکمت میں محال ہے۔ اس کی قدرت میں محال نہیں ہے۔ |
| (تفسیر کشاف ج ۱ ص ۵۲۷) | |

علماء دیوبند پر جس قدر افسوس کیا جائے کم ہے بڑی ہوشیاری کے ساتھ لوگوں کو دھوکہ دیتے اور گمراہی کے پھیلانے میں ایڑی چوٹی کا زور صرف کر رہے ہیں، اس سلسلے میں بڑی بڑی سے بھی باز نہیں آتے، جناب طاہر القادری اور محترم جسٹس صاحب کی حالت بھی قابل رحم ہے جو ان اختلافات کو فروعی قرار دے رہے ہیں، جن کا تعلق اللہ تعالیٰ کی شانِ تقدیس کے ساتھ ہے گویا خدا تعالیٰ کے کذب کا امکان بلکہ اس کا وقوع بھی ان کے نزدیک فروعی مسئلہ ہے۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

## ارشادِ علامہ احمد سعید الکاظمی علیہ الرحمۃ

قارئین کرام، اس سلسلے میں علامہ امام احمد سعید الکاظمی علیہ الرحمۃ کا ارشاد گرامی بھی ملاحظہ فرماتے جائیں۔ جو انہوں نے علماء دیوبند کے اس عقیدۂ فاسدہ کے بارے میں فرمایا۔

"اہلسنت کہتے ہیں کہ کذب کے تحت قدرت باری تعالیٰ ہونے سے بندوں کے جھوٹ کی تخلیق اور اس کے باقی رکھنے یا نہ رکھنے پر قدرت خداوندی کا ہونا مراد ہے یا یہ مقصد ہے کہ اللہ تعالیٰ بذات خود صفت کذب سے متصف ہو سکتا ہے۔ اگر پہلی

شق مراد ہے تو اس میں آج تک کسی سنی نے اختلاف نہیں
کیا۔ پھر یہ کہنا کہ امکانِ کذب کے مسئلہ میں شروع سے
ہی اختلاف رہا ہے باطل محض اور جہالت و ضلالت ہے
اور اگر دوسری شق مراد ہو تو اس سے بڑھ کر شانِ الوہیت
میں کیا گستاخی ہو سکتی ہے کہ معاذ اللہ۔ اللہ تعالےٰ کے متصف
بالکذب ہونے کو ممکن قرار دیا جائے اہل سنت کے نزدیک
ایسا عقیدہ کفر خالص ہے۔ اعاذنا اللہ منہا۔

(الحق المبین ص۴۸)

لیجئے علامہ امام احمد سعید کاظمی علیہ الرحمۃ نے عقیدۂ علماء دیوبند کو کہ خدا تعالےٰ جھوٹ بول سکتا ہے۔ نہ صرف گمراہی قرار دیا ہے بلکہ اُسے کفر خالص ٹھہرایا ہے۔ اب جناب طاہر اور جناب جسٹس صاحب مدظلہ تعالیٰ جو ان اختلاف کو فروعی ٹھہراتے جا رہے ہیں واضح فرمائیں کہ فرقہ دیوبندی اہلسنت سے الگ فرقہ اور باقاعدہ ایک الگ مسلک ہوا یا نہ؟ پھر ان کا انٹرویو میں کہنا کہ "دیوبندی" کوئی فرقہ نہیں، طاہر صاحب کی ناواقفیت نہیں تو اور کیا ہے؟ پھر اپنے ادارہ منہاج القرآن میں دیوبندی مسلک کے لوگوں اور شیعوں کو ممبر بنانا۔ اس بات کا ثبوت نہیں کہ یہ ادارہ اہلسنت کا نہیں

## علماء دیوبند معتزلہ کی طرح علم الٰہی کے منکر

دیوبندی حضرات کے مولا و مرشد جناب رشید احمد گنگوہی کے شاگرد رشید اور خلیفہ و جانشین جناب حسین علی ساکن واں بھچراں، ضلع میانوالی اور ان کے شاگرد غلام اللہ خاں راولپنڈی اور بعض دیگر علماء دیوبند معتزلہ کے اس عقیدہ کی کہ :-

"اللہ تعالیٰ کو اپنے بندوں کے کاموں کا پہلے سے علم نہیں ہوتا بلکہ بندوں کے کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کو ان کے کاموں کا علم ہوتا ہے۔" تائید و حمایت کر کے معتزلہ کی طرح علمِ الٰہی کے منکر ہو گئے، چنانچہ حسین علی صاحب اپنی تفسیر "بلغۃ الحیران" میں جو انہوں نے اپنے شاگرد غلام اللہ خاں راولپنڈی کو قلم بند کرائی ہیں فرماتے ہیں۔

"اور انسان خود مختار ہے، اچھے کام کرے یا نہ کرے اور اللہ تعالیٰ کو پہلے سے کوئی بھی علم نہیں کہ کیا کریں گے بلکہ اللہ تعالیٰ کو ان کے کرنے کے بعد معلوم ہوگا۔"

اس کے بعد فرماتے ہیں:۔

"اور آیات قرآنیہ جیسا کہ ولیعلم الذین وغیرہ بھی اور احادیث کے الفاظ بھی اس مذہب پر منطبق ہیں۔" (تفسیر بلغۃ الحیران ص ۱۵۷-۱۵۸)

یہاں یہ کہنا کہ اس عبارت میں مولوی حسین علی صاحب نے اپنا مذہب بیان نہیں کیا ہے انتہائی مضحکہ خیز ہے۔ اس لئے کہ جب مولوی صاحب مذکور نے قرآن وحدیث کو اس مذہب پر منطبق مانا تو اس کی حقانیت کو تسلیم کر لیا خواہ معتزلہ کا مذہب ہو یا کسی دوسرے کا قرآن وحدیث جس پر منطبق ہے اس کا انکار کیوں کر سکتا ہے؟۔

(الحق المبین ص ۴۷)

جبکہ اہلسنت کے نزدیک ایسی آیات کی تاویل کی گئی ہے۔ مثلاً علم بمعنی تمیز بھی کیا جاتا ہے۔ (ملاحظہ ہو صحیح بخاری ج۔۲ ص ۷۰۳)

حالانکہ اہلسنت کے نزدیک علمِ الٰہی کا منکر اسلام سے خارج ہے۔ چنانچہ امام علی بن سلطان القاری علیہ الرحمۃ الباری فرماتے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| من اعتقد ان اللہ لا یعلم | جو یہ عقیدہ رکھے کہ اللہ تعالیٰ |
| الاشیاء قبل وقوعها فهو کافر | چیزوں کو ان کے واقع ہونے |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وان عد قائلہ من اھل البدعة | سے پہلے نہیں جانتا وہ کافر ہے اگرچہ اس عقیدہ کا قائل اہل بدعت |
| (شرح الفقہ الاکبر ص۱۶۳ مصری) | سے شمار کیا گیا ہو۔ |

اس سے معلوم ہوا کہ علماء دیوبند کے عقائد کفریہ ہیں اور اس اختلاف کو فروعی اختلاف شمار کرنا خود کفریہ عقیدہ اختیار کرنا ہے اور یہ جو بعض حضرات جو ان اختلافات کو محض باہمی غلط فہمیاں یا محض تحریر و قلم کی فروگذاشت اور بے احتیاطی سے تعبیر کرتے ہیں۔ دانستہ یا نادانستہ کفریہ عقائد کی حمایت کر کے مسلک اہل سنت سے بیزاری یا بے خبری کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔

## علماء دیوبند مجسمہ فرقہ بھی ہیں

نیز علماء دیوبند کے عقائد میں جہاں معتزلیہ کفریہ عقائد کی آمیزش ہے وہاں فرقہ مجسمہ (جو اللہ تعالےٰ کے جسم ہونے کا عقیدہ رکھتے ہیں) کے عقائد باطلہ کفریہ کی آمیزش بھی ہے اور اس کا سبب یہ ہے کہ یہ امام ابن تیمیہ کو بھی اپنا پیشوا اور بزرگ مانتے ہیں اور وہ مجسمہ فرقہ کی طرح خدا تعالیٰ کے جسم ہونے کا قائل بھی تھا۔ چنانچہ علامہ امام عبدالحلیم انصاری لکھنوی والد ماجد مولانا عبدالحی لکھنوی "القول الاسلم علی شرح السلم" میں فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| رد علی قول ابن تیمیة من المجسمة حیث قال ان الله متمکن علی العرش وھو مکانہ (القول الاسلم ص۳) | علامہ عبدالشکور بہاری علیہ الرحمۃ کا "لا یحد" کہنا مجسمہ میں سے ابن تیمیہ کا رد ہے کہ اس نے کہا کہ بیشک اللہ تعالےٰ عرش پر رہتا ہے اور وہ اس کی جگہ ہے۔ |

اسی طرح امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے فتاویٰ حدیثیہ میں ابن تیمیہ اور اس کے

شاگرد ابن قیم کو گمراہ اور گمراہ کن ٹھہرایا ہے لیکن علماء دیوبند اسے اپنا بزرگ قرار دیتے ہیں۔

## علماء دیوبند شانِ قرآن کے منکر

قارئین کرام کو یہ معلوم کر کے شاید تعجب ہوگا کہ علماء دیوبند شانِ قرآن کریم کے بھی منکر ہیں، مسلمانوں کے عام و خاص سب سمجھتے یا کہ یہ عقیدہ رکھتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جو اپنا کلام یعنی قرآن کریم نازل کیا وہ ایسا فصیح و بلیغ کلام ہے کہ کفار ایسا فصیح و بلیغ کلام لانے سے عاجز و قاصر رہ گئے۔ قرآن کریم کی فصاحت و بلاغت معجزانہ حد تک مسلم ہے لیکن علماء دیوبند کا مسلک یہ ہے کہ قرآن کریم نے کفار کو اپنی فصاحت و بلاغت سے عاجز نہیں کیا تھا اور یہ کہ فصاحت و بلاغت سے عاجز کرنا علماءِ دیوبند کے نزدیک کوئی کمال بھی نہیں، چنانچہ دیوبندی علماء کے مولا و مرشد جناب رشید گنگوہی کے شاگرد و مرید خلیفہ و جانشین جناب حسین علی صاحب اپنی کتاب بلغۃ الحیران میں فرماتے ہیں۔

> یہ خیال کرنا چاہیئے کہ کفار کو عاجز کرنا کوئی فصاحت و بلاغت سے نہ تھا۔ کیونکہ قرآن خاص واسطے کفار فصحا و بلغاء کے نہیں آیا تھا اور یہ کمال بھی نہیں۔" (بلغۃ الحیران ص ۱۲)

## امام احمد سعید الکاظمی علیہ الرحمۃ کا فرمانِ ذی شان

علامہ امام سعید الکاظمی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ

> "اہلسنت کا عقیدہ ہے کہ قرآنِ کریم نے یقیناً اپنی فصاحت و بلاغت سے کفار فصحاءِ عرب کو عاجز کیا تھا اور قرآن کی یہ شانِ اعجاز قیامت تک باقی رہے گی، جو شخص اس اعجاز قرآنی کا منکر ہے اور قرآن کریم کی فصاحت و بلاغت کو کمال نہیں سمجھتا وہ دشمن

Marfat.com

ملحد و بے دین، خارج از اسلام ہے۔'' (الحق المبین صلا)

جناب طاہر القادری اور جسٹس صاحب جو ان اختلافات کو فروعی قرار دے رہے ہیں عبرت حاصل کریں کہ کیا فروعی اختلاف کی وجہ سے کسی کو ملحد و بے دین اور اسلام سے خارج قرار دیا جاتا ہے ؟

## علماء دیوبند شانِ رسالت کے منکر اور مرزائیوں کے ہم عقیدہ ہیں

شانِ الوہیت اور شانِ قرآن کے انکار کے ساتھ ساتھ علماء دیوبند نے شانِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی انکار کر کے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں وہ سوءِ ادبیاں اور گستاخیاں کیں ہیں کہ آج تک کسی کافر کو بھی اس کی ہمت نہیں پڑی نیز انہوں جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت پر بھی ہاتھ صاف کر ڈالا اور مرزا غلام احمد قادیانی کے لئے دعوائے نبوّت آسان بنا دیا بلکہ اس کے لئے راستہ کھول دیا چنانچہ دیوبند کے بانی جناب نانوتوی صاحب نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں نازل شدہ کلام الٰہی ''ولکن رسول اللہ وخاتم النبیّین'' میں لفظ '' خاتم النبیّن کے اجماعی معنی کا انکار کر دیا۔ جبکہ یہ معنی چودہ سو سال سے مسلم و قطعی و اجماعی چلا آرہا تھا اور وہ معنی ہے '' آخری نبی'' جس کا انکار کیا گیا اور اسے عوام کا خیال ٹھہرایا گیا۔

ملاحظہ فرمائیے بانی دار العلوم دیوبند جناب محمد قاسم نانوتوی اپنی کتاب تحذیر الناس میں لکھتے ہیں:۔

'' بعد حمد و صلوٰۃ کے قبل عرض جواب یہ گزارش ہے کہ اول معنی '' خاتم النبیّن'' کے معلوم کرنے چاہئیں تاکہ فہم جواب میں کچھ دقت نہ ہو۔ سو عوام کے خیال میں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خاتم ہونا بایں معنی ہے کہ آپ کا زمانہ انبیاء سابق کے زمانہ کے بعد ہے۔

اور سب میں آخری نبی ہیں۔ مگر اہل فہم پر روشن ہوگا کہ تقدم یا تاخر زمانی میں بالذات کچھ فضیلت نہیں پھر مقام مدح میں "وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ" فرمانا اس صورت میں صحیح ہو سکتا ہے "۔ (تحذیر الناس طبع دیوبند ص۳)

حالانکہ قرآنِ مجید میں جو لفظ "خَاتَمَ النَّبِیّٖنَ" وارد ہوا۔ اس کا معنی جو چودہ سو سال سے منقول و متواتر چلا آرہا ہے وہ "آخر النبیین" ہی ہے یعنی "آخری نبی"۔ جو شخص اس کو محض عوام کا خیال قرار دیتا ہے وہ قرآن کریم کے معنی منقول و متواتر کا منکر ہے اور بانی دارالعلوم دیوبند نے اس معنی کا انکار اور دیگر دیوبند علماء نے اس سے اتفاق اور اس کی حمایت کر کے کفر کا ارتکاب کیا۔

## خاتم النبیین کا من گھڑت معنی

اس کے بعد آپ جناب نانوتوی نے " خاتم النبیین " کا جو من گھڑت معنی کیا ہے۔ وہ یہ کہ

" آپ موصوف بہ وصف نبوّت بالذات ہیں اور سوا آپ کے اور نبی موصوف بہ وصفِ نبوّت بالعرض، اوروں کی نبوت آپکا فیض ہے پر آپ کی نبوت کسی اور کا فیض نہیں۔" (تحذیر الناس ص۴)

پھر لکھتے ہیں :

"بالجملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وصفِ نبوت میں موصوف بالذات ہیں اور سوا آپ کے اور انبیاء موصوف بالعرض

(ص۸)

سب موصوف نے چونکہ " خاتم النبیین کا معنی ہی بدل ڈالا اور اس کا معنی یہ کیا آپ

Marfat.com

کی نبوت بالذات اور دوسرے نبیوں کی بالعرض ہے اور اس کی مزید وضاحت بھی کردی کہ آپ کی نبوت کی مثال سورج کی سی ہے، جس کا نور ذاتی ہے اور دوسرے نبیوں کی نبوت کی مثال ستاروں کی سی ہے، جن کا نور ذاتی نہیں بلکہ سورج ہی کے نور کا فیض ہے۔ اور موصوف بالعرض کا قصہ موصوف بالذات پر اختتام پذیر ہوتا ہے سب کے کمالات آپ میں جمع ہیں کا سلسلہ آپ پر ختم ہو جاتا ہے۔ بایں معنی آپ خاتم النبیین ہیں۔" (صکا) اس کے بعد فرماتے ہیں۔

" قدر ضرورت پر اکتفاء کرکے عرض پرداز ہوں کہ اطلاق خاتم اسبات کو مقتضی ہے کہ تمام انبیاء کا سلسلہ نبوت آپ پر ختم ہوتا ہے۔ جیسے انبیاء گزشتہ کا وصف نبوت میں حسب تقریر مسطور اس لفظ سے آپ کی طرف محتاج ہونا ثابت ہوتا ہے اور آپ کا اس وصف میں کسی کی طرف محتاج نہ ہونا اس میں انبیاء گزشتہ ہوں یا کوئی اور، اور اگر اسی طرح اگر فرض کیجئے آپ کے زمانے میں بھی اس زمین میں یا آسمان میں کوئی نبی ہو تو وہ بھی اس وصف نبوت میں آپ ہی کا محتاج ہوگا۔ اور اس کا سلسلہ نبوت بہرطور آپ پر مختتم و اختتام پذیر ہوگا اور کیوں نہ ہو عمل کا سلسلہ علم پر ختم ہوتا ہے۔ جب علم ممکن للبشر ہی ختم ہوگیا۔ تو سلسلہ علم و عمل کیا ہے۔ غرض اختتام اگر بایں معنی تجویز کیا جاوے جو میں نے عرض کیا تو آپ کا خاتم ہونا انبیاء گزشتہ ہی کی نسبت خاص نہ ہوگا بلکہ اگر بالفرض آپ کے زمانے میں بھی کہیں اور کوئی نبی ہو جب بھی آپ کا خاتم ہونا بدستور باقی رہتا ہے۔

(تحذیر الناس ص ۱۳/۱۴)

قارئین نے سمجھ لیا ہوگا کہ بانی دار العلوم دیوبند حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو زمانہ کے اعتبار سے آخری نبی تسلیم نہیں کر رہے ہیں بلکہ مرتبہ و کمالات اور آپ کے وصف نبوت کے ساتھ بالذات متصف ہونے کے اعتبار سے آپ کو آخری مانتے ہیں یہی وجہ ہے کہ وہ حضور کے زمانۂ اقدس میں کسی اور نبی کے فرض کئے جانے کو آپ کی ختم نبوت کے

خلاف نہیں سمجھتے اور نہ ہی بعد میں کسی نبی کے فرض کئے جانے کو حضور کی شان خاتمیت کے منافی سمجھتے ہیں۔ چنانچہ اس کے بعد لکھتے ہیں۔

اگر خاتمیت بہ معنی اوصاف ذاتی بہ وصف نبوت لیجئے جیسا ہیچمدان نے عرض کیا ہے تو پھر سوائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کسی کو افراد مقصود بالخلق میں سے مماثل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نہیں کہہ سکتے۔ بلکہ اس صورت میں فقط انبیاء کے افراد خارجی ہی پر آپ کی افضلیت ثابت نہ ہوگی۔ افراد مقدرہ پر آپ کی فضیلت ثابت ہو جائے گی۔ بلکہ اگر بالفرض بعد زمانۂ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا۔ (تحذیر الناس صہ ۲۵)

لیکن اہلسنت کا مسلک یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے بعد کوئی نبی پیدا ہو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت میں ضرور فرق آئے گا۔ جیسا کہ بفرض محال اللہ تعالٰے کیساتھ کوئی دوسرا اللہ پایا جائے تو توحید باری تعالٰے میں ضرور فرق آئے گا۔ جو شخص اس فرق کا منکر ہے وہ توحید باری تعالٰے کا بھی منکر ہے اور ختم نبوت کا بھی۔

## عُلماء دیوبند کے عقیدے میں سات خاتم النبیّین

قارئین:۔ بانئ دارالعلوم دیوبند نے "خاتم النبیّین" کا جو گمراہ کن اور کفری معنی کیا اب بناء فاسد علی الفاسد کے طور پر اس پر مزید عمارتیں کھڑی کرتے چلے جا رہے ہیں، پہلے کہہ چکے ہیں کہ حضور کے زمانہ میں بھی بالفرض کوئی اور نبی ہو جب بھی آپ کی خاتمیت میں فرق نہ آئے گا کیونکہ آپ کے زمانہ یا آپ کے بعد کے نبی آپ کے ہی فیضان کے محتاج ہوں گے، چونکہ فیضان آپ کا ہی ہوگا اس لئے کہ وصف نبوت ابنیاء متصف بالذات اور کمالات و مرتبہ میں سب سے آخری نبی آپ ہی ہیں۔ اس لئے اس کے ساتھ یا آپ کے بعد کوئی اور نبی بھی ہوں تو آپ کی ختم نبوت میں فرق نہ آئے گا اس کے علاوہ بانی دارالعلوم

Marfat.com

دیوبند کے نزدیک ہر ایک زمین پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ چھ خاتم النبیین اور بھی ہیں اس طرح کل سات خاتم النبیین ہوئے۔ حالانکہ آج تک جملہ اہل اسلام کا متفق علیہ اور اجماعی و قطعی عقیدہ چلا آ رہا ہے کہ عرش الٰہی سے تحت الثریٰ تک، مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب تک کے درمیان واحد خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں۔ مگر بانی دارالعلوم دیوبند حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چھ خاتم النبیین اور بھی مانتے ہیں (ملاحظہ ہو تحذیر الناس ص ۲۷/۲۸/۲۹/۳۰/۳۱) لکھتے ہیں۔

"ہر زمین میں اس زمین کے انبیاء خاتم ہیں پر ہمارے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ان سب کے خاتم۔" (ص ۳۱)

"ہر زمین کا خاتم اگرچہ خاتم ہے پر ہمارے خاتم النبیین کا تابع ہے۔" (ص ۳۱)

قارئین غور فرمائیں کہ کیا ختم نبوت فروعی مسئلہ ہے تو غلام احمد قادیانی اور اس کے پیروکاروں کو اسلام سے کیوں خارج ٹھہرایا گیا ہے اور اگر اصولی ہے تو بانی دارالعلوم دیوبند اور اس کے پیروکار دیوبندی علماء کو کیوں مستثنیٰ کیا جائے، جناب طاہر صاحب اور محترم جسٹس صاحب اسے فروعی مسئلہ قرار دے کر اپنے ایمان و اعتقاد کی خبر لیں اور خدائے قدوس کے حضور پیش ہونے سے پہلے ہی اپنی اصلاح کر لیں۔ پھر محترم جسٹس صاحب کا فرمانا کہ "نانوتوی صاحب، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت زمانی کے منکر نہیں ہیں، خود ان کے لئے لمحہ فکریہ ہے کہ نانوتوی صاحب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چھ خاتم النبیین اور بھی تسلیم کر رہے ہیں، پھر بھی مان لیا جائے کہ وہ ختم زمانی پر یقین رکھتے ہیں" ع این چہ بوالعجبی ست

---

Marfat.com

# علماء دیوبند کا عقیدہ کہ شیطان کا علم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ ہے۔ (معاذ اللہ)

---

قارئین ! ان اختلافات کو فروعی اختلاف ٹھہرانے والوں کی نادانی پر تعجب آتا ہے۔ غور فرمائیے وہابیوں کے گروہ میں سے فرقہ دیوبندیہ کے بزرگ عالم جناب خلیل احمد انبیٹھی شاگرد و خلیفہ جناب رشید احمد گنگوہی اپنی کتاب براہین قاطعہ کے صفحہ ۳۰ پر جو گنگوہی صاحب کی مصدقہ بھی ہے۔ لکھتے ہیں کہ

"حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُردو زبان علماء دیوبند سے معاملہ کر کے سیکھنی۔ تبیہ کہتے ہیں کہ سبحان اللہ اس سے رتبہ اس مدرسہ کا معلوم ہوا۔" (ملخص) یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دیوبند سے اُردو زبان سیکھنا اس مدرسہ کی اور اس کے علماء کی عظمت کی دلیل ہے۔ لاحول ولا قوۃ۔ کیا اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین نہیں ہے؟

پھر اسی کتاب کے صفحہ ۵۵ پر لکھتے ہیں کہ معاذ اللہ " حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو صحابہ کے اور اپنے انجام تک کا علم نہ تھا۔ پھر لکھتے ہیں :-

"شیخ عبدالحق (حدیث) روایت کرتے ہیں کہ (حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) مجھ کو دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں۔" علماء دیوبند حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم مبارک کی تنقیص کے لئے یہاں تک زور لگا رہے ہیں کہ جھوٹ بولنے اور بہتان لگانے سے بھی نہیں چوکتے۔ چنانچہ یہاں حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ پر بہتان لگا دیا۔ حالانکہ شاہ صاحب مدارج النبوۃ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم پاک

Marfat.com

کی وسعت بیان کرتے ہوئے مخالف کی طرف سے اعتراض بیان کرتے ہیں کہ ایک حدیث میں ہے کہ آپ نے فرمایا کہ مجھے دیوار کے پیچھے کا علم نہیں، پھر اس اعتراض کا یہ جواب دیتے ہیں کہ

"این سخنے اصلے ندارد و روایت بداں صحیح نشدہ" کہ اس حدیث کی کوئی اصل نہیں اور ایسی کوئی صحیح روایت نہیں آئی (مدارج نبوت ج: ۱ ص ؍)

پھر لکھتے ہیں :-

"الحاصل غور کرنا چاہیئے کہ شیطان و ملک الموت کا حال دیکھ کر علم محیط زمین کا فخر عالم کو خلاف نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصہ ہے؟ شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی فخر عالم کی وسعت علم کی کون سی نص قطعی ہے کہ جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے"۔ (براہین قاطعہ ص۵۵)

علماء دیوبند نے اس عبارت میں شیطان اور ملک الموت کے علم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ مانا پھر عجیب بات یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے زمین کا محیط علم شرک قرار دیا۔ پھر اسی کو شیطان و ملک الموت کے لئے نہ صرف تسلیم کیا بلکہ اُسے قرآن و سنت کے نصوص و عبارات سے ثابت بھی مانا گویا شیطان و ملک الموت خدا تعالے کے شریک ٹھہرے اور ان کا شریک ہونا قرآن و سنت سے ہی ثابت ہوا۔ (لاحول ولاقوۃ الا باللہ) اور ان کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ میں شیطان اور ملک الموت کو زیادہ علم والا ماننا۔ درج ذیل عبارت سے بھی صراحت کے ساتھ ثابت ہو رہا ہے۔

"اعلیٰ علیین میں روح مبارک علیہ السلام کی تشریف رکھنا اور ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ علم آپ کا ان امور میں

Marfat.com

ملک الموت کے برابر ہو چہ جائیکہ زیادہ ۔" (براہین قاطعہ ص۵۶)

حالانکہ ائمہ کرام فرماتے ہیں کہ جو یہ کہے کہ فلاں کا علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ ہے وہ کافر ہو گیا چنانچہ آگے حوالہ آتا ہے۔

## علماء دیوبند کا اپنی طرف نبوت کی نسبت پر تسلی و اطمینان

علماء دیوبند کے حکیم الامت جناب اشرف علی تھانوی صاحب کے ایک مرید نے لکھا ہے کہ اس نے خواب میں کلمہ پڑھا مگر محمد رسول اللہ کی جگہ اپنے پیر و مرشد تھانوی صاحب کا نام لیتا رہا اور "لا إلٰه إلا الله اشرف علی رسول الله" کہتا رہا پھر بیدار ہُوا۔ اور اپنی غلطی کا احساس کرتے ہوئے بیداری میں درود شریف پڑھ کر اس غلطی کا تدارک کرنا چاہا لیکن درود میں بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم گرامی کی بجائے اشرف علی تھانوی زبان پر آتا رہا اور یوں کہتا رہا۔" اللّٰھم صل علی سیدنا و نبینا و مولانا اشرف علی،" حالانکہ بیدار تھا۔ لیکن کہتا ہے کہ زبان قابو میں نہ تھی۔" اس کا جواب تھانوی صاحب نے یہ دیا "اس واقعہ میں تسلی تھی کہ جس کی طرف تم رجوع کرتے ہو وہ بعونہ تعالیٰ متبع سنت ہے،، ۲۴ شوال ۱۳۳۵ھ،،

(رسالہ الامداد ماہ صفر ۱۳۳۶ھ تھانہ بھون ج ۳ ص۳۵

اس کے بعد تھانوی اور ان کے مرید مذکور کا معاملہ ۱۳۳۸ھ کو علماء حرمین شریفین کے پیش ہُوا۔ جس پر انہوں نے دونوں کی تکفیر کی اور اسے رسالہ کی صورت میں "الجبل الثانوی علی کلوۃ التھانوی" کے تاریخی نام سے شائع کیا گیا۔

پھر بھی تھانوی صاحب جن کے نام پر لاہور میں علماء دیوبند نے "جامعہ اشرفیہ" کے نام سے مدرسہ بھی قائم کر رکھا ہے جنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کی تنقیص کی

Marfat.com

وہ کہتے ہیں۔

"آپ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا (کہ آپ غیب جانتے ہیں) اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب یہ امر ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے، یا کل غیب، اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی کیا تخصیص، ایسا علم غیب تو زید و عمرو بلکہ ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات کے لئے بھی حاصل ہے۔ (حفظ الایمان ص۸ طبع دیوبند)

اس سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم پاک سے شیطان و ملک الموت کا علم زیادہ بتایا گیا تھا اب "ایسا" کا کلمہ جو اردو میں تشبیہ کے لئے ہوتا ہے استعمال کر کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کو بچوں، پاگلوں اور تمام جانوروں کے علم جیسا بتایا جا رہا ہے۔ لا حول و لا قوۃ الا باللہ، اس پر امام شہاب الدین خفاجی علیہ الرحمۃ کا فرمان ملاحظہ ہو۔

من سب النبی صلی اللہ علیہ وسلم او عابہ ونقصہ کان یقول فلان اعلم منہ صلی اللہ علیہ وسلم او الحق بہ نقصا فی نفسہ او مما یتعلق بخلقہ وخلقتہ او نسبہ (الی ان قال) فانہ کفر (حاشیہ نسائی از محدث سورتی علیہ الرحمۃ نمبر ج ۱ ص ۱۷۱ بحوالہ نسیم الریاض)

جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف شان بات کی یا آپ کی طرف عیب کی نسبت کی یا آپ کی تنقیص کی مثلاً یوں کہا کہ فلاں کا علم حضور کے علم سے زائد ہے یا آپ کی ذات شریف کی طرف کسی نقص کی نسبت کی یا آپ کے خلق یا خلقت یا نسب شریف کی طرف عیب کی نسبت کی وہ بلا شبہ کافر ہو گیا۔

اس تحقیق کے بعد علماء دیوبند کے مذکورہ بالا عقائد کے کفر ہونے میں کونسا شک باقی رہ گیا۔ جس کی بنا پر ان اختلافات کو جو سنی اور وہابی دیوبندی کے درمیان پائے جاتے ہیں۔ فروعی ٹھہرایا جا رہا ہے۔ علماء دیوبند سے اپیل ہے کہ وہ راقم کی تلخ نوائی کا برا نہ مانیں، حق کو مانیں

Marfat.com

# حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لقب رحمۃ للعالمین کی توہین

علماء دیوبند کے مولا ومرشد جناب گنگوہی صاحب فتاویٰ رشیدیہ میں فرماتے ہیں۔

"لفظ رحمۃ للعالمین صفت خاصہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نہیں ہے بلکہ دیگر اولیاء وانبیاء اور علماء ربانیین بھی موجب رحمت عالم ہوتے ہیں۔ اگرچہ جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب میں اعلیٰ ہیں۔ لہٰذا اگر دوسرے پر اس لفظ کو بول دیوے تو جائز ہے۔"

(فتاویٰ رشیدیہ صفحہ ۹۷ طبع کراچی)

حالانکہ رحمۃ للعالمین کے معنی سارے جہانوں کے لئے رحمت ہونے کے ہیں۔ بیشک ہر نبی اور ولی اللہ کی طرف سے لوگوں کے لئے رحمت ہیں۔ مگر جب اس کی اضافت عالمین کی طرف جائے گی۔ تو اس کا استعمال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی اور کیلئے بھی کسی طرح درست نہ ہوگا بلکہ اس کو حضور کی شان میں تنقیص تصور کیا جائے گا۔ جیسے "رب" کے معنی مالک کے ہیں۔ اس کا استعمال اللہ تعالیٰ کے سوا دوسروں کے لئے بھی ہوا مثلاً "رب المال" یعنی مال کا مالک "رب الدار" گھر کا مالک، لیکن جب اسے "عالمین" کی طرف مضاف کریں گے تو اس وقت اس کا استعمال اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کے لئے درست نہ ہوگا۔ بے شک مجازی معنی ہی مراد لیں تب بھی۔ مثلاً "رب العالمین" مجازاً بھی کسی کو نہیں کہہ سکتے اسی طرح "رحمۃ للعالمین" بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے، لیکن علماء دیوبند حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مخصوص القاب واوصاف اپنے علماء کو دے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں تنقیص کے مرتکب ہوتے ہیں۔ چنانچہ جامعہ اشرفیہ کے بانی مفتی محمد حسن کے انتقال پر ان کی سوانح چھاپی گئی تو اس میں انکو رحمۃ للعالمین کا خطاب دیا گیا ملاحظہ ہو:۔

"آج نماز جمعہ کے موقع پر یہ خبر جانکاہ سن کر دل حزیں پر بے حد چوٹ لگی کہ

Marfat.com

حضرت قبلہ "رحمۃ اللعالمین" دنیا سے سفر آخرت فرما گئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔" (تذکرہ حسن ص۲۰۶ مرتبہ وکیل احمد جامعہ اشرفیہ لاہور ۱۳۸۱ھ)

حضرات محترم بلاشبہ یہ عقائد وہابیہ تھے جن پر علماء عرب وعجم نے کفر کے فتوے عائد کرکے اپنی دینی شرعی ذمہ داریوں کا ثبوت دیا (ملاحظہ ہو حسام الحرمین، الصوارم الھندیہ، الحق المبین، العبل الثانوی وغیرہ) اور ان عقائد کو قادیانیوں اور رافضیوں کے عقائد کی طرح قطعاً کفریہ ٹھہرایا اور ایسا کفریہ کہ اس میں ادنیٰ سا شک بھی

شیعہ عقائد میں بڑی بات یہ ہے کہ یہ لوگ بارہ اماموں کو انبیاء سابقین علیہم السلام سے افضل سمجھتے ہیں اور یہ کفر ہے۔ یعنی غیر نبی کو نبی سے افضل کہنا نبی کی توہین ہے لہٰذا ایسے شیعہ انبیاء علیہم السلام کی توہین کے مرتکب ہو کر کافر ٹھہرتے ہیں اور دوسری وجہ کفریہ ہے کہ شیعہ حضرات قرآن کریم کو ناقص قرار دیتے ہیں یہ بھی کفر ہے۔ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں روافض جو قرآن کریم میں کمی بیشی کے قائل ہیں۔ ائمہ اطہار کو انبیاء سابقین میں سے کل یا بعض پر فضیلت دیتے ہیں وہ کافر و مرتد ہیں اور آج کل عامہ روافض اسی قسم کے ہیں۔

(فتاویٰ رضویہ ج۔۵ ص۲۸۲)

اب جناب طاہر جو روافض و شیعہ کی ہمنشینی پر فخر کرتے ہیں اور ساتھ ہی اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کے ہم عقیدہ بھی بنتے ہیں اپنے گریبان میں منہ ڈال کر اپنے دل کی آواز سنیں کہ کہاں تک سینوں کو فریب دے رہے ہیں۔

## حرف حجت

غرض یہ کہ جناب طاہر اور ان کے ہمنواؤں کا یہ خیال کہ تمام اسلامی فرقوں میں بنیادی قدریں سب مشترک ہیں۔ ایمان باللہ، ایمان بالرسل، ایمان بالکتاب

Marfat.com

ایمان بالملائکہ، ایمان بالیوم الآخر اور ایمان بالتقدیر پر متفق اور یکساں ایمان رکھتے ہیں ہماری گزشتہ تحقیق کی روشنی میں جو حرفِ حجت کی حیثیت رکھتا ہے، خیال غلط ثابت ہوا۔ کیونکہ ایمان باللہ میں یہ ضرور ہے کہ اس کی تمام صفتوں کو قدیم و ازلی و ابدی، دائمی اور لازوال مانا جائے اور ہر صفت کو عیب و نقص سے پاک و منزہ جانا جائے، صدق بھی اس کی صفت ہے اور یہ صفت کمال و لازوال ہے اور کذب ایک عیب و نقص ہے مگر جب اسمٰعیل دہلوی، رشید احمد گنگوہی، محمود حسن اور خلیل انبیٹھوی نے نہ صرف خدا تعالےٰ کو جھوٹ پر قادر ٹھہرایا بلکہ وقوعِ کذب تک کے قائل ہو گئے۔ بلکہ کذب کو اس کے ہر وعدہ و وعید و خبر کے لئے جنس اور بہ الفاظ محمود حسن نوع قرار دیا تو خدا تعالےٰ کا صدق سرے سے ہی محال ہو گیا۔ نعوذ باللہ من ھذ الضلال والنکال۔ تو خدا تعالےٰ پر ایمان کیسے متصور ہوا؟ اسی طرح ایمان بالرسل میں ان کی تعظیم و توقیر کا بجا لانا بھی شامل ہے جس کا تعلق ان کی ذات سے بھی ہے اور صفات سے بھی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے میں آپ کی خاتمیتِ زمانیہ پر بھی ایمان لانا ضروری ہے۔ ورنہ لفظ خاتم النبیین پر تو قادیانی بھی یقین رکھتے ہیں۔ لیکن قرآن "نظم اور معنی" دونوں کے مجموعہ کا نام ہے کسی ایک کا انکار دوسرے کا ہی انکار ہے۔ جب "خاتم النبیین" کے معنی "خاتم زمانی" کا انکار کر دیا جو اُمت کا اجماعی عقیدہ ہے اور متواتر منقول ہو کر ہم تک پہنچا ہے اور قطعی ہے، تو لفظ "خاتم النبیین" کا بھی انکار لازم آگیا تو مسلمان کہاں اور ایمان کیسے متصور ہوا۔

## مسائل ضروریہ کی ۲ دو قسمیں

جناب طاہر صاحب اور ان کے ہمنوا اس حقیقت سے یا بے خبر ہوں گے کہ مسائل ضروریہ کی دو قسمیں ہیں۔

ایک وہ جو ضروریات دین اسلام کہلاتے ہیں۔ جن میں سے کسی ایک کا انکار بلکہ

اس میں ادنیٰ سا شک بھی کفر قطعی اور ارتداد یقینی ہے وہ یہی مذکورہ بالا چھ ہیں مع تفصیلات کے جو عقائد میں مذکور و مسطور ہیں، بعض اسلام کے دعویدار فرقوں نے اگرچہ بظاہر ان چھ کا اقرار تو کیا لیکن کتاب و سنت سے ثابت ہونے والے دوسرے تفصیلی متعلقہ مسائل سے انکار کیا۔ جیسے شیعہ نے قرآن کریم کے کتاب کامل ہونے، انبیاء سابقین علیہم السلام کے بارہ اماموں سے افضل ہونے اور خلافت شیخین سے انکار کیا یہ کفر ہے، اس لئے اہلسنت وجماعت نے اپنے آپ کو ان فرقہ باطلہ سے ممتاز رکھنے کے لئے اور صراط مستقیم بتانے کے لئے ان مسائل کی تفصیل بڑی شرح وبسط سے فرمائی اور جو ضروریات مذہب اہل سنت سے شمار کئے گئے، جن میں سے کسی کا انکار ابتداع فی الدین گمراہی اور مذہب اہلسنت سے خروج شمار کیا گیا۔ آج کل وہابیہ (دیوبندی وغیر مقلدین) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مطلق علم غیب کے منکر ہیں۔ بلاشبہ یہ بھی کفر ہے۔ اور اولیاء کے علم غیب کے قائل نہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات جسمانی کے قائل نہیں، استمداد کے قائل نہیں۔ جواز ندائے نبی و ولی کے قائل نہیں، یہ مسائل اہلسنت کے متفقہ مسائل ہیں، وہابیہ اس میں اختلاف رکھتے ہیں۔ لہٰذا وہ اہلسنت سے جدا اور مبتدع و گمراہ شمار کئے گئے۔ هكذا حققه علمائنا رحمهم الله تعالیٰ

جناب طاہر اور ان کے ہمنواؤں کو معلوم ہونا چاہیئے کہ ہم اہلسنت کا دوسرے فرقوں سے اختلاف فروعی مسائل میں بھی ہے اور اصولی مسائل میں بھی۔ ہم اہلسنت نے فروعی مسائل میں کسی کو کافر و مرتد نہیں کہا اور اب پھر سن لیجئے کہ فاتحہ و میلاد کا انکار، عرس و گیارہویں کا انکار، قیام میلاد کا انکار، جواز ندائے یا رسول اللہ کا انکار، امداد کا انکار ما كان و ما يكون کے تمام جزئیات کے علم تفصیلی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار نہ کفر ہے نہ ارتداد۔ ہاں اصولی مسائل میں بیشک کفر کا فتویٰ دیا گیا۔ آپ ہی بتلایئے کہ خدا کے لئے امکان کذب کا قائل ہونا ختم زمانی کا انکار، حضور کے علم سے شیطان کے علم کو زیادہ بتانا، بچوں، پاگلوں، جانوروں، چوپایوں جیسا علم قرار دینا توکیا توہین نہیں، اور کیا یہ کفر

Marfat.com

نہیں، ارتداد نہیں اور کیا یہ مسائل بھی آپ کے نزدیک فروعی مسائل ہیں۔ آپ کو یہ بھی خبر نہیں کہ فروعی مسائل کسے کہتے ہیں۔ اور اصولی مسائل کسے کہتے ہیں۔ یاد رکھئے کہ ذات وصفات باری تعالیٰ اور ذات وصفات نبی سے تعلق رکھنے والے مسائل اصولی مسائل ہیں، شریعت مطہرہ نے جو ان کی تفصیل پیش کی ہے۔ اس میں ذرہ برابر کمی ایمان کو نقصان دہ ہے

## اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کا ارشادِ گرامی نام نہاد "اہلحدیث" کے بارے میں

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے ایک شخص کے جواب میں ارشاد فرمایا "اولاً مصنف عیار کا اتنا لکھنا ہی اس کی بدمذہبی وغیر مقلدی کے اظہار کو بس تھا کہ وہ لامذہبوں کو جن کا نام اس نے لامذہبوں سے سیکھ کر اہلحدیث ومحدثین رکھا ہے اور حنفیہ کرام کو ایک پلّے میں رکھتا ہے اور ان کا اختلاف مثل اختلاف صحابہ کرام وائمہ عظام رضی اللہ عنہم صرف فروعی بتاتا اور دونوں فریق میں اتحاد منا تا ہے، حالانکہ غیر مقلدین کا ہم سے اختلاف صرف فروعی نہیں بلکہ بکثرت اصول دین میں ہمارا ان کا اختلاف ہے، ہماری تمام کتبِ اصول مالا مال ہیں کہ ہمارے اور جملہ ائمہ اہلسنت کے نزدیک اصول شرع چار ہیں، کتاب وسنت واجماع وقیاس لامذہبوں نے اجماع وقیاس کو بالکل اڑا دیا۔ ان کا پیشوا صدیق حسن بھوپالی لکھتا ہے۔ "قیاس باطل واجماع بے اثر آمد" ان کی تمام کتابیں اس سے پُر ہیں کہ وہ سوا قرآن پاک کے کسی کا اتباع نہیں کرتے اور اجماع وقیاس کے سخت منکر ہیں۔ اور ہمارے ائمہ نے اجماع وقیاس کے ماننے کو ضروریاتِ دین سے گنا ہے اور ان کے منکر کو ضروریات دین کا منکر کہا ہے اور ضروریات دین کا منکر کافر ہے، پھر ان کا ہمارا اختلاف فروعی کیسے ہو سکتا ہے، مواقف و شرح مواقف موقف اول مرصدِ خامس مقصد سادس میں ہے - کون الاجماع حجة قطعية معلوم بالضرورة من الدين؛ یعنی اجماع کا حجت قطعی ہونا ضروریات دین سے ہے کشف البزدوی شریف میں ہے "قد ثبت بالتواتر

إن الصحابة رضی اللہ تعالیٰ عنھم عملوا بالقیاس وشاع وذاع ذٰلک فیما بینھم من غیر ردو انکار یعنی تواتر سے ثابت ہؤا کہ صحابہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم قیاس پر عمل فرماتے تھے۔ اور یہ ان میں مشہور و معروف تھا جس پر کسی کو اعتراض و انکار نہ تھا۔ اسی میں امام غزالی سے ہے۔ قد ثبت بالقواطع من جمیع الصحابة الاجتہاد والقول بالرأی والسکوت عن القائلین به وثبت ذلک بالتواتر فی وقائع مشہورة ولم ینکرھا احد من الامة فاورث ذلک علما ضروریا فکیف یترک المعلوم ضرورة: یعنی قطعی دلیلوں سے ثابت ہے کہ جمیع صحابہ کرام اجتہاد و قیاس کو مانتے تھے۔ اور اس کے ماننے والوں پر انکار کرتے تھے اور یہ مشہور واقعوں میں تواتر کیساتھ ثابت ہؤا اور امت میں کسی نے اس کا انکار نہ کیا تو اس سے علم ضروری پیدا ہوا تو جو بات ضروریاتِ دین سے ہے کیونکر چھوڑی جائے گی۔ درمختار باب السیر باب المرتد میں ہے۔ الکفر تکذیبه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی شئ مما جاء به من الدین ضرورة۔ یعنی ضروریات دین نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے کسی شے کا انکار کفر ہے۔ بالخصوص امام الائمہ مالک الازمہ کاشف الغمہ، سراج الامہ سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ سے قیاس سے ان گمراہوں کو جس قدر مخالفت ہے عالم آشکار ہے۔ ان کی کتابیں ظفر المبین وغیرہ امام و قیاسیات امام پر طعن سے مملو ہیں۔ اور فتاویٰ عالمگیری جلد ثانی صـ۹۴ میں ہے۔ رجل قال قیاس ابی حنیفة حق نیست یکفر کذا فی التاتارخانیة۔ یعنی جو شخص کہے کہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا قیاس حق نہیں وہ کافر ہو جائے گا۔ ایسا ہی تاتارخانیہ میں ہے۔ ثانیاً یہ چالاک مصنف خود اقرار کرتا ہے کہ اُسے کسی فریق سے مخالفت نہیں یہ بات لا مذہب بیدین ہی کی ہو سکتی ہے، جسے دین و مذہب سے کچھ غرض نہیں ورنہ دو متخالف فریقوں میں مخالف نہ ہوئی کیونکر معقول

Marfat.com

"ثالثاً لامذہبوں کا اہل سنت کے ساتھ اختلاف مثل اختلاف صحابہ کرام بتانا صراحۃً انہیں اہلسنت بتانا ہے، حالانکہ ہمارے علماء صاف فرماتے ہیں کہ وہ گمراہ بدعتی جہنمی ہیں۔" (الفضل الموہبی اعلحضرت صفحہ ۵۱ طبع الہ آباد انڈیا)

## داخلی فتنے

فتنوں کی دو قسمیں ہیں ایک خارجی اور دوسرے داخلی اور یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ خارجی فتنوں سے داخلی فتنے زیادہ خطرناک اور نقصان دہ ہوتے ہیں۔
اسلام کے خارجی فتنے تمام غیر مسلم اقوام ہیں جو اپنے آپ کو اسلام کے مقابلہ میں مختلف ناموں سے موسوم کرتے ہیں۔ یہودی، عیسائی وغیرہما اور اسلام کے داخلی فتنے وہ لوگ اور وہ طبقے ہیں جو اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں اور انہوں نے شعور یا لاشعور کے تحت ایسے خیالات و مسالک اختیار کر لیے جن کی اسلام میں گنجائش نہ تھی۔ پھر ان میں زیادہ خطرناک وہ لوگ ثابت ہوئے جنہوں نے نہ صرف غلط عقائد و خیالات اپنا لیے بلکہ علماء اہلسنت نے جن ان کی اصلاح کرنا چاہی اور ایسی باتیں کہنے اور لکھنے سے منع کیا جن میں اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں بے ادبی کا پہلو نکلتا تھا تو ان حضرات کو اور ضد چڑھی جس کے نتیجے میں انہوں نے وہ باتیں کہہ دیں اور لکھ ڈالیں جو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں صریح اور بالکل واضح اور کھلم کھلا نہایت ہی بے ادبی قرار پائیں جن میں کسی تاویلِ صحیح کی کوئی گنجائش نہ تھی چنانچہ حضرات علماء دیوبند کی عبادات ان کی کتابوں کے حوالوں کے ساتھ گذریں اور نمبر ۲ غیر مقلد حضرات جمہور نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بھی بدعتی کہہ ڈالا اور خلفاء راشدین میں سے تینوں خلفاء حضرت عمرؓ و عثمانؓ و علی رضوان اللہ علیہ السلام کو اپنے زعم میں نمازِ تراویح کی بیس رکعات کی بدعت کا مرتکب ٹھہرایا اور تین طلاقوں کے مسئلہ میں بھی کہ یہ یک وقت تین طلاقیں تین ہی شمار ہوں گی۔ ان خلفاء اور مجتہدین کو بدعتی ٹھہرایا (معاذ اللہ) بجبہ اجماع و قیاس شرعی کا انکار کیا یہ داخلی فتنے ہیں جنہوں

Marfat.com

نے اسلام کو اندرونی طور پر کمزور کیا۔ اُمت میں انتشار پیدا کیا۔ بھلا سوچئے تو کہ ان عبارتوں کے کتابوں میں لکھنے کی کیا ضرورت تھی؟ سوا اس کے کہ اُمت میں انتشار پیدا ہو متحدہ ہندوستان میں انگریزوں کے قدم مضبوط ہوں۔ اسی لیے مولانا شاہ احمد رضا خان علیہ الرحمۃ نے ان فتنوں کا سختی سے نوٹس لیا چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ:

"کفر اصلی سے ارتداد بدتر ہے، کفر اصلی کی ایک سخت قسم نصرانیت ہے مجوسیت اور اس سے بدتر بت پرستی، اس سے بدتر وہابیت، ان سے بدتر اور خبیث تر دیوبندیت"

(فتاویٰ رضویہ ج ۶ صـ۶)

پھر وہابیوں کے تعصب کی حقیقت کھولتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"وہابی سنیوں کو غیر مسلم مانتے ہیں" (ج ۔ صـ۵)

## روافض

پھر شیعوں کے بارے میں لکھتے ہیں کہ:

"هؤلاء القوم (الى الروافض) خارجون عن ملة الاسلام واحكامهم احكام المرتدين" (ج ۶ صـ۲۵)

"یعنی کہ شیعہ روافض ملت اسلامیہ سے خارج ہیں اور ان مرتدین کے سے ہیں"

## غیر المقلدین

پھر غیر مقلدین جو اپنے آپ کو "اہلحدیث" کہتے ہیں، کے بارے میں لکھتے ہیں۔

"بلاشبہ طائفۂ تالفۂ غیر مقلدین گمراہ بددین اور بحکم فقہ کفار و مرتدین" (ج ۔ صـ۲۳)

مبتدعین مثل وہابیہ و رافضہ و غیر مقلدین اُمت اجابت سے نہیں، کافروں کی طرح

Marfat.com

اُمت ... عوت سے ہیں (لہٰذا اجماع میں ان کا خلاف معتبر نہیں (کما فی کتب الاصول)۔

(ج۔۶۔ صـ۳۴)

جیسا کہ عرف الجادی مصنفہ نواب صدیق خاں میں ہے کہ

اجماع چیزی نیست قیاس مصطلح کہ آنرا دلیل رابع قرار دادہ اند خود مکفی المؤنۃ شد و نماند مگر آنکہ ادلۂ دین اسلام و ملت حقہ خیر الانام منحصر در دو چیز ست یکے کتاب عزیز دو دیگر سنت مطہرہ وماوراے ایں ہر دو کدام حجت نیرہ و برہان قاطع نیست (صفحہ ۳)

اجماع کوئی چیز نہیں قیاس اصطلاحی جسے فقہاء نے چوتھی دلیل قرار دیا ہے خود ہی ناکارہ ہو گیا اور باقی نہ رہا مگر دین اسلام اور ملت خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم کے دلائل دو چیزوں میں منحصر ہیں ایک قرآن کریم اور سنت مطہرہ اور ان دو کے سوا کوئی چیز روشن حجت اور قطعی دلیل نہیں۔

یہ فرقہ غیر مقلدین، جنہیں وہابی بھی کہا جاتا ہے اور جو خود کو اہلحدیث کہتے ہیں کے پیشوا جناب نواب صدیق حسن خان بھوپالی کی تحریر اور اس فرقہ کے مسلک و اعتقاد کی ترجمانی ہے کہ اجماع و قیاس کوئی چیز نہیں ہیں۔ شریعت کے احکام کا ماخذ صرف دو چیزیں ہیں قرآن اور سنت۔

امام اہلسنت شاہ احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں :-

اور آئمہ کرام و علمائے اعلام، حجیت اجماع کو ضروریات دین سے بتاتے اور مخالفتِ اجماع قطعی کو کفر ٹھہراتے ہیں (ج ۶ صـ۳۶) اور (غیر مقلدین) فقہ کے منکر ہیں۔ علمائے کرام فرماتے ہیں۔ قیاس و فقہ کی حجیت بھی ضروریات دین سے ہے۔ تو اس کا انکار ضرور کفر ہونا لازم۔

بالجملہ بحکم فقہ بلکہ بحکم حدیث بھی طائفہ غیر مقلدین پر بوجوہ کثیرہ حکم کفر ہے۔
۶ صـ۱۴۶

Marfat.com

پھر لکھتے ہیں:

"بلاشبہ رافضی تبرائی بحکم فقہاء کرام مطلقاً کافر و مرتد ہے" (ج ۶ ص ۳۶)

تبرائی کا معنی ہے، اصحاب ثلاثہ یعنی سیدنا ابوبکر صدیق و سیدنا عمر فاروق اعظم و سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہم سے بری یعنی ان سے بیزاری اور دشمنی رکھنے والا۔ اصول شیعہ میں تبری و تولی ایمان کا جز ہیں یعنی خلفاء ثلاثہ سے بری ہونا اور دشمنی رکھنا اور علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے محبت رکھنا۔

نیز فرماتے ہیں:

"اب جو اہلحدیث کہلاتے ہیں ضرور اسمٰعیلی و گمراہ ہیں اور دیوبندیہ ان سے گمراہ تر، صریح مرتدین ہیں، علماء حرمین شریفین نے ان کی نسبت تصریح فرمائی کہ مَنْ شَكَّ فِي كُفْرِهِ فَقَدْ كَفَرَ جو ان کے (کفریہ) اقوال سے باخبر ہو کر انہیں کافر نہ جانے بلکہ ان کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے" (ج ۶ ص ۷)

قاسم نانوتوی صاحب نے لکھ دیا کہ "اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا۔" یہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خاتمیت سے صاف انکار ہے اور آیت کریمہ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ کی صریح تکذیب ہے" (ج ۶ ص ۴)

پھر لکھتے ہیں:

"جسے یہ معلوم ہو کہ دیوبندیوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کی ہے پھر ان کے پیچھے نماز پڑھتا ہے۔ اسے مسلمان نہ کہا جائے گا کہ پیچھے نماز پڑھنا اس کی ظاہر دلیل ہے کہ ان کو مسلمان سمجھا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کرنے والے کو مسلمان سمجھنا کفر ہے۔ اسی لئے علماء حرمین شریفین نے بالاتفاق دیوبندیوں کو کافر

Marfat.com

مرتد لکھا اور صاف فرمایا کہ مَنْ شَكَّ فِیْ كُفْرِہٖ وَعَذَابِہٖ فَقَدْ كَفَرَ (ترجمہ) جو ان کے عقائد پر مطلع ہو کر انہیں مسلمان جاننا درکنار ان کے کفر میں شک ہی کرے وہ بھی کافر اور جن کو اس کی خبر نہیں اجمالاً اتنا معلوم ہے یہ بُرے لوگ بدعقیدہ بد مذہب ہیں وہ ان کے پیچھے نماز پڑھنے سے اشد گناہگار ہوتے ہیں اور ان کی وہ نمازیں سب باطل و بیکار۔ واللہ تعالیٰ علیہ (فتاویٰ رضویہ ج۔ ۲ صـ )

اعلیٰ حضرت پھر فرماتے ہیں۔ جو شخص دیوبندیوں کو مسلمان ہی جانے یا ان کے کفر میں شک کرے۔ یہ فتویٰ علمائے حرمین شریفین ایسا آدمی خود کافر ہے کہ مَنْ شَكَّ فِیْ كُفْرِہٖ وَعَذَابِہٖ فَقَدْ كَفَرَ۔ پھر سردارِ مسلمانان ———— (یعنی مولانا اور سید) کیسے ہوسکتا ہے۔ گیارہویں کی نیاز کھالینا (یا میلاد پڑھا لینا) دلیلِ اسلام نہیں۔ بڑے بڑے کٹر وہابی جو اُسے حرام و شرک کہتے ہیں کھانے کو آپ سب دوڑ دوڑ کر جاتے ہیں، ایسا شخص جب تک وہابیہ اور خصوصًا ان دیوبندیوں کو جنہیں علماء حرمین شریفین نے کافر لکھا نام بنام بالاعلان کافر نہ کہے اس کی توبہ صحیح نہیں ہوسکتی۔ (فتاویٰ رضویہ ج۔۶ صـ ۸۸)

تو جناب طاہر صاحب اس کا گول مول جواب دیتے ہیں کہ میں ہر گستاخ رسول کو کافر سمجھتا ہوں۔ اس کے پیچھے نماز پڑھنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ مگر صاف صاف فرقۂ دیوبندیہ و فرقۂ رافضہ شیعہ و فرقہ غیر مقلدین کا نام نہیں لیتے۔ بلکہ ان کو تو اپنے ادارہ کا ممبر بنایا ہوا ہے۔ ان سے ماہانہ چندے لیتے ہیں، پھر اس مکتب فکر کا نام کیونکر لے سکتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ موصوف دوغلہ پالیسی اور منافقانہ چال چل رہے ہیں۔ ایسا شخص کھلے بیدینوں اور گمراہوں سے بدتر ہے۔ بنا بر پاکستان پر ختم نبوت کانفرنس میں سب فرقوں کو ایک طنبورے کے تار قرار دیا۔

## فتویٰ تکفیر کی اہمیت

علماءِ دیوبند کے ترجمان جناب مرتضیٰ حسن دربھنگی (فاضل دیوبند) فرماتے ہیں۔

Marfat.com

"جیسے کسی مسلمان کو اقرار توحید و رسالت وغیرہ عقائد اسلامیہ کی وجہ سے کافر کہنا کفر ہے۔ کیونکہ اس نے اسلام کو کفر بتایا۔ اسی طرح کسی کافر کو عقائد کفریہ کے باوجود مسلمان کہنا بھی کفر ہے۔ کیونکہ اس نے کفر کو اسلام بنا دیا۔ حالانکہ کفر، کفر ہے اور اسلام، اسلام ہے، اس مسئلہ کو مسلمان خوب اچھی طرح سمجھ لیں۔ اکثر لوگ اس میں احتیاط کرتے ہیں حالانکہ احتیاط یہی ہے جو منکر ضروری دین ہو اُسے کافر کہا جائے کیا منافقین توحید و رسالت کا اقرار نہ کرتے تھے؟ پانچوں وقت قبلہ کی طرف نماز نہ پڑھتے تھے؟ مسلیمہ کذاب وغیرہ مدعیان نبوّت اہل قبلہ نہ تھے؟ انہیں بھی مسلمان کہو گے؟ اہل قبلہ کے یہی معنی ہیں کہ تمام ضروریات دین کو تسلیم کرتا ہو۔ (اس سے چند سطور پہلے اسی صفحہ کے شروع میں ہے) اس مسئلہ کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیئے کہ احتیاط شک کی جگہ ہوتی ہے، قطع اور یقین میں احتیاط نہیں ہو سکتی۔ اگر ایک چیز دور سے پوری طرح سے نظر نہیں آتی اور شک ہے کہ شیر ہے یا انسان تو احتیاط کا مقتضی یہی کہ گولی نہ مارے۔ مگر جب قریب سے خوب اچھی طرح دیکھ رہا ہے کہ شیر آرہا ہے خود بھی جانتا ہے اور دوسرے ہزاروں آدمی بھی کہہ رہے ہیں کہ شیر آرہا ہے مگر بھی شکاری صاحب گولی نہیں مارتے اور یہ فرماتے ہیں کہ میں احتیاط کرتا ہوں۔ کہیں یہ آدمی نہ ہو تو یاد رہے کہ اس احتیاط کا نتیجہ یہ ہوگا کہ بے احتیاطی سے اپنی جان اور مسلمانوں کی جان کھو دے گا۔ یہ احتیاط نہیں بے احتیاطی ہے جب ایک شخص نے قطعاً یقیناً ایک ضروری دین کا انکار کیا اور وہ انکار محقق ہو گیا تو اب اس کو کافر نہ کہنا تو خود بے احتیاطی سے کافر اور مرتد ہونا ہے۔۔۔ حالانکہ انبیاء علیہم السلام کی تعظیم کرنی اور توہین نہ کرنا ضروریات دین سے ہے۔" (اشد العذاب ص۹) (پھر فرماتے ہیں: اصل بات یہ عرض کرنی تھی کہ بریلوی تکفیر اور علماء اسلام کا مرزا صاحب اور مرزائیوں کو کافر کہنا اسمیں زمین آسمان کا فرق ہے اگر (مولانا شاہ احمد رضا) خان صاحب (اور دوسرے علماء اہلسنت مع علماء حرمین شریفین) کے نزدیک بعض علماء دیوبند واقعی ایسے ہی تھے جیسا کہ انہوں نے انہیں سمجھا تو خان صاحب (اور علماء حرمین شریفین و دیگر علمائے اہلسنت) پر ان علماء دیوبند کی تکفیر فرض تھی۔ اگر وہ ان کو کافر نہ کہتے تو وہ خود کافر ہو جاتے۔" "کیونکہ جو کافر کو کافر نہ کہے وہ کافر ہے۔" (اشد العذاب ص۱۳/۱۴)

## وھابی کون ھیں؟ اور ان کے عقائد کیا ہیں؟

حضرات علماء دیوبند کے قطب وغوث جناب رشید احمد گنگوہی فتاوی رشیدیہ میں ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں کہ وہابی کون ہیں اور ان کے عقائد کیسے ہیں

"محمد بن عبدالوہاب کے مقتدیوں کو وہابی کہتے ہیں ان کے عقائد عمدہ تھے اور مذہب ان کا حنبلی تھا۔ البتہ ان کے مزاج میں شدت تھی مگر وہ ان کے مقتدی اچھے ہیں مگر ہاں جو حد سے بڑھ گئے ان میں فساد آگیا ہے اور عقائد سب کے متحد ہیں الخ

(فتاوی رشیدیہ ج ۱ ص ۱۱۱ طبع دہلی)

## وھابی ـــــ عقائد

اس کے بعد وہابی عقائد ملاحظہ فرمائیں۔ جنہیں علماء دیوبند کے قطب وغوث عمدہ قرار دے رہے ہیں۔ یہ عقائد وہابی حضرات کی مشہور کتاب "کتاب التوحید" مصنفہ ابن عبدالوہاب نجدی متوفی ۱۲۰۶ھ اور اس کی متعدد شرحات خصوصاً ابن عبدالوہاب نجدی کے پوتے شیخ عبدالرحمن بن حسن متوفی ۱۲۵۸ھ کی تصنیف فتح المجید شرح کتاب التوحید اور قرۃ عمدۃ الموحدین اور الجامع الفرید سے نقل کئے جا رہے ہیں اور الجامع الفرید بجھ کتابوں پر مشتمل ہے۔ ۱۔ کتاب التوحید از شیخ محمد بن عبدالوہاب۔ ۲۔ الزیارۃ مصنفہ شیخ ابن تیمیہ ۳۔ ماکذا نعظم الآثار مصنفہ شیخ عبدالعزیز بن باز ۴۔ تطہیر الاعتقاد شیخ صنعانی ۵۔ شرح الصدور شیخ شوکانی اور الرد علی شبہات المستغیثین بغیر اللہ شیخ احمد بن

Marfat.com

ابراہیم اس مجموعہ کو سعودی حکومت کی طرف سے طبع کرا کر مفت تقسیم کیا جاتا ہے

## وہابی علماء کے نزدیک اس اُمت کے اکثر لوگ مشرک ہیں

شیخ عبدالرحمٰن بن حسن بن شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدی متوفی ۱۲۰۶ھ فتح المجید شرح کتاب التوحید مطبوعہ قاہرہ ۱۳۷۷ھ ملاحظہ ہو۔ وہ اپنے فرقہ وہابیہ کے سوا دنیا بھر کے سب مسلمانوں کو ابوجہل سے بھی بدترین مشرک قرار دیتے ہیں

وہابی مذہب کا بانی امام ابن تیمیہ ہے

چنانچہ فتح المجید شرح کتاب التوحید کے مقدمۃ الطبع شق داد میں لکھتے ہیں۔

" اور مسلمانوں کا معاملہ صوفیہ کی وجہ سے ہمیشہ زوال پذیر رہا۔ یہاں تک کہ باطل، حق اور حق باطل ہو کر رہ گیا اور سنت، بدعت اور بدعت سنت سے بدل گئی۔ حتیٰ کہ ساتویں اور آٹھویں صدی میں شیخ الاسلام احمد بن تیمیہ پیدا ہوئے اور انہوں نے اور ان کے شاگرد ابن قیم نے کتابیں تصنیف کیں اور کما حقہ جہاد کیا پھر ان کے پیروکار مسلسل جہاد کرتے رہے حتیٰ کہ شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب (۱۱۱۵-۱۲۰۶) نے دین کی تجدید کی اور کما حقہ جہاد کیا اور اللہ تعالیٰ نے آلِ سعود کی تلوار کو ان کا ساتھی کر دیا اور اس کے ذریعے انہیں قوت دی۔ آخر اللہ تعالیٰ نے شیخ محمد بن عبدالوہاب کی زبان اور آلِ سعود کی تلواروں کی دھار کے ذریعے دین کا بول بالا کر دیا۔ اس طرح جزیرۃ عرب میں اللہ کا دین اور اس کی نعمت کی تکمیل ہوئی اور اسلام کے نئے سورج کی شعاع سے جزیرۃ عرب جگمگا اٹھا۔ توحید کا غلبہ ہوا اور شرک ذلیل و خوار ہو گیا۔ مقدمۃ الطبع (د)

Marfat.com

اسی کتاب فتح المجید شرح کتاب التوحید میں لکھتے ہیں ۔

۱۔ اس امت کے اکثر متاخرین ایسے ہی شرک میں مبتلا ہو گئے جیسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے قبل جاہلیت کے دور میں لوگ شرک میں مبتلا ہو گئے (صفحہ ۲۰)

۲۔ اصحاب قبور کو وسیلہ ماننے والوں جو اس امت کا اکثر حصہ ہیں، نے خدائی شان کو جس کی قرآن میں مخلوق سے نفی کی گئی تھی اہلِ قبور کے لئے تسلیم کر کے حقیقتِ معنی کو الٹ دیا۔ جب ان کے سب سے بڑے متکلم پیشوا فخر الدین رازی بھی الٰہ (خدا) کے معنی کو نہیں سمجھ سکا۔ تو ان کے عوام کا کیا کہنا (صفحہ ۳۵)

۳۔ ان پانچویں اور چھٹی صدی ہجری کے زمانوں کے شرک زمانۂ جاہلیت کے مشرکوں سے بھی بدتر ہیں کیونکہ وہ تو آرام و راحت کے زمانہ میں اپنے بتوں کو پوجتے اور شرک کے مرتکب ہوتے تھے۔ مگر مصیبت میں اپنے معبودوں کو پکارنا بھول جاتے اور خدا تعالیٰ کو پکارتے تھے۔ لیکن یہ لوگ جو کلمہ پڑھتے ہیں۔ آرام و راحت کے علاوہ تکلیف و مصیبت میں بھی اہلِ قبور کی محبت اور ان کے پکارنے سے باز نہیں آتے اس طرح یہ دونوں صورتوں میں شرک کرتے ہیں (ص ۳۸/۳۹)

۴۔ قرونِ ثلاثہ (صحابہ و تابعین اور اتباع تابعین) کے بعد اس اُمت کے اکثر لوگ شرک میں مبتلا ہو گئے (ص ۴۵/ ۸۲)

۵۔ جس نے میّت (صاحب قبر بزرگ) سے یا کسی غائب سے کسی چیز کا سوال کیا وہ مشرک ہو گیا (صفحہ ۷۰)

۶۔ یہ قبریں بت ہیں۔ اس کے باوجود کہ حضرت ابراہیم اور ان کی اولاد علیہ السلام پیغمبر ہیں۔ ان کو بھی خطرہ تھا کہ کہیں شرک میں نہ مبتلا ہو جائیں تو دوسروں کا کیا حال ہوگا۔ جس شرک سے ابراہیم علیہ السلام ڈرتے تھے قرونِ ثلاثہ کے بعد اس اُمت اکثر لوگ رجتی کر

Marfat.com

ان کیساتھ بافہم لوگ بھی اس شرک میں مبتلا ہو گئے اور قبروں کا احترام کیا جانے لگا اور ان پر گنبد بنا لئے گئے اور اس فعل کو دین ٹھہرا لیا گیا اور یہ قبریں اس طرح کے بت ہیں، جس طرح کے قوم نوح کے اور مشرکین عرب کے لات، عزّیٰ اور منات بت تھے۔ (صفحہ ۷۴)

۷۔ بلاشبہ اکثر لوگ عقیدہ رکھتے ہیں کہ چاروں قطب اور ان کے اوپر ایک قطب غوث ہے وہ کائنات میں تصرف کرتے ہیں۔ شعرانی کی کتابیں پڑھئے اور دباغ کی "الابریز" اور تیجانیہ وغیرہ ایسے گمراہوں اور گمراہ کرنے والوں کی کتابیں پڑھ لیجئے ان کی کتابوں میں تمہیں وہ شرک ملے گا، جو ابوجہل اور اس کے مشرک بھائیوں کے دلوں پر بھی نہ کھٹکا تھا۔ (۷۵)

۸۔ آج کے زمانہ میں روئے زمین کے اکثر علماء شرکانہ عقائد کے سوا توحید میں سے کچھ بھی نہیں جانتے۔ (صفحہ ۷۶)

۹۔ جس نے کسی میّت (قبر والے) کو یا غائب کو پکارا اور اس کی طرف رُخ کیا یا دل سے متوجہ ہوا، اس کی محبت سے یا اس سے ڈر کر، خواہ اس سے کوئی سوال کیا یا نہ کیا، بس اسی بات سے مشرک ہو گیا اور اس کا یہ شرک وہی شرک ہے جسے اللہ تعالیٰ معاف نہ کرے گا۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے کسی کو شفاعت کا ذریعہ بنانے کو حرام ٹھہرایا اور اُسے توحید کے خلاف قرار دیا۔ (صفحہ ۷۷ - ۷۸)

۱۰۔ اس میں ان مشرکوں کی تردید ہے جو بزرگوں کی کرامات کے قائل ہیں۔ (صفحہ ۹۳)

۱۱۔ شرک یہی نہیں کہ بتوں کی پوجا کی جائے۔ نفع کے حصول یا نقصان سے بچنے کی غرض سے اللہ کے سوا کسی نبی و صالح اور فرشتہ کو، قبر والوں اور غائب کو بھی پکارنا شرک ہے وہ شرک کہ جسے اللہ تعالیٰ معاف نہ کرے گا۔ (۹۸ - ۱۰۴)

۱۲۔ صالحین اور بزرگوں کو پکارنے اور ان کے وسیلے کے ساتھ خدا سے مدد طلب کرنے والے یا اس خیال سے بزرگوں سے مدد مانگنے والے کہ ان کو اللہ تعالیٰ نے تصرف و امداد کی طاقت بخشی ہے مشرک ہیں (صفحہ ۹۹)

Marfat.com

۱۳- سلسلوں والے صوفیہ ہی وہ لوگ ہیں، جنہوں نے اپنے مریدوں اور پیروکاروں کی نظروں میں شرک اور اللہ و رسول کے ساتھ کفر کو مزین اور خوبصورت بنا ڈالا۔ ان کے شیطانی طریقے کی بنیاد ہی اپنی تعظیم و تکریم کرانا اور اپنے بارے میں مریدوں کو ڈرانا اور انہیں ایسا ت کا معتقد بنانا ہے کہ وہ اپنے مرید کے دل کے حال کو جانتے ہیں۔ لہٰذا وہ ان کی زندگی میں اور ان کے مرنے کے بعد اُن کی تعظیم کریں۔ اس قسم کی گمراہی اور کفر شعرانی کی کتابوں میں بھرا پڑا ہے اور جیسے قیامت کے دن بُت اپنے پجاریوں سے بری ہو جائیں گے۔ یوں ہی۔ (اہل بیت میں سے) حسینؓ اور اس کے بھائی اور اس کا باپ (علیؓ) اور اس کے بیٹے امام شافعیؒ مصر میں اور ابو حنیفہؒ اور عبد القادرؒ بغدادی اور ایسے ہی ان کے بڑے، قیامت کے دن ان مشرکوں (سنیوں) سے برائت کا اظہار کریں گے۔ (صـ۱۰۹)

۱۴- صالحین اولیاء اللہ کو پکارنے والے مشرک ہیں اور ان کا یہ شرک۔ شرک اکبر (سب سے بڑا شرک اور کفر ہے (صـ۱۱۴)

۱۵- ہمارے زمانہ کے مشرک اپنے خداؤں سے جنہیں وہ اولیاء کہتے ہیں، اللہ سے بڑھ کر محبت کرتے ہیں، بلکہ جاہلیتِ اولی کے مشرکین جو اپنے خداؤں سے محبت کرتے تھے یہ ان سے بڑھ کر اپنے خداؤں سے محبت کرتے ہیں (۱۱۵)

۱۶- جس نے کسی درخت یا پتھر یا کسی جگہ یا کسی قبر وغیرہ کو بابرکت سمجھا وہ مشرک و کافر ہو گیا (من تبرك بشجر او حجر ونحوهما كبقعة وقبر ونحو ذلك اى فهو مشرك) (صـ۱۳۳)

صالحین کی قبروں کو بابرکت سمجھنا ایسے شرک ہے جیسے لات و عزیٰ اور منات (مشرکین کے بتوں) کی عبادت کرنا بلکہ یہ مشرکین کے اس شرک سے بھی بڑھ کر شرک ہے۔ (صـ۱۳۶)

۱۷- بہت سے علماء (اہل سنت) اور عوام اس زمانہ میں قبروں کے ساتھ جو زیارت

وادب (احترام وتبرک کا) معاملہ کرتے ہیں۔ یہ وہ گناہ (شرک) ہے جسے خدا تعالےٰ معاف نہ کرے گا۔ جب بعض صحابہ کرام تک شرک کو اچھا سمجھنے اور اس میں مبتلا ہونے لگے تھے (مگر انہیں حضور نے منع کر دیا) تو باقی اُمت کا کیا ہوگا، مصر میں حسین و زینب رضی اللہ عنہما کی قبریں ہیں. جہاں شرک ہوتا ہے اور عبدالعزیز دباغ جیسے گمراہ کا عقیدہ ہے کہ ایک ولی اللہ کے تین سو ساٹھ (مثالی) جسم ہو سکتے ہیں اور مصر کے علاوہ دوسرے ملکوں میں قبروں پر شرک ہوتے ہیں۔ خدا تعالےٰ ان کو جلدی ایسے ہی شرک سے پاک کرے جیسے حجاز (عرب) کو جلالۃ الملک عبدالعزیز آل سعود کے ہاتھ سے پاک کیا (صہ ۱۳۹)

یہ مشرکین قبروں پر عرس اور ان کے یوم پیدائش مناتے ہیں۔ جیسے مصر میں احمد بدوی کا یوم پیدائش منایا جاتا ہے۔ یہ شرک ہے بلکہ شرک سے بڑھ کر ہے۔ (صہ ۱۰۰)

۱۹۔ جو شخص کسی نبی یا ولی کو یوں پکارے ((یاسیدی فلان انصرنی او اغثنی (الی ان قال) فکل ھذا شرک وضلال یستتاب صاحبہ فان تاب والا قتل)) یا سیدی فلاں میری مدد کیجئے۔ یہ شرک اور گمراہی ہے۔ ایسا کہنے والے سے کہا جائے گا کہ توبہ کرے اگر وہ توبہ کرے تو بہتر ورنہ اُسے قتل کر دیا جائے گا۔

(صہ ۱۶۷)

۲۰۔ تیجانی مشرک خبیث اور ابن عربی حاتمی وحدۃ الوجود کا سب سے بڑا داعی اور ابن القارض اور ان جیسے جنہیں لوگ ولی معبود سمجھتے ہیں۔ کیونکہ ان کی قبروں پر عظیم الشان گنبد بنائے گئے۔ الخ (فتح المجید صہ ۱۷۹)

۲۱۔ امام بوصیری قصیدہ بردہ شریف حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں :- ؏

یا اکرم الخلق مالی من الوذبہ

سواک عند حلول الحادث العمم

کہہ کر شرک کا مرتکب ہوا۔ (فتح المجید ص۲۲۰/۲۲۶)

۲۲- محی الدین ابن عربی روئے زمین کا سب سے بڑا کافر تھا (فتح المجید ص۲۲۱)

۲۳- جو لوگ کلمہ گو ہو کر قبروں اور اولیاء سے روحانی امداد اور حصول برکات کا عقیدہ رکھتے ہیں۔ بُت پرستوں سے بڑھ کر مشرک ہیں۔ ان کی نیتوں کا کوئی اعتبار نہیں کہ ہم ان کو دل میں خدا کا شریک اعتقاد نہیں کرتے یہ لوگ ہر صورت مشرک ہیں بلکہ مشرکوں سے بھی بدتر کافر اصلی ہیں (الجامع الفرید ص۵۰۳ مطبوعہ جدہ سعودی عرب)

یہ وہابیوں کے عقائد ہیں جن کی رو سے روئے زمین کا کوئی اہلسنت مسلمان مشرک قرار پائے بغیر نہیں رہتا۔

۲۴- اس امت کے اکثر متاخرین شرک میں مبتلا ہو گئے، جیسے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے جاہلیت کے لوگ مبتلا ہوئے، متاخرین اُمت قبر دل۔ زیارت گاہوں کی عبادت میں لگ گئے، جیسے جاہلیت کے لوگ لات وعزی منات اور ہبل وغیرہ بتوں کی پوجا کرتے تھے۔ اور انہوں نے اس شرک کو دین ٹھہرایا جاہلیت کے دور کے مشرک اس اُمت کے اکثر لوگوں کی نسبت " لا إله الا الله کے معنی کو زیادہ جانتے تھے، خصوصًا اس اُمت کے متاخرین علماء سے بھی بڑھ کر ان علماء میں سے ایسے بھی ہیں (امام فخر الدین رازیؒ جیسے) جنہیں بعض احکام اور علم کلام پر خاصا درک وفہم حاصل ہے تو یہ علماء توحید عبادت سے جاہل رہے تو توحید کے خلاف جاہلیت میں جا گرے، اس اُمت کے اکثر متاخرین (صحابہ وتابعین وتبع تابعین کے بعد والوں) کی عبادت میں شرک اور بدعت شامل ہو گئی (الجامع الفرید ص۶)

۲۵- اس اُمت کے آو[illegible] (صحابہ وتابعین وتبع تابعین کے بعد والے) مشرک لوگ اس توحید کے منکر ہو گئے، جس کے جاہلیت کے دور کے لوگ منکر ہوتے تھے۔

(الجامع الفرید ص۱۱)

Marfat.com

۲۶ - "اور یہ یقین جان لینا چاہیئے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا وہ اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی ذلیل ہے"۔ (تقویۃ الایمان مصنفہ اسمٰعیل دہلوی صہ ۱۲)

جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں"۔ (تقویۃ الایمان صہ ۳۴)

"حضور علیہ السلام بے حواس ہو گئے"، (تقویۃ الایمان صہ ۴۶)

"انبیاء کرام بالخصوص حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے بڑے بھائی ہیں اور ہم آپ کے چھوٹے بھائی ہیں۔ سو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم بڑے بھائی کی سی کرنا چاہیئے۔"

اولیاء اللہ وانبیاء وامام زادہ پیر و شہید یعنی جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں وہ انسان ہی ہیں اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی مگر ان کو اللہ بڑائی دی وہ بڑے بھائی ہوئے ہم کو ان کی فرمانبرداری کا حکم ہے ہم ان کے چھوٹے ہوئے (تقویۃ الایمان صہ ۵۸)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر بہتان کہ آپ نے فرمایا کہ میں بھی ایک دن مرکر مٹی میں ملنے والا ہوں۔" (صفحہ ۵۰)

"جیسا کہ ہر قوم کا چوہدری اور ہر قوم کا سردار سو ان معنوں کر ہر پیغمبر اپنی امت کا سردار ہے۔" (تقویۃ الایمان صہ ۶۳)

اس تقویۃ الایمان کتاب کے بارے میں علماء دیوبند کے مرشد جناب رشید احمد گنگوہی صاحب فرماتے ہیں کہ

"بندے کے نزدیک سب مسائل اس کے صحیح ہیں اور تمام تقویۃ الایمان پر عمل کرے۔" (فتاویٰ رشیدیہ ج ۱ صہ ۱۱۴)

"اولیاء کرام کو انبیاء کا شاگرد بھی کہہ سکتے ہیں اور ان کا ہم استاد بھی کہہ سکتے ہیں اور ان کے باطن پر وحی بھی نازل ہوتی ہے۔ (صراط مستقیم اسمٰعیل دہلوی صہ ۲۵)

"نماز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دل میں خیال لانا اپنے گدھے اور بیل کی صورت میں مستغرق ہونے سے بھی برا ہے۔ (صراط مستقیم صہ ۱۳۶)

Marfat.com

یہ وہ عقائد ہیں جو ابن عبدالوہاب نجدی سے لے کر ہندوستان کے اسمٰعیل دہلوی جنہیں شاہ اسمٰعیل شہید کہتے ہیں تک وہابیوں میں آرہے ہیں۔ پھر علما دیوبند نے ان عقائد کو اپنے مرشد رشید احمد گنگوہی کے ذریعے قبول کیا۔ ان کے علاوہ غضب در غضب یہ کہ انہوں نے اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں وہ گستاخیاں اور بےادبیاں کیں کہ کسی کھلے کافر کو بھی اس کی مجال نہ تھی اور وہ گستاخیاں اُن کے عقائد میں بدل گئیں۔

## علماء و مشائخ اہلسنت کی تکفیر

قارئین کرام! ان وہابی حضرات کے خیالات آپ نے ملاحظہ فرمائے تھے کہ ان کی نظروں میں خود ان کی اپنی ذات (وہابی عقیدہ والوں) کے سوا دنیا میں کوئی مسلمان نہیں ہے، سب کے سب مشرک اور کافر بلکہ زمانۂ جاہلیت کے مشرکین اور کفار سے بھی بڑھ کر مشرک و کافر ہیں۔ اور ساتھ ہی اکابرین و ائمہ اہلسنت حضرت شیخ امام عبدالوہاب شعرانی، حضرت امام تیجانی، حضرت امام عبدالعزیز دباغ، حضرت امام فخرالدین رازی اور حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی صاحب فتوحات مکیہ اور حضرت امام شرف الدین بوصیری صاحب قصیدہ بردہ شریف رضی اللہ عنہم کو ان کے نام لے کر سب سے بڑے مشرک اور سب سے بڑے کافر ٹھہرا رہے ہیں تو باقی مسلمانوں کا کیا عالم ہوگا۔ جو ان بزرگوں کو اپنا روحانی پیشوا مانتے ہیں، حنفی، شافعی و مالکی وحنبلی چاروں فقہ والے ان مشائخ و علماء حق کے علوم و معارف سے اکتساب فیض کرنے والے ہیں، یہ سب کے سب مشرک و کافر ہوگئے۔ اس کے بعد ان وہابیوں کے سوا جو پوری دنیا کے مسلمانوں کے مقابلہ میں مٹھی بھر ہیں کون مسلمان رہا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ط کیا اس کو فروعی اختلاف کہتے ہیں۔ جناب طاہر صاحب اور جسٹس صاحب غور فرمائیں کہ کیا کفر و اسلام کی نوعیت کا اختلاف بھی فروعی نوعیت کا ہوتا ہے؟ تو پھر اصولی اختلاف کیا ہوگا؟

Marfat.com

# امام عبدالغنی نابلسی کا ان ائمہ کرام اور انکے منکرین کے بارے میں فرمان

اب امام عبدالغنی نابلسی علیہ الرحمۃ استاذ و شیخ امام ابن عابدین صاحب علیہ الرحمۃ فتاوی شامیہ کا ان ائمہ دین اور اُن کے منکرین کے بارے میں فرمان بھی ملاحظہ فرمائیں ۔امام ابن عربی ، ابن الفارض ، ابن سبعین ، عفیف تلمسانی ، جیلانی ، رومی کے منکر گمراہ اور منافق ہیں۔

کما وقع من المنکرین علی ابن العربی وابن الفارض وابن سبعین والعفیف التلمسانی والجیلی والجلال الرومی وامثالھم فان من انکر علیھم فقد انکر العلم الباطن ومن انکر العلم الباطن ومن انکر العلم الباطن فقد انکر اسرار الشریعۃ المحمدیۃ فھو متبدع وضال وانما ھو مؤمن بحسب ظاھر الشریعۃ کایمان المنافق

اس کا مفہوم یہ ہے کہ (کچھ علماء ظاہر علم باطن کے منکر ہیں جو اہل معرفت کو نہیں مانتے) جیسے ان منکروں میں سے امام ابن العربی ، ابن الفارض ، ابن سبعین والعفیف التلمسانی و جیلانی اور جلال رومی ایسے اہل معرفت کے منکرین ہیں ، بلاشبہ جو ان کا منکر ہو وہ علم باطن کا منکر ۔ اور جو علم باطن کا منکر ہے وہ شریعت کے رموز کا منکر ہے۔ پس وہ بدعتی (اہلسنت سے خارج) اور گمراہ ہے اور وہ ظاہر شریعت کے اعتبار سے ہی مؤمن ہے۔ جیسا کہ منافق کا ظاہری ایمان ہے۔

(الحدیقۃ الندیۃ شرح الطریقۃ المحمدیۃ)

(ج ۱، صـ ۶۴۸، ۶۴۹)

یہ علامہ امام عبدالغنی نابلسی حنفی علیہ الرحمۃ متوفی ۱۱۴۳ھ علامہ امام سید ابن

Marfat.com

عابدین شامی علیہ الرحمۃ کے استاذ و شیخ ہیں۔ فرماتے ہیں، امام محی الدین ابن العربی امام ابن الفارض و ابن سبعین و امام عفیف تلسمانی و امام السید الشیخ عبدالقادر جیلانی غوث اعظم و امام جلال الدین رومی صاحب مثنوی ایسے مشائخ اہلسنت کے منکر اہلسنت سے خارج اور گمراہ ہیں اور ان کا ایمان منافقوں کے ایمان کی طرح محض ظاہری ہے۔ گویا وہابی لوگ اسلام میں محض کلمہ گو ہیں۔ یعنی زبانوں سے کلمہ پڑھنے والے نہ کہ دل سے اس لئے یہ اختلاف ہرگز فروعی نہیں بلکہ اصولی ہے۔ لہٰذا یہ لوگ زندیق و بے دین ہی ٹھہرے۔

## تبلیغی جماعت کے بزرگوں کا اقرار کہ وہ وھابی ہیں۔

اس کے بعد تبلیغی جماعت کے بزرگوں جو دیوبندی مذہب کے اکابر ہیں، کا اقرار بھی ملاحظہ فرمایئے کہ وہ وہابی ہیں۔ علماء دیوبند کے معروف بزرگ عالم جناب منظور احمد نعمانی نے اپنے ماہنامہ الفرقان میں لکھا ہے، جو لکھنؤ سے نکلتا ہے کہ انہوں نے علماء دیوبند کے شیخ الحدیث ذکریا سے کہا کہ

"ہم خود اپنے بارے میں بھی صفائی سے عرض کرتے ہیں کہ ہم بڑے سخت "وہابی" ہیں۔" (ماہنامہ الفرقان لکھنؤ مولانا محمد یوسف نمبر صـ۲۳) (سوانح مولانا محمد یوسف صـ۱۹۱)

انہوں نے جواب دیا۔ "میں خود تم سے بڑا "وہابی" ہوں"

(ماہنامہ الفرقان مذکور صـ۲۴ و سوانح مولانا محمد یوسف صـ۱۹۱)

Marfat.com

# حرفِ آخر

راقم نے ان تہتر فرقوں کی ضرورت کی حد تک تفصیل بیان کی ہے اگر اس سے زیادہ تفصیل دیکھنا مطلوب ہو تو مولانا علامہ نجم الغنی علیہ رحمۃ اللہ رامپوری کی کتاب "مذاہبِ اسلا[م]" کا مطالعہ کریں اس سے زیادہ مفصّل کتاب اُردو میں نہیں ہے۔ نیز پھر ایک بار عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک کے فرقے شیعہ، وہابی (غیر مقلد ہوں یا دیوبندی حضرات یا مودود[ی] ازم والے) ان سب سے اہلسنّت وجماعت کو ہمدردی ہے۔ اس لیے ہم بص[د] نیازی مندی سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اپنے خیالات پر نظرِ ثانی فرمائیں۔ اگر ضرورت محسوس [ہو] تو آپس میں مل بیٹھیں اور کسی تعصّب و عناد کے بغیر محض رضائے الٰہی اور امت کے اِ[تحاد] اتفاق اور غلبۂ اسلام کے لیے ان عبارات و خیالات کو جو انتشارات کا باعث بنیں۔ جن پر کے فتوے علماءِ حرمین شریفین نے بھی عائد فرمائے چھوڑ دیں اور کتابوں سے نکال دیں بلکہ ان کتابوں کا چھاپنا ہی بند کریں۔ جن میں یہ عبارات گستاخانہ موجود ہیں۔ بلکہ ان عبارات سے او[ر] اُن کے قائلین سے برأت کا اظہار و اعلان فرمائیں۔ کیونکہ ہمارے آقا و مولا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سب کے نبی و رسول ہیں اور ہمارے مشترکہ اکابر خلفائے راشدین و ائمہ مجتہدین ان کے سلسلہ کے تلامذہ ہیں جو دیوبند و بریلی کے علماء کے نزدیک متفق علیہ علمی شخصیتیں ہیں۔ بس ان کے راستے اُن کی تعلیمات اور ان کے فیصلوں کو اپنا راہنما بنا کر چلیں۔ سب اختلافات ختم ہو جائیں گ[ے]

فقط قادری

Marfat.com

DATA ENTERED

362

# ۷۳
# اسلامی فرقے
## اور ان کی
# تاریخ و عقائد

الشاہ مفتی غلام سرور قادری

ناشر
مکتبہ مصباح القرآن
جامعہ غوثیہ رضویہ مین مارکیٹ گلبرگ لاہور فون ۸۷۴۲۳۹۶۵

Marfat.com